# بیاض محمدی

مع

# علاج الامراض

www.KitaboSunnat.com

تالیف

حکیم مدثر محمد خان

ادارہ طبیب حاذق شاہدولہ روڈ گجرات

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

# کتاب و سنت (محدث) لائبریری

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

## معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب و سنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق و اجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- بسا اوقات کسی کتاب کو اس کی مجموعی افادیت کے پیش نظر پبلش کر دیا جاتا ہے جس کے مندرجات سے ادارہ کا کلی اتفاق ضروری نہیں۔
- **دعوتی مقاصد** کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

## تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے
کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی
کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے
درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

library@mohaddis.com

www.KitaboSunnat.com



جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں


نام کتاب: بیاض محمدی مع علاج الامراض

مؤلف: حکیم رانا مدثر محمد خان (گولڈ میڈلسٹ)

طبع اول: جنوری ۲۰۰۹ء

ناشر: نعیم اختر ضیاء ایم اے

ترتیب و پیشکش: عثمان نعیم

مطبع گنج شکر پرنٹرز

قیمت: -/125 روپے


# ادارہ طبیبِ حاذق

شاہ دولہ روڈ گجرات

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# بیاض محمدی

# مع

# علاج الامراض

## مجربات

شمس الحکماء حکیم عطا محمد خاں چتاملویؒ
حاذق الطب حکیم محمد یعقوب خاں نباضؒ
الحاج ڈاکٹر حکیم محمد اکرم خاںؒ
مولانا حکیم محمد بن یعقوب آلِ مبارک

مؤلف
حکیم رانا مدثر محمد خان (گولڈ میڈلسٹ)

ادارہ طبیب حاذق
شاہدولہ روڈ۔ گجرات

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# ہاتھ کنگن کو آرسی کیا

(از حکیم مرزا شوکت علی مغل' صدر تحریک تجدید طب' سمندری)

نحمده ونصلی علی رسوله الکریم' اما بعد:

عزیزم حکیم رانا مدثر محمد خاں صاحب نے اپنی تالیف "بیاض محمدی مع علاج الامراض" پر کچھ لکھنے کے لیے میرے جیسے کم علم شخص کا انتخاب کیا۔ یہ ان کی عالی ظرفی اور وسعت قلبی کا ثبوت ہے اور میری قدر افزائی۔

اس تالیف کی ترتیب' تدوین اور تبویب میں مستند اور معروف طبی کتب کو پیش نگاہ رکھنے کے علاوہ طبی برادری کے کئی دوست و احباب' جن کے اسماء گرامی "عرض مولف" میں درج ہیں' سے مشاورت میں مولف نے ذرہ بھر بخل سے کام نہ لیا۔ حکیم صاحب موصوف وقتاً وفوقتاً مجھ سے مشورہ کرتے رہے ہیں۔ اس پر میں ان کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے مجھے فن طب کی خدمت کا موقع دیا۔

حکیم صاحب موصوف کے خاندان میں سلسلۂ طبابت کئی پشتوں سے چلا آرہا ہے۔ ان کے آباء و اجداد کی حذاقت وطبابت کا شہرہ دور دور تک پھیلا ہوا ہے۔ اس تالیف میں انہوں نے اپنے آباء و اجداد اور دوست واحباب کے مجربات درج کیے ہیں۔ اس کی تدوین میں انہوں نے دن رات ایک کر دیا ہے۔ ؏

نہ ستائش کی تمنا نہ صلے کی پرواہ

مقصد تالیف معیار کی کسوٹی پر بارہا مرتبہ پرکھے جانے والے نسخہ جات کو طبی برادری کے لیے پیش کرنا ہے تاکہ فن طب سے وابستہ طبقہ مستفید ہو سکے۔ معیاری اور مجرب نسخہ جات کے حصول کے لیے موصوف دوست واحباب سے رابطے میں رہتے ہیں اور اخفاء نسخہ مجربہ کو گناہ عظیم تصور کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



اس کتاب میں جہاں قیمتی اور محنت طلب مجربات کو شامل کیا گیا ہے وہاں نہایت سہل الحصول، قلیل الاجزاء اور کثیر الفوائد کم قیمت نسخہ جات کی بھی کمی نہیں ہے۔ بعض مجربات تو ایسے ہیں جنہیں آپ فوائد کے اعتبار سے قیمتی مجربات کے مقابلے میں رکھ سکتے ہیں۔ فوائد میں رسائنوں اور یاقوتیوں کے ہم پلہ اور قیمت کچھ بھی نہیں بالکل مفت۔ دو یا تین اجزا والے نسخے کو علاج بالمفردات ہی سمجھنا چاہیے۔

نیز کتاب کی ترتیب کو خوب سے خوب بنانے کی ہر ممکن کوشش کی گئی ہے۔ یہ کتاب جہاں امراء و رؤساء کی تفریح طبع کا سامان موجود ہے وہاں یہ غربت و افلاس کے ستائے ہوئے لوگوں کے لیے بھی کسی نعمت غیر مترقبہ سے کم نہیں ہے۔ امید ہے عوام وخواص مجھ سے اتفاق کریں گے۔

اس کتاب کے آخر میں عوام الناس اور طبی برادری کو خالص پاکستانی طریق علاج ”قانون مفرد اعضاء“ سے روشناس کرانے کی ادنیٰ سی کوشش کی گئی ہے۔ کیونکہ یہ ایک ایسا طریق علاج ہے جس سے دنیا بھر میں لاکھوں افراد لا علاج امراض کے پنجۂ استبداد سے نجات حاصل کر کے پرسکون زندگی گزار رہے ہیں اور موجد طریق ہذا جناب حکیم انقلاب المعالج ڈاکٹر دوست محمد صابر ملتانی مرحوم کو دعائیں دے رہے ہیں۔

آخر میں بارگاہِ الٰہی میں دست بدعاء ہوں کہ مولف موصوف کا زورِ قلم زیادہ کرے اور انہیں صحت و ہمت عطا فرمائے کہ وہ ملک و قوم اور فن طب کی کما حقہ خدمت کر سکیں۔

کتاب آپ کے ہاتھ میں ہے۔ بمصداق ”ہاتھ کنگن کو آرسی کیا“ مطالعہ کے بعد آپ بھی میرے ہمنوا بن جائیں گے۔ فقط

**وما توفیق الا باللہ العلیم العظیم**

حکیم شوکت علی مغل (گولڈ میڈلسٹ)
صدر تحریک تجدید طب سمندری 0343-7837483

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



# عرضِ مؤلف

زبدۃ الحکماء حکیم محمد عبدالرحیم جمیل رحمہ اللہ مرحوم و مغفور کا یہ قول کس قدر مبنی بر حقیقت ہے کہ علم طب کے حصول کے بعد صحیح مجربات کا حصول ہی کسی طبیب کی کامیابی کا ذریعہ ہو سکتا ہے مگر بدقسمتی سے ہمارے ملک میں بخل کا مرض نہایت بری طرح مسلط ہو چکا ہے' جس کی وجہ سے ہزاروں بیش بہا مجربات زیر زمین چلے گئے اور آج تک لوگوں میں اس کے متعلق حکایات مشہور ہیں۔ زمانہ حاضرہ میں جب کہ طب یونانی بے سروسامان اور لاوارث ہے۔ صرف صحیح مجربات ہی اس کی شہرت و مقبولیت کا باعث ہیں اور یہی ایک کشش ہے جو لوگوں کو اس کی طرف متوجہ کر رہی ہے' ورنہ طب جدید کے لیے موجودہ حکومت کی سرپرستی' اس کے بہترین سازوسامان' نفیس ترین' قلیل المقدار اور خوش ذائقہ ادویات' خوش پوش نوجوان ڈاکٹر غرضیکہ تمام ظاہری شان و شوکت کو ساتھ لے کر بھی طب جدید ہماری توجہ کو اپنی طرف کھینچنے میں کام کر رہی ہے۔ اور اس وقت بھی پچانوے فی صد لوگ طب یونانی کی کرامت کے قائل ہیں۔ اور اسی طریق علاج کو اپنے لیے ذریعہ شفا سمجھتے ہیں۔ یہ صرف مجربات کی برکت ہے۔

"ہندوستان میں طب یونانی کے عروج کے وقت سے ہی مجربات کو ایک خاص درجہ حاصل ہے مگر جوں جوں بخل کی وجہ سے یہ درِ نایاب کم ہونے لگے' لوگوں کو ان کے حصول کے لیے زیادہ خواہش پیدا ہوئی۔ بہت سے اہل دل حضرات نے اپنے سینے کے راز کھول کر اپنی برادری کے سامنے رکھے مگر ھل من مزید کا نعرہ برابر بلند ہوتا رہا۔

طبیب حاذق ہی ہندوستان میں پہلا طبی ادارہ ہے جس نے بخل کے خلاف جہاد شروع کیا' اطباء کی ایک جماعت کو اپنے ہم خیال بنایا' اپنے مجربات کو بلا بخل پیش کیا اور

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



دوسرے اطباء کو اس کی تلقین کی۔ بفضل اللہ اس کا کافی اثر ہوا اور اطباء کی ایک جماعت نے بخل کے خلاف جہاد کر کے ایک نئی جماعت کا قیام کیا جو بحمد للہ روز بروز ترقی کر رہا ہے۔ ادارہ نے اس سلسلہ میں مالی، بدنی غرضیکہ ہر قسم کی قربانی کی اور کرنے کے لیے تیار ہے۔"

حکیم صاحب موصوف کے یہ ارشادات قیام پاکستان سے قبل ان کی عظیم الشان تالیف "معمولاتِ جمیل" میں مرقوم ہیں۔

میرے دادا اور پردادا طبیب حاذق کی اس تحریک میں سرگرم عمل رہے، جس نے ساری زندگی مسلک بخل شکنی کو اپنا مطمعِ نظر بنایا۔ اسی بناء پر بانی ادارہ طبیب حاذق کے پوتے محترم جناب حکیم نعیم اختر صاحب ایم اے موجودہ سربراہِ ادارہ اور ہمارے عزیز دوست برادرم حکیم ڈاکٹر شہباز حسین اعوان سوہدروی نے ترغیب و تحریض دلائی کہ میں اپنے خاندان کے بزرگ اطباء کے مجربات کو کتابی صورت میں مرتب کروں اور ادارہ طبیب حاذق گجرات اس کو شائع کرے۔ لہٰذا میں نے والد مکرم کی اجازت اور ہدایت پر مجربات کو مختلف اجزا، اوراق اور صدور سے جمع کر کے مرتب شکل میں قرطاس پر منتقل کرنے کا عزم بالجزم کر لیا اور ڈیڑھ ماہ کی قلیل مدت میں چھ صد کے لگ بھگ مجربات ترتیب دے دیے۔ اور مجربات کے اس مجموعے کا نام "بیاض محمدی مع علاج الامراض" تجویز کیا۔ بیاض محمدی دراصل شمس الحکماء حکیم عطاء محمد خاں مرحوم و مغفور ہی نے اپنے مجربات کے مجموعے کا نام رکھا تھا۔ میں نے اسی کو برقرار رکھا اور اس کے ساتھ علاج الامراض کا اضافہ کیا۔ یہ اضافہ کتاب کی ترتیب اور مجربات کی فہرست کو مدنظر رکھتے ہوئے بعض مخلص دوستوں کے مشورے سے کیا۔

مجھے اس بات کا اعتراف ہے کہ میں اس میں اپنے بزرگوں کے تمام مجربات بالخصوص روحانی علاج معالجہ سے متعلق جمع نہ کر سکا۔ اب اس کے دوسرے حصے میں روحانی اور ادویاتی مجربات کے علاوہ علاقے کے دو مرحوم طبیبوں کی بیاضوں سے منتخب مجربات درج کروں گا۔ ان شاء اللہ

حسبِ دستور ابتدا میں خاندان کے چند بزرگوں کے مختصر سوانح بھی لکھ دیے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ہیں۔ اور بطور مقدمہ حکیم حافظ جلیل احمد انصاری مرحوم و مغفور کا نصف صدی قبل تحریر کیا گیا مضمون بعنوان "علمی روشنی میں مجربات کی اہمیت" قارئین با تمکین کی خدمت میں پیش کیا ہے کہ یہی میرے ضمیر کی آواز ہے۔

آخر میں "طب مفرد اعضاء علاج بالغذا" کا مختصر تعارف حیطہ تحریر میں لایا گیا ہے تا کہ قارئین اس جدید ترین، علمی، سائنسی اور سب سے بڑھ کر خالص پاکستانی طریق علاج سے استفادہ کر سکیں کیونکہ اس طریق کے موجود جناب حکیم انقلاب المعالج ڈاکٹر دوست محمد صابر ملتانی مرحوم و مغفور کے بانی ادارہ طبیب حاذق سے گہرے دوستانہ تعلقات تھے۔ دونوں معاصروں میں بہت سی خوبیاں مشترک تھیں۔ رحمہما اللہ تعالیٰ

میں حکیم ڈاکٹر مرزا شوکت علی مغل، صدر تحریک تجدید طب سمندری کا بے حد شکر گزار ہوں کہ انہوں نے اپنی گوناگوں مصروفیات کے باوصف اس فقیر کی درخواست پر پورے مسودے کو دیکھا اور حتی الامکان ہر نسخے کا طب مفرد اعضاء کی روشنی میں مزاج مقرر کیا۔ اور کتاب کا پیش لفظ تحریر فرمایا۔ لہٰذا اب طب قدیم کے پریکٹیشنرز کے ساتھ طب مفرد اعضاء کے معالجین بھی اس سے بھرپور استفادہ کر سکیں گے۔

میں ان تمام دوست و احباب اور بزرگوں بالخصوص والد محترم مولانا حکیم محمد بن یعقوب فاضل مدینہ یونیورسٹی، حکیم محمد شریف، صدر تحریک تجدید طب فیصل آباد، حکیم ایس کے رحمان تلمیذ شہید پاکستان حکیم حافظ محمد سعیدؒ، حکیم حاجی رشید احمد صدر پیم سمندری، حکیم عبدالحفیظ تبسم صدر پاکستان طبی کانفرنس سمندری، حکیم مرزا شوکت علی مغل صدر تحریک تجدید طب سمندری، حکیم شبیر احمد ران پرنسپل حکیم انقلاب میڈیکل کالج گوجرانوالہ، حکیم شہباز حسین اعوان سوہدروی، حکیم زبیر حمید روپڑی، حکیم عبدالنبی، حکیم ملک محمد جاوید، حکیم رانا وجیہ اللہ خان، حکیم مبشر ربانی، حکیم محمد عظیم حاصلپوری، حکیم حافظ قمر حسن مرزا، حکیم محمد نعیم اختر سیالکوٹی، حکیم محمد یوسف انصاری، مولانا حکیم فاروق اعظم کاشفی، مولانا محمد رمضان یوسف سلفی سابق ایڈیٹر صدائے ہوش لاہور، حکیم سید اصغر علی شاہ، حکیم حافظ محمد زکریا اور حکیم ندیم اختر ضیا کی کہ ان کی اعانت، مشاورت اور رہنمائی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



اور تمام قارئین سے گزارش کرتا ہوں کہ علم المجربات کی حقیقت کو سمجھنے کے لیے جناب حکیم انقلاب کی تصنیف ''تحقیقات علم المجربات'' کا ضرور مطالعہ فرمائیں۔ فقط

السعی منیؔ والا تمام من اللہ تعالیٰ

منتظر آراء و تجاویز
حکیم رانا مدثر محمد خان (گولڈ میڈلسٹ)
چک نمبر ۴۸۵ گ ب
سمندری، فیصل آباد
0346-4856785

☆☆☆

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# شمس الحکماء حکیم مولوی عطا محمد خاں چتاملویؒ

شمس الحکماء حکیم مولوی عطا محمد خاں چتاملوی مرحوم و مغفور 1875ء کو پتی مودا' موضوع چتاملہ' تحصیل روپڑ' ضلع انبالہ' متحدہ ہندوستان میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد گرامی کا نام نامی چودھری مبارک خاں راجپوت تھا۔ وہ علاقے کے معروف نیک سیرت انسان تھے۔ مغل بادشاہ جلال الدین اکبر کے عہد میں حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کی دعوت و تبلیغ پر لبیک کہتے ہوئے حکیم صاحب موصوف سے گیارہ پشتیں اوپر یہ خاندان دائرہ اسلام میں داخل ہوا۔ پہلا شخص جس نے اسلام قبول کیا' اس کا نام محمد مومن خاں رکھا گیا تھا۔

حکیم صاحب نے رسمی تعلیم پرائمری تک حاصل کی کیونکہ قرب و جوار میں مزید حصول تعلیم کا کوئی ذریعہ نہ تھا۔ اس کے بعد آپ نے دینیات کی تعلیم حاصل کی لیکن دینیات میں آپ کس استاد محترم سے کہاں اور کیا پڑھا؟ کچھ معلوم نہیں ہو سکا۔ پھر آپ کو علم طب سے شغف ہوا۔ آپ نے اپنے علاقے کے نامور اطباء سے علم طب کا اس زمانے میں مروجہ نصاب بزبان فارسی و عربی و اردو مکمل کیا اور طب کی علمی و عملی تعلیم حاصل کرنے کے بعد آپ اپنے گاؤں میں مطب جاری کیا۔ حصول علم طب کی خاطر دہلی کا سفر بھی کیا اور مسیح الملک حکیم حافظ محمد اجمل خاں دہلویؒ سے استفادہ کیا۔ اسی طرح ایک مرتبہ برصغیر کے معروف معالج سائیں بخش سنیاسی مرحوم گھومتے پھرتے آپ کے پاس آ پہنچے۔ آپ نے ان کی خدمت میں کوئی کسر نہ اٹھائی۔ انہوں نے حکیم صاحب کو اپنی شہرۂ آفاق تصنیف ''طب آزمائشی'' اس انداز سے سنائی کہ اشعار سناتے جاتے تھے اور تشریح و توضیح کرتے جاتے تھے۔ 1910ء میں حکیم صاحبؒ اپنے آبائی گاؤں سے ہجرت کر کے موضع سنگھ چتاملہ' چک نمبر 485 گ ب' لائل پور' علاقہ بار میں تشریف لائے۔ آپ نے یہاں مطب جاری کیا اور کھیتی باڑی میں مصروف ہو گئے۔ آپ علاقے میں اعلیٰ سیرت و کردار تقویٰ و طہارت' دیانت و امانت' شرافت و سخاوت اور خدا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ترسی میں معروف تھے۔ رانا عبدالشکور خان (سابق ہیڈ آف فریکل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ' جی سی یونیورسٹی لاہور) اپنی خودنوشت سوانح حیات ''میری کہانی'' میں رقمطراز ہیں:

''جب بھی میں بیمار ہوتا' والد صاحب مجھے حکیم عطا محمد خاں کے پاس لے جاتے۔ ایک اور عطا محمد بھی گاؤں میں موجود تھے۔ دونوں حکیم تھے۔ ایک عطا محمد کو ٹاہلی والا اور دوسرے کو جھالیا کہتے تھے۔ ٹاہلی والے حکیم کے گھر کے سامنے شیشم کا ایک بڑا درخت تھا جبکہ جھالیا گاؤں کے شمال میں نہر کے کنارے جھال پر رہتا تھا.......... حکیم عطا محمد چتاملوی جو کہ ہمارے محلے میں تھا' نمازی اور پرہیزگار تھا۔'' (بہ تغیر یسیر) صفحہ ۱۱

زبدۃ الحکماء افتخار الاطباء عالی جناب حکیم محمد عبدالرحیم جمیلؒ مرحوم و مغفور کے ساتھ حکیم صاحب کے گہرے پیشہ وارانہ اور دوستانہ تعلقات تھے۔ دونوں بزرگوں ایک دوسرے کا حد درجہ احترام کرتے تھے۔ آپ ادارہ طبیب حاذق گجرات کی تاسیس 1929ء سے تادم آخرین ادارہ کے سرگرم رکن رہے۔ آپ کے تصدیقی مجربات ماہناموں' سالناموں اور ادارہ کی دیگر مطبوعات میں مسلسل چھپتے رہے۔ آپ پیچیدہ اور عسر العلاج مریضوں کو گجرات بھیجتے تھے یا خود لے جاتے تھے آپ نے اپنے بیٹے حکیم محمد یعقوب کو یونانی طبیہ کالج گجرات میں داخل کرا دیا تھا' جس کے بانی و پرنسپل حکیم عبدالرحیم جمیلؒ تھے۔ ادارہ طبیب حاذق کی جانب سے مختلف اوقات میں شمس الحکماء (اعزازی ڈگری) ایم ڈی ایچ ایچ (آنریری) فخر الطب' شفاء الہند' فخر الحکماء (رجسٹرڈ) اور ماہر طب کی اسناد سے نوازا۔ 1968ء میں بورڈ آف یونانی اینڈ آیوریدک میڈیسن سسٹم راولپنڈی سے آر۔ یو۔ ایم۔ پی سرٹیفکیٹ حاصل کیا۔ آپ افتخار الاطباء حکیم جمیل صاحب مرحوم کی طبی و علمی مجلسوں میں اکثر شرکت فرمایا کرتے تھے۔

مولانا حکیم محمد عبدالرحیم اشرف مرحوم و مغفور کی معیت میں اپنے علاقے پاکستان طبی کانفرنس کے لیے گرانقدر خدمات سرانجام دیں۔ بقیۃ السیف اسیر المجاہدین صوفی محمد عبداللہ وزیر آبادی کے ساتھ بھی آپ کے گہرے دوستانہ تعلقات تھے۔ صوفی صاحبؒ آپ کے یہاں اکثر تشریف لاتے تھے اور کئی کئی روز تک قیام کرتے اور افادہ و استفادہ کی راہیں کھلتی تھیں۔ صوفی صاحبؒ کا ایک خط بنام حکیم عطا محمد خاں اب بھی موجود و

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



محفوظ ہے۔اس کے مندرجات سے بھی ان کے باہمی تعلقات ومحبت کا پتہ چلتا ہے۔

علاوہ ازیں علاقہ بھر سے علماء وحکما کے ساتھ آپ کے بہترین تعلقات تھے۔ آپ ایک مستند طبیب اور ماہر نباض تھے۔ تشخیص وعلاج میں ید طولیٰ رکھتے تھے۔ مطالعہ کتب کے بے حد شوقین تھے۔ آپ کی ذاتی لائبریری میں دینی وطبی کتب کا معقول ذخیرہ، مضبوط چرمی جلدوں اور مخصوص ترتیب کے ساتھ موجود تھا ادارہ طبیب حاذق کی تمام مطبوعات آپ کے پاس موجود تھیں۔

علاوہ ازیں ایک عرصے تک گاؤں کی جامع مسجد میں بے لوث خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا اور ساری زندگی دعوت واصلاح، تبلیغ واشاعت اسلام اور خدمت خلق میں صرف کرنے کی وجہ سے علاقے میں ہر دلعزیز، ممتاز، ہمہ جہت شخصیت سمجھے جاتے تھے۔ پون صدی سے زائد طبی، دینی، تدریسی اور سماجی خدمت کرتے ہوئے ایک سو سال عمر پا کر 28 دسمبر 1974ء کو اس دنیا فانی سے رخصت ہوئے آپ کی اولاد میں چار بیٹیاں اور چار بیٹے ہیں۔

1- مولوی عبدالرشید خان: 1912ء میں پیدا ہوئے۔ رسمی تعلیم مڈل تک حاصل کر کے نارمل سکول کمالیہ سے 1927 میں جے۔ وی امتحان پاس کر مقامی سکول میں مدرس ہو گئے۔ بعض اساتذہ سے دینی علم حاصل کیا اور ایک عرصہ تک بے لوث گاؤں میں جمعہ پڑھاتے رہے۔ تقویٰ وعبارت، صدق وصفا اور نفاست طبع میں علاقہ بھر میں ضرب المثل تھے۔ صوۃ وصلاۃ کے پابند یہ متقی ومقدین 31 مئی 1993ء کو انتقال کر گئے۔ آپ کی تدریسی خدمات کا دائرہ بہت وسیع ہے۔

2- مولانا حکیم محمد یعقوب خان: ان کا ذکر آگے آئے گا۔

3- رانا محمد اسلم خان: 1927ء کو پیدا ہوئے۔ رسمی تعلیم مڈل تک پائی اور کھیتی باڑی میں مشغول ہو گئے۔ دو مرتبہ یونین کونسل کے وائس چیئرمین منتخب ہوئے۔ برادر اکبر مولانا حکیم محمد یعقوب خان نباض سے روحانی علاج معالجہ میں استفادہ کیا۔ علاقے میں بحیثیت روحانی معالج مشہور ہیں۔

4- ڈاکٹر وحکیم الحاج محمد اکرم خاں: ان کا ذکر بھی آگے آئے گا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# مولانا حکیم محمد یعقوب خان نباض

مولانا حکیم محمد یعقوب خاں نباض 1916ء کو موضع سنگھ چتاملہ چک نمبر 485 گ'ب' لائل پور میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد گرامی شمس الحکماء حکیم عطا محمد خاں چتاملوی مرحوم و مغفور علاقے کے معروف معالج' نیک سیرت اور اعلیٰ کردار کے مالک خدا ترس انسان تھے۔ آپ کا خاندان علاقے میں ''حکیم خاندان'' کے طور سے معروف ہے۔ اس خاندان کی دینی' طبی' سماجی اور ملی خدمات کا ایک زمانہ معترف ہے۔ آپ نے تعلیم کی ابتدا گھر سے کی۔ مقامی سکول سے مڈل تک تعلیم حاصل کی۔ مختلف مدارس میں طب قدیم و منشی فاضل مولوی فاضل اور درس نظامی کا نصاب مکمل کیا۔ مولانا عبدالستار دہلوی، مولانا حکیم عطاء اللہ شہید، مولانا محمد افضل گجراتی، مولانا عبدالحمید سہس پوری، مولانا حکیم محمد شعیب سہسپوری، حکیم عبدالرحیم جمیل وغیرہ آپ کے اساتذہ کرام سے ہیں۔

نبض وقارورے کے ذریعے تشخیص کے سلسلے میں مولانا حکیم محمد شعیب مرحوم و مغفور (سہس پور' سے بطور خاص کافی استفادہ کیا۔ بارہ سال کی طویل مدت کے بعد اپنا دامن علم و حکمت سے بھرنے کے بعد مرکزی دارالعلوم بھینی سدھواں' امرتسر سے سند فراغت حاصل کرکے 1361ھ/ 1942ء کو واپس وطن پلٹے۔ اس کے بعد آپ کے والد گرامی نے آپ کو یونانی طبیہ کالج گجرات میں داخل کرا دیا۔ غالی جناب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل مرحوم و مغفور کو جب اس بات کا علم ہوا کہ آپ طب کی علمی اور عملی تعلیم سے بہرورہ ہیں تو انہوں نے کمال فراست سے فیصلہ کرتے ہوئے انہیں مطب کرنے کی اجازت بخشی اپنے عزیز دوست اور آپ کے والد گرامی کو حقیقت حال سے آگاہ کیا۔ بلاشبہ حکیم صاحب نے حصول علم کے لیے کما حقہ جدو جہد کی۔ اور مسلسل بارہ سال محنت کی اور بلاشبہ ہزاروں میل کی مسافت پیدل طے کی۔ یونانی طبیہ کالج گجرات کی طرف سے آپ کو ''حاذق الطب'' کی اعزازی سند اور دارالعلوم تعلیم الاسلام اوڈاںوالا (حال ماموں کانجن) کی جانب سے اعزازی سند فراغت عطا کی گئی۔ 1947ء میں بوڑ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



آف یونانی اینڈ ایورویدک میڈیسن سسٹم راولپنڈی کو امتحان دے کر رجسٹریشن کی سند حاصل کی۔

1943ء میں اہل دیہہ نے گاؤں کی اصلاح وفلاح اور بہبود وترقی کے لیے "انجمن تعلیم الحق" کی بنیاد رکھی۔ انجمن کا صدر آپ کو مقرر کیا گیا۔ آپ کی صدارت میں یہ انجمن جنگ عظیم دوم کے اختتام تک اپنے منشور کے مطابق عمل کرتی رہی۔ قیام پاکستان کے وقت مجروح و بیمار مہاجرین کی مرہم پٹی وعلاج کرتے رہے۔ پھر آپ نے اپنے والد گرامی کے حکم کے مطابق موضوع کوٹلی کماپور چک نمبر 483 گ ب میں اقامت اختیار کی۔ یہاں آپ نے فن طب کے ذریعے خدمت خلق کے ساتھ ساتھ دین اسلام کی ترویج واشاعت میں بھرپور سعی کی اور مذکورہ موضوع کی "انجمن اشاعت التعلیم" میں سرگرم رہے۔ اس انجمن نے اپنی مدد آپ کے تحت اپنے گاؤں میں ہائی سکول کی عمارت تعمیر کرائی اور تدریس کا بندوبست کیا۔ آپ اسی سکول میں عرصہ دراز تک علوم اسلامیہ وشرقیہ کے استاد رہے۔ آپ نہایت خوشنویس تھے۔ عربی، فارسی اور اردو پر عبور تھا۔ تینوں زبانوں کے سیکڑوں اشعار آپ کی نوک زبان پر تھے۔ صرف ونحو کے خاص طور سے ماہر تھے۔ فارسی زبان وادب میں امام سمجھے تھے۔

1965ء کی پاک بھارت جنگ کے دوران اپنے علاقے میں سرکار کی جانب عائد کردہ ذمہ داریوں سے کماحقہ عہدہ برآ ہوئے۔

جنرل ضیاء الحق کے دور حکومت میں اپنے گاؤں کے ناظم صلاۃ مقرر ہوئے اور اپنے فرائض بحسن وخوبی انجام دیتے رہے۔ آپ کی دینی خدمات بے ثوب ہوا کرتی تھیں۔ آپ جہاں بھی رہے خطبہ جمعہ باقاعدگی سے دیتے رہے۔ خطبہ اردو زبان میں ہوتا اور دلائل وبراہین میں مرصع ہوتا تھا۔

آپ علاقے میں نباض حکیم کے طور سے مشہور تھے کہ نبض وقارورہ و چہرہ شناسی وغیرہ میں ید طولیٰ رکھتے تھے۔ اپنے علاقے کے مسیح الملک سمجھے جاتے تھے۔ غریبوں کو تقریباً مفت دوا دیتے تھے۔ قریب و بعید سے علماء صلحاء، روسا، دانشور اور شرفاء علاج معالجہ اور علمی ابحاث کی خاطر حاضر ہوتے تھے۔ آپ نے بڑے معرکے کے علاج کے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



لیے آج بھی آپ کی لیاقت و حذاقت کے قصے قرب و جوار میں زبان زد خاص و عام ہیں۔ اہل علاقہ آپ کے گرویدہ وقدردان تھے۔

آپ نہایت زاہد و عابد، متقی و متدین، شب زندہ دار، مبلغ و داعی اسلام تھے۔ ذکر وفکر، تلاوت قرآن، اور مطالعہ کتب میں گھنٹوں مستغرق رہتے تھے۔ مشہور مستشرق مسٹر واکر اور اس کی بیوی آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے تھے اور مختلف موضوعات پر بحث و مباحثہ کئی روز جاری رہا تھا۔ آپ کی ذاتی لائبریری میں کافی کتابیں تھیں۔ بعض کتابیں بڑی ضخیم تھیں۔

گوناگوں مصروفیات کی وجہ سے تحریر و نگارش کی جانب توجہ نہ کر سکتے ورنہ بڑے ادیبوں میں شمار ہوتے۔ انہوں نے 1980ء میں ایک مضمون بعنوان ''حب الوطنی کا آئینہ'' تحریر کیا۔ آپ کا یہ اکلوتا مضمون بھی غیر مطبوعہ ہے۔ یہ مضمون آپ کے جذبہ حب الوطنی کا آئینہ دار ہے۔

افسوس! یہ آفتاب علم و حکمت، پیکر علم و عمل پچاس برس تک آسمان علم و حکمت پر چمکنے کے بعد 9 مئی 1993ء کو صبح کے وقت غروب ہو گیا۔ آپ کی نماز جنازہ میں ایک جم غفیر نے شرکت کی اور امامت شیخ الحدیث مفتی احمد اللہ صاحب مرحوم نے کرائی تھی۔

اولاد میں آپ نے چار بیٹیاں اور ایک بیٹا چھوڑا۔ ایک بیٹی اپنے گھر جڑانوالہ میں طبابت کرتی ہے اور اس نے علاج معالجہ کی تعلیم اپنے والد مکرم ہی سے حاصل کی تھی۔

5- مولانا محمد بن یعقوب آلِ مبارک: آپ کا ذکر آگے آئے گا۔

## الحاج ڈاکٹر و حکیم محمد اکرم خاں

الحاج ڈاکٹر و حکیم محمد اکرم خان اکتوبر 1932ء کو موضع سنگھ چتاملہ چک نمبر 485 گ ب، لائل پور میں پیدا ہوئے۔ آپ نے علم و ادب کے گہوارے اور زہد و تقویٰ کے چوراہے میں آنکھ کھولی۔ جوں جوں عمر بڑھتی گئی، ماحول کے مطابق تعلیم و تربیت لازمی ہوتی گئی۔ تعلیم کی ابتداء گھر سے ہوئی۔ بعد ازاں مقامی سکول سے ۱۹۴۷ء

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



میں مڈل کا امتحان پاس کیا اور اپنے بھائیوں کے ساتھ فلاحت میں مشغول ہو گئے۔ آپ کے والد گرامی شمس الحکماء حکیم مولوی عطا محمد خاں چنا ملویؒ اور برادر اکبر مولانا حکیم محمد یعقوب خاں نباض اپنے زمانے کے اجل طبیبوں سے تھے۔ آپ نے فلاحت کے ساتھ طبی تعلیم کے حصول کے لیے جدوجہد شروع کر دی۔ چنانچہ مذکورہ دو جلیل القدر ہستیوں سے طب کی درسی اور عملی تعلیم مکمل کی۔ مادری زبان پنجابی اور قومی زبان اردو کے علاوہ مشرقی زبانوں عربی اور فارسی میں اچھی خاصی استعداد پیدا کر لی۔ ۱۹۵۳ء میں زراعتی کالج لائل پور سے ڈپلومہ حاصل کیا۔ پھر فلاحت و طبابت میں والد مکرم اور برادران کے دست و بازو بن گئے۔ ۱۹۶۱ء کو محکمہ زراعت میں ملازمت مل گئی۔ دوران ملازمت جہاں بھی رہے طبابت کرتے رہے۔ ملازمت کا زیادہ عرصہ دیپال پور اور پاک پتن میں گزارا۔ پاک پتن میں محقق امراض سرطانی حکیم خیر دین ڈوگر سیلانی سے بھی ملاقات رہی۔ کئی بار جناب حکیم عبدالرحیم جمیل مرحوم مغفور کی خدمت عالیہ میں گجرات گئے۔ وہاں آپ کا قیام کئی کئی دن رہتا۔ آپ نے افتخار الاطباء سے خوب استفادہ کیا۔ طب قدیم کے علاوہ بایو کیمک طریق علاج میں بھی مہارت رکھتے تھے۔ بایو کیمک طریق علاج میں ڈپلومہ حاصل کیا۔ اپنے والد گرامی کی پیرانہ سالی کے باعث پی ٹی سی کے اجلاسوں میں شرکت کرتے رہے' اس دوران مولانا حکیم عبدالرحیم اشرف مرحوم سے متاثر ہوئے۔ تین مرتبہ اللہ تعالیٰ نے ان کو حج بیت اللہ کی سعادت بخشی۔

ملازمت سے سبکدوشی کے بعد طب قدیم کا از سر نو بنظر غائر مطالعہ کیا اور ڈاکٹر محمد خالد غزنوی بن مولانا حکیم محمد اسماعیل غزنویؒ کی تحقیقات کا مطالعہ کیا اور استفادہ کیا۔

اکثر اوقات آپ اطبائے حذاق کی طبی خدمات اور شفائی کرامات بڑے دل نشین انداز میں بیان کیا کرتے تھے۔ زبدۃ الحکماء حکیم محمد عبدالرحیم جمیلؒ مولانا حکیم عبدالرحیم اشرفؒ، مولانا حکیم محمد عبداللہ روڑویؒ، اور حکیم انقلاب ڈاکٹر دوست محمد صابرؒ ملتانی کی بے حد تعریف و توصیف کرتے تھے۔ آپ نہایت خوش نویس تھے۔ دوا سازی میں بطور خاص ماہر تھے۔ آپ صوم و صلاۃ کے پابند' نہایت عابد و زاہد' پرہیز گار' خدا ترس اور خاموش طبع تھے۔ نہایت سنجیدہ اور پروقار شخصیت کے مالک تھے۔ متحمل بردبار اور خیر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



اندیش تھے۔

آپ ۳۱ جنوری ۲۰۰۶ء کو بوقت سحر جہان فانی سے عالم جاودانی کو سدھار گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ فیصل آباد کی مشہور علمی، مذہبی اور سماجی شخصیت آپ کے بھانجے اور داماد نے آپ کی نماز جنازہ پڑھائی۔

## مولانا حکیم محمد بن یعقوب آل مبارک

مولانا حکیم محمد بن یعقوب ۱۹۵۶ء کو ضلع لائل پور کے موضع سنگھ چتاملہ چک نمبر ۴۸۵ گ ب کے ایک علمی و ادبی گھرانے میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد گرامی مولانا حکیم محمد یعقوب خاں نباضؒ چچا محترم الحاج ڈاکٹر و حکیم محمد اکرم خاںؒ اور دادا شمس الحکماء حکیم مولوی عطا محمد خاں چتاملویؒ علاقے کے نامور، ممتاز اور ماہر معالجین میں شمار ہوتے تھے۔ آپ نے تعلیم کے حصول کی ابتداء گھر سے کی۔ ابتدائی تعلیم کے بعد مقامی سکول سے میٹرک کا امتحان پاس کیا اور علوم اسلامیہ کی عظیم درسگاہ جامعہ سلفیہ فیصل آباد میں حصول علم میں مشغول ہو گئے۔ اسی دوران ایف۔ اے پاس کیا اور جامعہ مذکورہ سے علوم اسلامیہ و عربیہ میں ثانوی تعلیم مکمل کر کے عالم اسلام کی عظیم درسگاہ مدینہ یونیورسٹی (جامعہ اسلامیہ۔ مدینہ منورہ) میں داخل ہوئے۔ وہاں آپ نے کلیۃ الحدیث والدراسات الاسلامیہ سے گریجویشن کی۔ واپس وطن آ کر پنجاب یونیورسٹی لاہور سے عربی میں ایم۔ اے پاس کیا۔ طبیہ کالج فیصل آباد سے طب میں ڈپلومہ حاصل کیا۔ طب کے اسرار و رموز اپنے خاندان کے بزرگوں اور علاقے کے نامور اطباء سے حاصل کیے۔ تبلیغ و اشاعت اسلام کی خاطر مختلف دینی مدارس مثلاً جامعہ سلفیہ فیصل آباد، کلیہ دارالقرآن والحدیث فیصل آباد، جامعہ تعلیم القرآن والحدیث سمندری وغیرہ میں پچیس سال تک درس و تدریس کا سلسلہ جاری رکھا۔ اپنے والد مکرم مولانا حکیم محمد یعقوب خاں کی وفات حسرت آیات کے بعد طب قدیم کا از سر نو مطالعہ کر کے ان کی مسند علم و حکمت پر جلوہ افروز ہیں۔ ادارہ طبیب حاذق کے رکن رکین ہیں۔

❀❀❀

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# امراض الرأس والاعصاب

## صداع

## (HEADACHE)

### برائے صداع

**اجزاء و ترکیب ساخت:** دارچینی دو تولہ۔ صندل سفید دوتولہ۔ کشنیز خشک چارتولہ۔ فنسٹین ایک تولہ۔ قند سفید چار تولہ۔ نہایت باریک سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** دو ماشہ ہمراہ آب تازہ

**افعال و اثرات:** مفید دردسر کے علاوہ مانع تبخیر بھی ہے۔ (اعصابی غدی)

### دیگر:

**اجزاء و ترکیب ساخت:** جوہر لوبان۔ اسپرین۔ کیفین۔ فنسٹین۔ سوڈا سیلی سلاس۔ سقمونیا ولایتی۔ گیرو ہر ایک ایک تولہ حسب دستور سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** دو تا چار رتی ہمراہ آب تازہ یا چائے، دن میں تین مرتبہ۔

**افعال و اثرات:** شدید دردسر میں نہایت مجرب ہے۔ (غدی اعصابی)

### دیگر:

**اجزاء و ترکیب ساخت:** کشنیز خشک چار تولہ۔ اسپرین ایک تولہ۔ سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** دو ماشہ دن میں تین بار ہمراہ آب تازہ۔

**افعال و اثرات:** دردسر میں مفید ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**دیگر:**

**اجزاء و ترکیب ساخت:** گیرو۔ کشتہ قرن الایل۔ اسپرین۔ کیفین۔ فنسٹین۔ سوڈا اسیلی سلاس (ہر ایک: چھ ماشہ) قند سفید (پانچ تولہ)۔ سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** دو ماشہ ہمراہ آب تازہ بوقت ضرورت۔

**افعال و اثرات:** دردِ سر میں سریع الاثر ہے۔ (غدی عضلاتی)

**دیگر:**

**اجزاء و ترکیب ساخت:** فنسٹین ایک تولہ۔ کیفین سائٹراس ایک تولہ۔ مغز کشنیز ایک تولہ۔ نبات سفید دو تولہ۔ سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** چار رتی ہمراہ آب تازہ بوقت ضرورت۔

**افعال و اثرات:** سر درد کے لیے تریاق صفت دوا ہے۔ (غدی اعصابی)

**دیگر:**

**اجزاء و ترکیب ساخت:** سقمونیا ولایتی دو تولہ۔ زنجبیل دو تولہ۔ حلتیت خالص ایک تولہ۔ کافور آٹھ ماشہ۔ سفوف بنا کر عرق گلاب میں کھرل کر کے حبوب بقدر دو رتی تیار کریں۔

**افعال و اثرات:** دردِ سر میں مفید و مجرب ہے خواہ کسی وجہ سے ہو۔ (غدی اعصابی)

**دیگر:**

**اجزاء و ترکیب ساخت:** انٹی فیبرین چھ ڈرام 33 گرین۔ کیفین سائٹراس ایک ڈرم 38 گرین۔ شوگر آف ملک ایک اونس 10 گرین۔ تمام اجزاء کو باہم ملا کر سو برابر حصوں میں تقسیم کر کے کیپسول میں بند کر دیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک کیپسول پانی میں بھگو دیں جب بالائی کی مانند ہو جائے تو اٹھا کر نگل لیں۔

**افعال و اثرات:** دردِ سر فوراً غائب ہو جائے گا۔ (عضلاتی غدی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



دیگر:

**اجزاء و ترکیب استعمال:** کشتہ مرجان ایک رتی۔خمیرہ گاؤ زبان عنبری چھ ماشہ کھلائیں۔۲۔جوارش جالینوس چھ ماشہ صبح وشام بعد از طعام،۳۔اطریفل اسطخودوس نو ماشہ بوقت شب روزانہ ۴۔ ہفتہ میں ایک بار برائے تنقیہ اطریفل زمانی یا ایارج فیقرا استعمال کرائیں۔

**فائدہ:** دردسر بالخصوص دائمی کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے۔

دیگر:

**اجزاء و ترکیب استعمال:** حب چھوٹی چندن ایک تا تین گولی۔اسطخودوس ایک تولہ کو عرق بادیان دس تولے میں جوش دے کر خمیرہ گاؤ زبان سے شیریں کر کے دن میں دو تین مرتبہ پلائیں۔ اگر قبض ہو تو حب سقمونیا ایک تا دو گولی رات کو سوتے وقت کھائیں۔

**فائدہ:** دردسر کو فوری زائل کرتا ہے۔

حب چندن:

اسرول۔دار فلفل۔مساوی الوزن۔حبوب بقدر نخود (اعصابی غدی)

حب سقمونیا:

سقمونیا ایک تولہ۔پوست ہلیلہ کابلی ایک تولہ۔مغز بادام دو تولے۔حبوب بقدر جنگلی بیر۔(اعصابی غدی)

دیگر:

**اجزاء و ترکیب ساخت:** پوست ہلیلہ زرد۔ پوست آملہ۔کشنیز۔ بادیان۔ اسطخودوس مساوی الوزن قند سفید دو چند سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** چھ ماشہ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**افعال و اثرات:** دردِ سر میں مجرب ہے۔(عضلاتی اعصابی)

دیگر:

**اجزاء و ترکیب ساخت:** اسرول۔نوشادر ٹھیکری۔فلفل سیاہ مساوی الوزن لے کر باریک پیس کر عرق بادیان کی مدد سے حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک تا دو گولی صبح و دوپہر و شام ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

**افعال و اثرات:** دردسر میں فوری مؤثر ہے۔مجرب ہے۔(غدی اعصابی)

دیگر:

**اجزاء و ترکیب ساخت:** نوشادر ٹھیکری۔گیرو ہموزن باریک پیس کر محفوظ کرلیں۔

**ترکیب استعمال:** علی الصبح ہمراہ شیر نیم گرم تین روز تک کھلائیں رات کو سوتے وقت اطریفل زمانی ہمراہ شیر نیم گرم۔

**افعال و اثرات:** دردسر میں مفید و مجرب ہے۔(غدی اعصابی)

پیام شفاء:

**اجزاء و ترکیب ساخت:** الائچی خورد۔دارفلفل۔تخم جوزماثل۔فلفل سیاہ ہر ایک چھ ماشہ ہر چی مصفی دوتولہ۔باریک سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** دورتی صبح و شام ہمراہ مناسب بدرقہ۔

**افعال و اثرات:** دردسر میں مفید و مجرب ہے۔(اعصابی غدی)

دیگر:

**اجزاء و ترکیب ساخت:** تربد۔پودینہ۔فلفل گرد۔سورنجاں شیریں مساوی الوزن۔سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** تین رتی صبح و شام ہمراہ مناسب بدرقہ۔

**افعال و اثرات:** دردسر میں مفید و مجرب ہے۔(غدی اعصابی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



دیگر:

**اجزاء و ترکیب ساخت:** سورنجاں ایک پاؤ۔ کشنیز خشک ایک پاؤ۔ اسپرین بارہ تولہ۔ سوڈا سیلی سلاس بارہ تولہ۔ کیفین چار تولہ۔ پوٹاشی برومائیڈ چار تولہ۔ کوزہ مصری بتیس تولہ سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک تا دو ماشہ گرم دودھ کے ساتھ کھائیں۔

**افعال و اثرات:** ہر قسم کے دردسر کے لیے مفید و مجرب ہے۔ (غدی اعصابی)

برائے صداع کرمی

**اجزاء و ترکیب استعمال:** اگر دماغی کرم کی وجہ سے سر میں درد ہو تو ناز بو کے پانی میں تھوڑا سا نمک ڈال کر ناک میں ڈالیں۔

**افعال و اثرات:** مردہ و زندہ کرم خارج ہو جائیں گے اور دردسر کو آرام ہوگا۔ (غدی عضلاتی)

اگر دماغ میں رسولی کی وجہ سے دردسر کا عارضہ لاحق ہو تو اس کا علاج جراحی کے سوا ممکن نہیں۔ واللہ اعلم۔

اسپرین کا نعم البدل

پپلا مول۔ کوزہ مصری ہوزن دونوں اجزاء کو جدا جدا باریک پیس کر باہم ملائیں اور محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** تین ماشہ ہمراہ چائے۔

**افعال و اثرات:** جو فوائد اسپرین سے حاصل ہوتے ہیں۔ وہی فوائد اس سے بہتر طور پر حاصل ہوتے ہیں۔ ہر مطب میں تیار رکھنے کے قابل ہے۔ (غدی اعصابی)

اطریفل مقوی دماغ:

**اجزاء و ترکیب ساخت:** ترپھلہ پندرہ تولہ۔ کشنیز خشک پانچ تولہ۔ مغز بادام مقشر دس تولہ۔ چہار مغز دس تولہ۔ قند و شہد سہ چند۔ بدستور اطریفل بنائیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**ترکیب استعمال:** ایک تا تین تولہ ہمراہ بدرقہ مناسب۔
**افعال و اثرات:** دردسر۔ آنکھوں سے رطوبت بہنا۔ نزلہ گرنا کیلئے مفید ہے۔
(عضلاتی اعصابی)

### دیگر (۲۲):

**اجزاء و ترکیب ساخت:** ایلوا چھ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد تین تولہ۔ کتیرا۔ مصطگی۔ سقمونیا۔ زعفران ہر ایک دس ماشہ۔ گل سرخ ایک تولہ۔ کوٹ چھان کر حبوب بقدر نخود تیار کریں۔
**ترکیب استعمال:** بقدر سات ماشہ۔
**افعال و اثرات:** دردسر۔ درد چشم اور سرخی چشم میں مفید ہے۔ (غدی عضلاتی)

### ضماد برائے صداع

**اجزاء و ترکیب ساخت:** کاہو ایک ماشہ۔ کشنیز دو ماشہ۔ آرد جو تین ماشہ۔ خشخاس تین ماشہ۔ مشک کافور ایک قرص۔ افیون ایک ماشہ۔ تمام اجزاء کا حسب دستور سفوف تیار کر کے سفیدئ بیضہ مرغ میں ملا کر پارچہ پر لگا کر صدغین پر لگائیں۔

### نسوار برائے صداع

شیر مدار کو چاول ساٹھی میں تر و خشک کر کے باریک پیس لیں۔ درد کی مخالف سمت سونگھائیں۔
**افعال و اثرات:** دردسر کو فوری فائدہ ہوتا ہے۔ (اعصابی غدی ہے)۔

### دیگر

**اجزاء و ترکیب ساخت:** خولنجاں ایک تولہ۔ بیخ بادیان دو تولہ۔ مشک کافور دو ماشہ۔ دواؤں کو نہایت باریک کر کے مشک کافور ملا کر شیشی میں بحفاظت رکھیں۔
**ترکیب استعمال:** ایک یا دو چاول نسوار صبح و شام لیں۔
**افعال و اثرات:** ہر قسم کے دردسر میں نافع ہے۔ (غدی اعصابی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## معجون شافی

**اجزاء و ترتیب ساخت:** ایارج فیقرا۔ سقمونیا مشوی۔ مصطگی۔ انیسون۔ پوست ہلیلہ زرد۔ آملہ ہر ایک نو ماشہ۔ غاریقون۔ اسطخودوس ہر ایک تین ماشہ۔ شحم حنظل۔ تربد مجوف۔ نمک سیاہ ہر ایک ایک تولہ شہد خالص تین گنا۔ بطریق معروف معجون تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ڈیڑھ ماشہ بوقت عصر ہمراہ چائے۔ اگر تنقیہ دماغ منظور ہو تو سات ماشہ رات کو سوتے وقت پچھلے پہر ہمراہ عرق بادیان نیم گرم بارہ تولہ کے ساتھ دیں۔

**افعال و اثرات:** پرانا دردسر اور دیگر دماغی امراض کا شافی علاج ہے۔ مجرب ہے۔

(عضلاتی غدی)

## برائے تنقیہ دماغ

**اجزاء و ترکیب ساخت و استعمال:** سنا مکی۔ برگ حنا ہم وزن لے کر نصف سیر پانی میں رات بھر بھگو کر رکھیں۔ صبح بغیر ملے چھان کر آگ پر رکھیں۔ جب پاؤ بھر پانی رہ جائے تو اتار کر اس میں مکھن گاؤ پانچ تولہ۔ مغز بادام کوفتہ پانچ تولہ۔ قند سفید بقدر ضرورت ملا کر نوش کرائیں۔ یہ ایک خوراک ہے۔

(عطیہ: جناب محمد دین صاحب میر محمدی، قصور)

**افعال و اثرات:** دردسر، درد ال اور نزلہ زکام میں مفید و مجرب ہے۔

(غدی اعصابی)

# شقیقہ و عصابہ

(MIGRAINER & TIC DOULOUREUX

## برائے دردِ شقیقہ

**اجزاء و ترکیب ساخت:** اسطخودوس چھ ماشہ۔ کشنیز خشک چار ماشہ۔ فلفل سیاہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سات عدد۔ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ یہ ایک خوراک ہے۔

**ترکیب استعمال:** رات کو ڈیڑھ پاؤ پانی میں بھگوئیں۔ علی الصبح نہار توڑ کر نتھرا ہوا پانی پئیں۔

**افعال و اثرات:** چند دن مسلسل استعمال کرنے سے درد شقیقہ جاتا رہتا ہے۔

(غدی اعصابی)

## دیگر

**اجزاء و ترکیب ساخت:** سوڈا سیلی سلاس پانچ تولہ۔ اسپرین پانچ تولہ۔ کشنیز پانچ تولہ۔ گل اسطخو دوس پانچ تولہ۔ سورنجان شیریں پانچ تولہ۔ اسگندھ تین تولہ۔ الائچی خورد تین تولہ۔ پوٹاشی بروما ئیڈ تین تولہ۔ سنڈھ دو تولہ۔ تمام اجزاء کو علیحدہ علیحدہ کوٹ چھان کر ملا لیں۔

**ترکیب استعمال:** دو ماشہ صبح و شام ہمراہ دودھ نیم گرم یا عرق بادیان۔

**افعال و اثرات:** درد شقیقہ کے علاوہ بخاروں کے لئے بھی اکسیر صفت دوا ہے۔

(غدی اعصابی)

## دیگر

**اجزاء و ترکیب ساخت:** اسپرین ایک تولہ۔ فنسٹین ایک تولہ۔ کیفین سائٹراس ایک تولہ۔ مغز کشنیز دو تولہ۔ گیری سرخ چھ ماشہ۔ کوٹ پیس کر سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ ہمراہ آب تازہ نوش کرائیں۔

**افعال و اثرات:** غدی اعصابی ہے۔ شقیقہ وغیرہ میں مفید ہے۔

## دیگر

**اجزاء و ترکیب ساخت:** پوٹاشی بروما ئیڈ چھ ماشہ۔ کلورل ہائڈریٹ تین ماشہ۔ اسطخو دوس نو ماشہ۔ مغز تخم کشنیز نو ماشہ۔ دارچینی سات ماشہ۔ پوست الائچی کلاں سات ماشہ۔ انٹی پائیرین تین ماشہ۔ باریک سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ صبح و شام ہمراہ آب تازہ نوش کرائیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**افعال و اثرات:** غدی اعصابی ہے۔ شقیقہ وغیرہ میں مفید ہے۔

دیگر

**اجزاء و ترکیب ساخت:** اسطخودوس ڈیڑھ تولہ۔ فلفل سیاہ چھ ماشہ۔ کشنیز ایک تولہ۔ کیفین دو تولہ۔ اسپرین دو تولہ۔ سوڈا بائیکارب دو تولہ۔ باریک سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** طلوع آفتاب سے پہلے دو ماشہ تازہ پانی کے ساتھ نوش کرائیں۔

**افعال و اثرات:** غدی اعصابی ہے۔

نسوار برائے شقیقہ

**اجزاء و ترکیب ساخت:** کچور۔ کافور۔ گل کنیر سفید۔ ہم وزن لے کر باریک پیس کر محفوظ کرلیں۔

**ترکیب استعمال:** بطور نسوار استعمال کرائیں۔ دو ماشہ۔

**افعال و اثرات:** نزلہ زکام اور دردسر کیلئے مفید و مجرب ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

برائے درد شقیقہ

**اجزاء و ترکیب ساخت:** جدوار خطائی۔ عود صلیب۔ الائچی سبز۔ اسگند ناگوری۔ ہر ایک دو تولہ۔ مثل غبار بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک بڑا کیپسول صبح دوپہر شام ہمراہ آب تازہ یا اطریفل کشنیز یا اطریفل اسطخودوس میں ملا کر کھلائیں۔

**افعال و اثرات:** درد شقیقہ میں مجرب ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

## دوران سر / سدر دوار

## (GIDDINESS)

برائے سدر و دوار

**اجزاء و ترکیب ساخت:** کشنیز خشک تین تولہ۔ قند سفید چار تولہ۔ روغن بادام

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ایک تولہ۔ تمام اجزاء کو کوٹ پیس کر باہم ملالیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک تولہ صبح وشام ہمراہ آب تازہ۔

**افعال و اثرات:** دوران سر کیلئے مفید و بارہا کا آزمودہ ہے۔ (اعصابی غدی)

**دیگر**

**اجزاء و ترکیب ساخت:** اسطخودوس۔ بالچھڑ۔ جدوار۔ عود صلیب ہموزن۔ نخودی گولیاں تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی قبل از طعام ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

**افعال و اثرات:** عضلاتی غدی ہے۔

**دیگر**

**اجزاء و ترکیب ساخت:** برنج بادیان تین تولہ۔ برنج کشنیز تین تولہ۔ طباشیر ایک تولہ۔ الائچی خورد ایک تولہ۔ مصطگی ایک تولہ۔ گل قند ڈیڑھ پاؤ۔ ورق نقرہ پچاس عدد۔

**ترکیب استعمال:** ایک تولہ نہار منہ صبح وشام ہمراہ عرق گاؤزبان دس تولہ۔

**افعال و اثرات:** (اعصابی غدی اکسیر)

**دیگر**

**اجزاء و ترکیب ساخت:** مغز کشنیز تین تولہ۔ مغز بادیان تین تولہ۔ الائچی خورد ایک تولہ۔ مصطگی ایک تولہ۔ طباشیر ایک تولہ۔ گل قند بتیس تولہ۔ ورق نقرہ بیس عدد۔ مثل معجون تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک تولہ صبح نہار منہ ہمراہ عرق بادیان چھ تولہ۔ عرق گلاب چھ تولہ۔

**افعال و اثرات:** سدر دوار میں مجرب ہے۔ (اعصابی غدی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# ضعفِ دماغ

## (CEREBRAL ANAEMIA)

### معجون مقوی دماغ

**اجزاء و ترکیب ساخت:** نشاستہ گندم بریاں۔ خشخاش سفید۔ مغز بادام شیریں۔ مغز کدو شیریں۔ مغز تربوز۔ مغز خربوزہ۔ مغز خیارین۔ مغز تراں (ہر ایک دو تولہ) مغز پستہ۔ مغز فندق۔ مغز پنبہ دانہ۔ مغز نارجیل۔ مغز بہی دانہ۔ کتیرا سفید۔ برگ گاؤزبان۔ مصطگی سفید۔ شقاقل مصری۔ ثعلب مصری۔ بہمن سفید (ہر ایک ایک تولہ) ابریشم مقرض چھ ماشہ۔ اطریفل کشنیز پانچ تولہ۔ روغن گاؤ بیس تولہ۔ قند سفید تین پاؤ۔ ورق نقرہ ایک دفتری کلاں۔ حسب دستور معجون بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک تولہ ہمراہ شیر گاؤ روزانہ صبح نہار منہ، صرف تین دن استعمال کرائیں۔

**افعال و اثرات:** مقوی دماغ۔ مقوی قلب نیز دفع جریان ہے۔ (اعصابی غدی)

### معجون کشنیزی

**اجزاء و ترکیب ساخت:** اطریفل کشنیز دس تولے۔ سبوس اسپغول دس تولے۔ مغز بادام دس تولے۔ کتیرا پانچ تولے۔ مغز کدو چار تولے۔ مغز خیار چار تولہ۔ مغز تربوز چار تولہ۔ میدہ گندم دس تولہ۔ ورق نقرہ یک دفتری۔ روغن زرد چالیس تولے۔ قند سفید تیں تولے۔ بطریق معروف معجون تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** چھ ماشہ صبح وشام۔

**افعال و اثرات:** اعصابی غدی ہے۔ مقوی دماغ۔

### معجون مقوی دماغ

**اجزاء و ترکیب ساخت:** نارجیل دریائی دو عدد۔ سبوس اسبغول پانچ تولہ۔ ہر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



چہار گوند پانچ پانچ ولہ۔ مغز بادام بیس تولے۔ مغز پستہ پانچ تولے۔ دانہ الائچی خوردو کلاں پانچ پانچ تولے۔ شیر برگد پانچ تولہ۔ دال ماش مقشر بیس تولہ۔ شیر بھینس پانچ کلو گرام۔ روغن زرد ایک کلو۔ قند سفید ایک کلو۔ حسب دستور معجون تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** نصف تا ایک تولہ۔

**افعال و اثرات:** اعصابی غدی ہے۔ مقوی دماغ۔

## دیگر

**اجزاء و ترکیب ساخت:** اطریفل کشنیز پندرہ تولہ۔ سبوس اسپغول دس تولہ۔ کتیرا بارہ تولہ۔ مغز بادام دس تولہ۔ مغز کدو ایک تولہ۔ میدہ گندم بیس تولہ۔ روغن زرد تین پاؤ۔ قند سفید چالیس تولہ۔ شیر گاؤ چالیس تولہ۔

**ترکیب استعمال:** چھ ماشہ۔

**افعال و اثرات:** اعصابی غدی ہے۔ مقوی دماغ۔

## خمیرہ مقوی دماغ

**اجزاء و ترکیب ساخت:** گاؤزبان گیلانی پانچ تولہ۔ گل گاؤزبان ایک تولہ۔ کشنیز خشک ایک تولہ۔ ابریشم مقرض ایک تولہ۔ بہمن سفید ایک تولہ۔ تخم بالنگو ایک تولہ۔ صندل سفید ایک تولہ۔ تخم فرنجمشک۔ عنبر اشہب سوا تولہ۔ مصری ایک کلو۔ شہد خالص ایک پاؤ۔ ورق نقرہ چھ ماشہ۔ ورق طلاء چھ ماشہ۔ تمام ادویہ کو دو کلو پانی میں رات کو پانی میں بھگو دیں۔ صبح ہلکی آنچ پر اتنا جوش دیں کہ پانی تیسرا حصہ بچ جائے۔ پھر چھان کر شہد اور مصری کا قوام تیار کریں۔ اور خمیرہ کے قوام پر ورق نقرہ و طلا ملائیں۔ جس قدر ملائیں گے اسی قدر نفع زیادہ ہوگا۔

**ترکیب استعمال:** ساڑھے تین ماشہ تا سات ماشہ تک ہمراہ دودھ نیم گرم۔

**افعال و اثرات:** بے حد مقوی دماغ ہے۔ (اعصابی غدی)

## دیگر

**اجزاء و ترکیب ساخت:** برگ گاؤزبان چھ تولہ۔ گل گاؤزبان چار تولہ۔ تخم

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



بالنگو دس تولہ۔ کوزہ مصری اٹھارہ تولہ۔ ورق نقرہ سو عدد۔ موصلی سیاہ دو تولہ۔ موصلی سفید دو تولہ۔ ثعلب مصری دو تولہ۔ تودری سرخ دو تولہ۔ تودری سفید دو تولہ۔ حسب دستور خمیرہ تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ ایک تولہ ہمراہ چالیس تولہ شیر گاؤ نیم گرم۔

**افعال و اثرات:** مقوی دماغ وقلب ہے۔ (اعصابی عضلاتی)

## دیگر

**اجزاء و ترکیب ساخت:** برہم ڈنڈی دو تولہ۔ گل کپاس دو تولہ۔ شاہترہ دو تولہ۔ افتیمون ولایتی ایک تولہ۔ منڈی بوٹی چار تولہ۔ عناب دس تولہ۔ گل سرخ دس تولہ۔ تمام ادویہ کو تین کلو پانی میں آٹھ پہر تک بھگو رکھیں۔ اس کے بعد اتنا جوش دیں کہ پانی ایک پاؤ بچ جائے۔ مل چھان کر نصف کلو قند سفید اور سو گرام شہد خالص ڈال کر قوام بنائیں۔ پھر نصف کلو گل قند۔ دس تولہ مغز بادام۔ ڈھائی تولہ الائچی۔ ایک ماشہ زعفران اصلی۔ اور تین ماشہ مصطگی شامل کرلیں۔ بس تیار ہے۔

**ترکیب استعمال:** دو تولہ صبح وشام نہار منہ ہمراہ نیم گرم دودھ۔

**افعال و اثرات:** مقوی دماغ ہے۔ تقویت حافظہ کیلئے اعلیٰ دوائے غذائی ہے۔ (غدی عضلاتی)

**پرہیز:** دال مسور۔ موٹا گوشت اور ہر قسم کی ترش اشیاء۔

## حبوب مقوی دماغ (۴۶)

**اجزاء و ترکیب ساخت:** زعفران دو ماشہ۔ برگ برہمی چار ماشہ۔ عنبر اشہب ایک ماشہ۔ مروارید ناسفتہ تین ماشہ۔ ست سلاجیت چھ ماشہ۔ مشک خالص چار رتی۔ ورق نقرہ دس عدد۔ ورق طلا دس عدد۔ ست لوبان دو ماشہ۔ تمام ادویہ کو باریک پیس کر روح کیوڑہ وروح گلاب میں کھرل کر کے دانہ مونگ کے برابر گولیاں تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح وشام ہمراہ شیر گائے۔

**افعال و اثرات:** ضعف دماغ و اعصاب میں بے حد مفید ہے۔ ذہن کو صاف

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



رکھتی ہے۔ دماغی کام کرنے والوں کے لئے خاص تحفہ ہے۔ اکسیر صفت دوا ہے۔
(عضلاتی غدی)

## دیگر

**اجزاء و ترکیب ساخت:** مغز فندق۔ ناریل۔ مغز خربوزہ۔ مغز پستہ۔ مغز چلغوزہ۔ مغز تربوز۔ مغز کھیرا۔ مغز ککڑی۔ مغز اخروٹ۔ مغز کدو۔ مغز بادام (ہر ایک پانچ تولہ) نشاستہ تین پاؤ۔ روغن زرد۔ قند سفید (ہر ایک ایک کلو) بدستور مشہور ترکیب دیں۔

**ترکیب استعمال:** دس تولہ علی الصبح نہار منہ ہمراہ نیم گرم دودھ۔

**افعال و اثرات:** اعلیٰ درجہ کی مقوی دماغ دوا ہے۔ (اعصابی غدی)

## حبوب رفیق دماغ

**اجزاء و ترکیب ساخت:** رب ترپھلہ۔ رب برہمی۔ ست سلاجیت۔ کشتہ چاندی (ہر ایک ایک تولہ) شوگر آف ملک آٹھ تولہ۔ سب دواؤں کو جوشاندہ برہمی کی دو بھاونا دے کر دورتی کے برابر گولیاں تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** دو گولیاں صبح ہمراہ دودھ۔

**افعال و اثرات:** مقوی دماغ ہے۔ (اعصابی غدی)

## کثیر الفوائد

**اجزاء و ترکیب ساخت:** موصلی سفید۔ موصلی سیاہ۔ موصلی سینبھل۔ شقاقل مصری۔ اسطخودوس۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ پوست آملہ۔ کشنیز مقشر خشک۔ بیج بندولایتی۔ بیج مدن مست۔ گاؤزبان۔ ثعلب مصری۔ جاوتری۔ تالمکھانا۔ مصطگی رومی۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ تودری سفید۔ تودری سرخ۔ گوکھرو خورد (ہر ایک ایک تولہ) ورق نقرہ۔ نیم دفتری۔ زعفران چھ ماشہ۔

**ترکیب استعمال:** نصف تولہ تا ایک تولہ علی الصبح روزانہ۔ (غدی اعصابی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**افعال و اثرات:** مقوی دماغ و اعصاب۔ دافع سرعت انزال اور دافع تھکن جسمانی ہے۔ دماغی کام کرنے والوں کے نعمت غیر مترقبہ ہے۔

## معجون مجرب

**اجزاء و ترکیب ساخت:** جوز بوا۔ قرنفل۔ دانہ الائچی خورد۔ سعد کوفی۔ دارچینی۔ آملہ خشک۔ سنبل الطیب۔ خولنجان (ہر ایک پانچ تولہ) شہد خالص ایک کلو حسب دستور معجون تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** چھ ماشہ صبح و شام قبل از طعام ہمراہ آب تازہ یا عرق بادیان۔

**افعال و اثرات:** مقوی دماغ و حافظہ وباہ ہے۔ وحشت۔ افسردگی۔ بدہضمی۔ ضعف عام۔ کمی خون۔ تھکن دماغی کے مفید ہے۔ (عضلاتی غدی)

## خمیرہ مقوی دماغ

**اجزاء و ترکیب ساخت:** گاؤ زبان۔ کشنیز مقشر خشک۔ ابریشم مقرض خام۔ بہمن سفید۔ صندل سفید۔ تخم بالنگو (ہر ایک ایک تولہ) تمام اشیاء کو دو سیر پانی میں تر کریں۔ صبح کو اس قدر جوش دیں کہ ایک تہائی پانی باقی بچ رہے۔ پھر چھان کر مصری ایک سیر، شہد خالص ایک پاؤ ملا کر قوام تیار کریں۔ بعد ازاں عنبر دو ماشہ۔ ورق طلاء چھ ماشہ۔ ورق نقرہ چھ ماشہ شامل کریں اور مروارید۔ یاقوت۔ زمرد۔ زہر مہرہ (ہر ایک چار ماشہ) کھرل کر کے قوام میں حل کریں۔

**ترکیب استعمال:** پانچ ماشہ عرق گاؤ زبان بارہ تولہ کے ساتھ۔

**افعال و اثرات:** اعلیٰ درجے کا مقوی دماغ ہے۔ (اعصابی غدی)

# فالج

# (PARALYSIS)

## برائے فالج

**اجزاء و ترکیب ساخت:** طباشیر دو تولہ۔ کتھ سفید چار تولہ۔ سم الفار دو رتی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



تینوں اجزاء کو ایک ہفتہ آب ادرک میں کھرل کریں بعدہ حبوب بقدر ایک رتی تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح و شام ایک ہفتہ تک استعمال کرائیں۔ آٹھویں دن شربت قندی پلائیں۔ اس سے دست بخوبی ہوں گے اور قے بھی بافراغت ہوگی۔

**افعال و اثرات:** فالج میں مجرب ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

**نوٹ:** اس دوران غذا لازماً مرغن ہونی چاہیے۔

## دیگر

**اجزاء و ترکیب ساخت:** زروانڈ طویل آفشردہ چودہ ماشہ۔ افسنتین چودہ ماشہ۔ فرفیون چودہ ماشہ۔ حمامہ چودہ ماشہ۔ زنجبیل چودہ ماشہ۔ تمام ادویہ کو کوٹ پیس کر شہد کی مدد سے گوندھیں اور چھان کر حفاظت سے رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** چودہ ماشہ ہمراہ ماء العسل بارہ تولہ نوش کرائیں۔

**افعال و اثرات:** فالج میں مفید ہے۔ (عضلاتی غدی)

## معجون اذراقی

**اجزاء و ترکیب ساخت:** کچلہ مدبر دو تولہ۔ گاؤ زبان ایک تولہ۔ اسطخودوس تیرہ ماشہ۔ کتیرہ تیرہ ماشہ۔ نارجیل تیرہ ماشہ۔ مغز چلغوزہ تیرہ ماشہ۔ الائچی خورد نو ماشہ۔ زرنباد نو ماشہ۔ شقاقل مصری نو ماشہ۔ صندل سفید نو ماشہ۔ آملہ مقشر نو ماشہ۔ ہلیلہ سیاہ نو ماشہ۔ عود ہندی چار ماشہ۔ قرنفل چار ماشہ۔ شہد خالص سہ چند ہمہ ادویہ۔ بطریق معروف معجون تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** تین ماشہ ہمراہ شیر گاؤ یا عرق گاؤ زبان شاہترہ سونف دس تولہ۔

**افعال و اثرات:** فالج میں مفید ہے۔ (عضلاتی غدی)

## ماء العسل

**اجزاء و ترکیب استعمال:** ماء العسل بنا کر اس میں ایک عدد جائفل پیس کر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ملا لیں اور تھوڑا تھوڑا پلائیں۔

**افعال و اثرات:** انحطاط مزاجی کو فوری طور پر دور کرتا ہے اور طبیعت سنبھل جاتی ہے۔ جب مریض بات نہ کرتا ہو اور دورہ جاری ہو تو اس حالت میں بہت فائدہ ہوتا ہے۔ پندرہ بیس منٹ میں مریض باتیں کرنا لگتا ہے۔ (عضلاتی غدی)

برائے امراض عصبی

**اجزاء و ترکیب ساخت:** بالچھڑ۔ دار چینی۔ عود بلسان۔ حب بلسان۔ سلیخہ۔ مصطگی رومی۔ تگر۔ زعفران ہر ایک سات ماشہ۔ مصبر نو تولہ چار ماشہ۔

**افعال و اثرات:** صداع۔ دوران سر۔ شقیقہ۔ فالج لقوہ۔ رعشہ۔ برص۔ جذام۔ ہیضہ کو مفید ہے۔ (عضلاتی غدی)

دیگر

**اجزاء و ترکیب ساخت:** زنجبیل قرنفل (ہر ایک ایک تولہ) ساذج ہندی۔ دار چینی۔ خولنجاں۔ بالچھڑ۔ جوزبوا ہر ایک چھ ماشہ۔ درونج عقربی دو تولہ۔ ورق طلاء دو رتی۔ ورق نقرہ ایک ماشہ۔ مشک خالص تین رتی۔ شہد سہ چند ادویہ۔

**ترکیب استعمال:** تین یا نو ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

**افعال و اثرات:** فالج۔ لقوہ۔ خدر۔ جمود۔ رعشہ۔ نسیان۔ وحشت۔ جنون۔ نفخ شکم۔ ہچکی۔ سیلان لعاب دہن۔ ذات الریہ۔ نزلہ۔ زکام۔ سعال۔ مزمن۔ ضیق النفس۔ کیلئے مفید ہے۔ تریاق سمیات، مولد حرارت عزیزی، مقوی اعصاب و دماغ و قلب و جگر وطحال ہے۔ (غدی عضلاتی)

## جنون و مالیخولیا

## (MANIA & MELANCHOLIA)

برائے جنون و مالیخولیا

**اجزاء و ترکیب ساخت:** سوڈیم برومائیڈ۔ ایمونیم برومائیڈ۔ سونف۔ ابریشم

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



مقرض ہر ایک دو تولہ۔ صندل سفید تین تولہ۔ سوڈیم کاربونیٹ ڈیڑھ تولہ۔ تخم کاہو ایک تولہ سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** دو تا تین ماشہ ہمراہ آب تازہ۔

**افعال و اثرات:** ہر قسم کے جنون و مالیخولیا نیز سہر وغیرہ کیلئے مجرب و بے خطا ہے۔ (اعصابی وعضلاتی)

**دیگر:**

**اجزاء و ترکیب ساخت:** افسنتین سات ماشہ۔ گل سرخ پانچ ماشہ۔ گل گاؤزبان پانچ ماشہ۔ طباشیر پانچ ماشہ۔ مصطگی رومی تین ماشہ۔ دانہ الائچی خورد دو ماشہ۔ اگر ایک ماشہ۔ سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ ہمراہ گل قند تین تولہ۔

**افعال و اثرات:** مراق و مالیخولیا میں مفید و مجرب ہے۔ (غدی اعصابی)

**معجون شاہی**

**اجزاء و ترکیب ساخت:** زرشک۔ بنسلوچن اعلیٰ۔ صندل سفید۔ صندل سرخ۔ کشنیز خشک۔ گل گاؤزبان۔ آملہ۔ خرفہ (ہر ایک ایک تولہ)۔ گل سرخ۔ ابریشم مقرض۔ دار چینی۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ درونج عقربی (ہر ایک سات ماشہ) عود ہندی۔ بادرنجبویہ (ہر ایک پانچ ماشہ) مصطگی۔ چھڑیلہ۔ دانہ الائچی خورد (ہر ایک چار ماشہ) سب دواؤں کو کوٹ پیس کر باریک سفوف بنائیں۔ سفوف کے ہم وزن آب سیب شیریں اور شہد خالص لیں اور دو چند سفید قند شامل کرکے قوام بنائیں۔ آگ سے نیچے اتار کر قوام میں سفوف تھوڑا تھوڑا کرکے ملائیں اور آخر میں مروارید سات ماشہ۔ کہربا سات ماشہ عرق کیوڑہ میں کھرل کرکے قوام میں ملائیں۔ بعدہ مشک خالص دو ماشہ۔ عنبر دو ماشہ، زعفران اصلی سات ماشہ عرق کیوڑہ میں کھرل کرکے ملائیں۔ آخر میں ورق نقرہ ایک تولہ شامل کرکے خوب گھوٹیں۔ بس تیار ہے۔ نوٹ: عنبر گرم قوام میں ہی شامل کریں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**ترکیب استعمال:** پانچ ماشہ صبح وشام ہمراہ شیر نیم گرم استعمال کرائیں۔

**افعال و اثرات:** مالیخولیا مراقی میں مفید ہے۔ خفقان دور کرتا ہے۔ مقوی اعضائے رئیسہ ومعدہ ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

## معجون کثیر الفوائد:

**اجزاء و ترکیب ساخت:** گل کپاس دیسی دو تولہ۔ نبات سفید دو تولہ۔ گل قند دو تولہ۔ تمام اجزاء کو ملا کر یکجان کرلیں اور آٹھ روز تک غلہ گندم میں دفن رکھیں۔ (اعصابی غدی)

**ترکیب استعمال:** چھ ماشہ معجون شربت ذیل سے استعمال کرائیں۔

## شربت:

شیرہ سیب۔ شیرہ بہی۔ شیرہ آملہ بنارسی۔ شیرہ ہلیلہ کاشمیری۔ شیرہ بادام شیریں (ہر ایک دو تولہ) قند سفید مناسب مقدار میں ڈال کر حسب دستور شربت تیار کریں۔

**افعال و اثرات:** دافع فتور دماغ ہے۔ عضلاتی اعصابی ہے۔

## سفوف مجرب

**اجزاء و ترکیب ساخت:** صندل سفید۔ جدوار خطائی۔ بادیان۔ ابریشم مقرض پوٹاشیم برومائیڈ۔ ایمونیم برومائیڈ (ہر ایک ایک تولہ)۔ تخم کاہو۔ بادرنجبویہ (ہر ایک دو تولہ) سب اجزاء کوفتہ بیختی کر کے سفوف بنا کر رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک تا دو رتی

**افعال و اثرات:** سو فیصد مجرب مرکب ہے۔ جنون۔ مالیخولیا۔ اختناق الرحم۔ مراق، کابوس۔ توحش۔ ہذیان۔ بے چینی۔ سرسام۔ خناق۔ کثرت احتلام۔ جریان۔ سہر۔ ام الصبیان۔ صداع ہر قسم کے لئے مفید ہے۔ (غدی اعصابی)

## سفوف چندن

**اجزاء و ترکیب ساخت:** فلفل سیاہ بیس گرام۔ چھوٹی چندن دس گرام باریک

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سفوف تیار کر کے بڑے کیپسول بھر لیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک کیپسول صبح و شام ہمراہ دودھ۔

**افعال و اثرات:** جنون۔ اختناق الرحم۔ صرع۔ سہر۔ فشار الدم قوی۔ صفراوی خارش۔ اعصابی خلل نیز ذہنی نامردی میں بے حد مفید و مجرب ہے۔ (اعصابی غدی)

## اختناق الرحم

## (HYSTERIA)

### برائے اختناق الرحم

**اجزاء و ترکیب ساخت:** مغز کنوار گندل چھ ماشہ۔ آب حنظل چھ ماشہ۔ قلمی شورہ دس تولہ۔ ہر سہ اشیاء کو آگ پر پکائیں۔ جب غلیظ القوام ہو جائے تو حب بقدر ایک رتی کے بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** چار گولیاں ہمراہ آب گرم بوقت شب۔

**افعال و اثرات:** اختناق الرحم۔ دائمی قبض۔ ورم جگر اور سدہ اسار یقا میں مفید ہے نیز مصلح معدہ و جگر ہے۔ (اعصابی غدی)

### دیگر

**اجزاء و ترکیب ساخت:** زعفران۔ جاوتری۔ دار فلفل۔ اسگند نا گوری (ہر ایک چھ ماشہ) برگ تنبول دس عدد۔ آب ادرک دو تولہ تمام اجزاء کو کوٹ کر چھان کر آب ادرک کی مدد سے حبوب بقدر دانہ مونگ تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح و دوپہر و شام پان میں رکھ کر کھلائیں۔

**افعال و اثرات:** اختناق الرحم میں بہت مفید و مجرب ہے۔ (غدی اعصابی)

### دیگر

**اجزاء و ترکیب ساخت:** سنبل الطیب۔ سلیخہ۔ اسارون۔ مصطگی۔ دار چینی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



بادرنجویہ۔ حب بلسان۔ زعفران ہم وزن کوٹ چھان کر مناسب گل قند و شہد مصفی میں ملا کر محفوظ کرلیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک تولہ ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

**افعال و اثرات:** اختناق الرحم میں نہایت مفید و مجرب و آزمودہ ہے۔ (غدی عضلاتی)

دیگر

**اجزاء و ترکیب ساخت:** سنگ سرماہی۔ سپاری پاک۔ اسطخو دوس (ہر ایک تین ماشہ) کشتہ شاخ مرجان ایک تولہ۔ قلعی تین ماشہ۔ سکہ تین ماشہ۔ سکہ اور قلعی کو پگھلا کر کوزہ مصری کے ساتھ کھرل کریں۔ بعدہ دیگر اجزاء ملا کر خوب سحق بلیغ کریں۔

**ترکیب استعمال:** چھ ماشہ آب برگ مہندی کے ساتھ نوش کرائیں۔

**افعال و اثرات:** اختناق الرحم میں مفید ہے۔ (غدی اعصابی)

## رعشہ

## (CHOREA)

مجرب برائے رعشہ

**اجزاء و ترکیب ساخت:** قرنفل۔ سنبل الطیب۔ اسطخو دوس (ہر ایک دس ماشہ) دار چینی۔ ہلیلہ کابلی۔ پودینہ (ہر ایک سات ماشہ) حلتیت۔ غاریقون۔ تربد (ہر ایک چار ماشہ) عاقر قرحا۔ زعفران (ہر ایک تین ماشہ)۔ سم الفار چار رتی۔ شہد کی مدد سے حبوب بقدر فلفل سیاہ تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** چار گولیاں صبح، دوپہر شام بعد از طعام

**افعال و اثرات:** رعشہ میں مفید و مجرب ہے۔ (عضلاتی غدی)

معجون برائے رعشہ

**اجزاء و ترکیب ساخت:** اسطخو دوس۔ قنطوریون دقیق۔ قرنفل۔ ہر ایک دو

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



تولہ گیارہ ماشہ۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ صعتر۔ دارچینی (ہر ایک دو تولہ) تربد۔ غاریقون۔ حلتیت (ہر ایک چودہ ماشہ) زعفران۔ عاقرقرحا ہر ایک دس ماشہ۔ حسب دستور شہد میں معجون بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** نو ماشہ شربت شہد کے ساتھ ایک دن کا ناغہ کر کے۔

**افعال و اثرات:** رعشہ میں مفید و مجرب معجون ہے۔ (عضلاتی غدی)

روغن مرکب:

**اجزاء و ترکیب ساخت:** روغن تارپین۔ روغن مالکنگنی۔ روغن موم۔ روغن جوز ماثل (ہر ایک پانچ تولہ) روغن لونگ ایک تولہ سب روغنوں کو آپس میں ملا لیں۔ اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** بوقت ضرورت نیم گرم کر کے مالش کریں۔

**افعال و اثرات:** فالج۔ لقوہ اور رعشہ میں مفید و مجرب ہے نیز ریحی دردوں کو بھی دور کرتا ہے۔ (عضلاتی غدی)

## صرع

## (EPILES)

حبوب برائے صرع

**اجزاء و ترکیب ساخت:** مرکی۔ فرفیون۔ عصارہ ریوند۔ حلتیت خالص ہر ایک چھ ماشہ۔ گل قند عمدہ دو تولہ۔ حبوب بقدر کنار صحرائی تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** جوان کیلئے دو گولیاں ہمراہ عرق بادیان پندرہ تولہ صبح و شام نوش کرائیں۔

**افعال و اثرات:** صرع میں مفید و مجرب ہے۔ (عضلاتی غدی)

معجون برائے صرع

**اجزاء و ترکیب ساخت:** اسطخودوس۔ بسفائج۔ عاقرقرحا۔ افتیمون ولایتی (ہر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ایک دوتولہ) شہد خالص سولہ تولہ۔ بطریقِ معروف معجون تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ صبح وشام ہمراہ عرق گاؤزبان بارہ تولہ نوش کرائیں۔

**افعال و اثرات:** صرع میں نافع ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

## جوشاندہ

**اجزاء و ترکیب ساخت استعمال:** بادرنجبویہ چار ماشہ۔ برنجاسف دو ماشہ۔ اسطخودوس چھ ماشہ۔ انیسون چار ماشہ۔ اصل السوس تین ماشہ۔ جوشاندہ تیار کرکے شہد سے شیریں کرکے ایک ہفتہ تک صبح وشام استعمال کرائیں۔

**افعال و اثرات:** صحت ہوگی ان شاءاللہ۔ (اعصابی غدی)

## برائے صرع

**اجزاء و ترکیب ساخت:** تخم پٹھکنڈا۔ ٹڈامدار ایک تولہ۔ کوٹ پیس کر ہمراہ شہد حبوب بقدر دانہ موٹھ تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح وشام ہمراہ دودھ۔

**افعال و اثرات:** صرع کو مفید ہے۔ (اعصابی غدی)

# عرق النساء

# (SCITICA)

## حبوب برائے عرق النساء

**اجزاء و ترکیب ساخت:** گندھک آملہ سار دو تولہ۔ سہاگہ دو تولہ۔ جوکھار چار تولہ۔ فلفل سیاہ بیس تولہ۔ سیماب ایک تولہ۔ بیش چھ تولہ۔ سم الفار ایک تولہ۔ پارے اور گندھک کی کجلی بنائیں پھر دوسری دوائیں ڈال کر آب ادرک ڈیڑھ سیر میں کھرل کرکے نخودی گولیاں تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**افعال و اثرات:** عرق النساء۔ وجع المفاصل۔ وجع الورک کو دور کرتا ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

ضماد برائے عرق النسآء

**اجزاء و ترکیب ساخت:** گوداملتاس۔عدس مقشر۔کاہو۔خشخاش سفید۔ چترا۔ پوست اخروٹ۔بچھناک مدبر۔ ہر ایک ایک تولہ۔علی الرسم ضماد تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** بقدر حاجت مقام ماؤف پر لگائیں۔

**افعال و اثرات:** عضلاتی اعصابی ہے۔

سفوف برائے عرق النساء

**اجزاء و ترکیب ساخت:** سورنجان شیریں ایک تولہ۔ سنامکی دس ماشہ۔ تربد چار ماشہ۔زہرہ سیاہ چار ماشہ۔ پودینہ چار ماشہ۔فلفل سیاہ چار ماشہ۔سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** پانچ ماشہ صبح وشام ہمراہ آب تازہ۔

**افعال و اثرات:** عرق النساء میں مفید ہے۔ (غدی اعصابی)

## نسیان

برائے نسیان

**اجزاء و ترکیب ساخت:** برہمی۔ طباشیر اصلی۔ دانہ الائچی خورد۔ ثعلب مصری۔کوزہ مصری ہر ایک دو تولہ۔ باریک سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** دو ماشہ صبح وشام ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم کھلائیں۔

**افعال و اثرات:** نسیان میں مفید ومجرب ہے۔ (اعصابی غدی)

مجرب دافع نسیان

**اجزاء و ترکیب ساخت:** بہمن سفید۔ بالچھڑ۔ دارچینی۔ مرمکی۔ بیخ سوسن (ہر ایک چھ ماشہ) زعفران۔ ابریشم مقرض (ہر ایک تین ماشہ) کوٹ چھان کر آب ادرک کی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



مدد سے نخودی گولیاں تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** دو گولیاں صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ کھلائیں۔ یہ گولیاں مسلسل ایک ماہ کھلائیں۔

**افعال و اثرات:** دفعیہ نسیان میں لاجواب ہیں۔ (عضلاتی غدی)

## تشنج

## (CONVULSION)

برائے تشنج

**اجزاء و ترکیب ساخت:** دارچینی۔ مغز بادام۔ جائفل۔ پوٹاشیم برومائڈ۔ کلورل ہائیڈریٹ (ہر ایک پانچ تولہ)۔ ناریل سات تولہ۔ شہد ساٹھ تولہ۔ معجون تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** چھ ماشہ ہمراہ دودھ روزانہ۔

**افعال و اثرات:** تشنج، کزاز (چاندنی) کیلئے اعلیٰ درجے کی اکسیر صفت دوا ہے۔ (غدی اعصابی)

دیگر

**اجزاء و ترکیب ساخت:** جائفل۔ جاوتری۔ عاقر قرحا (ہر ایک ایک تولہ) فلفل دراز۔ سنبل الطیب (ہر ایک دو تولہ) حلتیت تین تولہ۔ عرق لہسن دس تولہ۔ باریک پیس کر سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک تا دو ماشہ ہمراہ آب نیم گرم دن میں چار بار۔

**افعال و اثرات:** ہر قسم کے کزاز و تشنج میں تریاق کا درجہ رکھتا ہے۔ دورہ فوراً رک جاتا ہے۔ نیز صرع۔ اختناق الرحم۔ ذبہ اطفال۔ تبخیر معدہ۔ ریاح شکم۔ درد شکم بلغمی کے لئے بے حد مفید ہے۔ (عضلاتی غدی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# وجع الورک

## برائے وجع الورک

**اجزاء و ترکیب ساخت:** سورنجاں شیریں۔ فلفل دراز۔ سنا مکی۔ ہلیلہ کابلی۔ حنظل ہر ایک دو تولہ۔ غاریقون چار تولہ۔ آب کنوار گندل کی مدد سے حب کنار دشتی بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** دو گولیاں بوقت شب ہمراہ دودھ۔

**افعال و اثرات:** وجع الورک میں مفید ہے۔

## دیگر

**اجزاء و ترکیب ساخت:** سورنجاں شیریں۔ مغز کشنیز (ہر ایک ایک تولہ) اسپرین۔ انٹی فیبر ین (ہر ایک دو ماشہ) کیفین تین ماشہ۔ مصری تین تولہ۔ سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** چھ رتی صبح وشام ہمراہ پانی۔

**افعال و اثرات:** درد کمر۔ وجع المفاصل۔ اعصابی دردیں۔ درد سینہ میں مفید ہے۔

## دیگر (۸۴)

**اجزاء و ترکیب ساخت:** پھٹکری بریان ایک تولہ۔ سورنجاں شیریں پانچ تولہ۔ لعاب صمغ عربی کی مدد سے چھوٹے بیر کے برابر گولیاں تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی ہمراہ پانی بعد از طعام۔ نہار منہ نہ کھلائیں۔

**افعال و اثرات:** کمر سے نچلے حصے کے جوڑوں کے درد کے لیے مفید ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# مجربات امراض العین

## آشوب چشم

## (CONJUNCTIVITIS)

### برائے امراض چشم

**اجزاء و ترکیب ساخت:** رسوت دو تولہ۔ پھٹکری دو تولہ۔ برگ املی سبز ایک تولہ۔ برگ شگوفہ نیم ایک تولہ۔ گل نیم چھ ماشہ۔ برگ حنا چھ ماشہ۔ زیرہ سفید چھ ماشہ۔ شہد خالص دو تولہ۔ تمام اجزاء کو نیم کوب کر کے عرق گلاب عمدہ یا آب باراں مقطر میں آٹھ پہر بھگوئیں بعدہ اس کو آگ پر رکھ کر پکائیں جب تیسرا حصہ جل جائے تو آگ سے نیچے اتار کر سرد کر کے خوب مل چھان کر آب زلال کو رکھ چھوڑیں۔ اب اس آب زلال کو کسی آہنی برتن میں ڈالیں اور شہد بھی شامل کر دیں۔ پھر پکائیں جب ذرا گاڑھا ہو جائے تو آگ سے نیچے اتر کر سرد کر کے شیشی میں ڈال کر حفاظت سے رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** دن میں دو تین بار دو قطرے آنکھوں میں ڈالیں۔

**افعال و اثرات:** آشوب چشم۔ ککرے۔ گندہ چشم اور سرخی چشم میں مجرب ہے۔ ''عرصہ بیس سال سے احقر کے استعمال میں معمول مطب ہے۔ الحمد اللہ کبھی ناکامی نہیں ہوئی۔ حکیم عطا محمد خاں 3 فروری 1940ء۔'' (عضلاتی اعصابی)

### دیگر

**اجزاء و ترکیب ساخت:** رسوت عمدہ پانچ تولہ۔ پھٹکڑی سفید دو تولہ۔ شگوفہ نیم ایک تولہ۔ شہد مصفی دو تولہ۔ اول رسوت۔ پھٹکڑی اور شگوفہ نیم کو نیک کوفتہ کر کے بیس تولہ آب باراں میں چار پہر بھگو رکھیں۔ علی الصبح آگ کی انگیٹھی پر کسی آہنی ظرف میں ڈال کر قدرے جوش دے کر پارچہ بیز کر کے آب زلال میں شہد ملا کر پھر پکائیں۔ یہاں تک کہ قوام ذرا گاڑھا ہو جائے اور انگلی لگانے سے چپک سی محسوس ہونے لگے تو

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



دوا تیار ہے۔

**ترکیب استعمال:** دو قطرے دن میں دو یا تین مرتبہ ٹپکائیں۔

**افعال و اثرات:** آشوب چشم۔ درد چشم۔ گندہ چشم۔ سبل۔ چوہندی۔ سرخی چشم میں مفید ہے۔ "اٹھارہ سال سے میرے تجربے میں ہے۔ حکیم عطا محمد خاں۔" (غدی عضلاتی)

### ضماد برائے چشم

لودھ۔ سہاگہ۔ پھٹکڑی۔ گیرو۔ ملا فیم آنکھ دکھن ڈالیپ ہے کہت لقمان حکیم (عضلاتی غدی)

## ضعفِ بصر

## (ASTHENOPIA)

### سرمہ مقوی

**اجزاء و ترکیب ساخت:** سرمہ اصفہانی دو تولہ۔ تخم نیل چھ ماشہ۔ کباب چینی چھ ماشہ۔ تمام اجزاء کو سرمہ کی طرح باریک پیس لیں۔ پھر باریک شدہ کافور تین ماشہ، روح کیوڑہ دو تولہ ڈال کر تمام اجزاء دو گھنٹے تک کھرل کریں اور محفوظ کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک سلائی صبح و شام نیز صبح کے وقت خمیرہ گاؤزبان جواہر دار پانچ ماشہ اور رات کو اطریفل کشنیزی ایک تولہ کھلائیں۔

**افعال و اثرات:** نظر کو تیز اور دماغ کو تقویت دیتا ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

### برائے ضعف دماغ و بصارت

**اجزاء و ترکیب ساخت:** مغز بادام شیریں گیارہ عدد۔ مغز تخم کدوئے شیریں سات ماشہ۔ مغز بنولہ نو ماشہ۔ تخم خشخاش پانچ ماشہ۔ کشنیز خشک پانچ ماشہ۔ چاول سفید ایک تولہ۔ مصری چار تولہ۔ مکھن ایک تولہ مغزیات چاول اور کشنیز کو پانی میں پیس کر شیرہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



نکال لیں۔ پھر اس میں مصری اور مکھن ملا کر حریرہ کی مانند پکائیں۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ صبح کے وقت استعمال کریں۔

**افعال و اثرات:** ضعف بصارت و دماغ میں مفید ہے۔ (غدی اعصابی)

## سرمہ برائے ضعف بصر

**اجزاء و ترکیب ساخت:** سرمہ قندھاری۔ سچی چینی۔ مغز تخم سرس۔ شورہ قلمی ہر ایک تین تولہ۔ برگ نیم سبز۔ کتھہ سفید۔ نوشادر۔ میل چاندی۔ میل سونا۔ جست شگفتہ ہر ایک ایک تولہ۔ سب کو عرق گلاب عمدہ میں کھرل کر کے سرمہ بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** سرمہ کے طور پر استعمال کریں۔

**افعال و اثرات:** ضعف بصر کے لیے بہت مفید ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

## دیگر

**اجزاء و ترکیب ساخت:** سرمہ سیاہ پھٹکڑی بریاں (ہر ایک چار تولہ) مرجان سوختہ۔ صدف سوختہ۔ نبات سفید (ہر ایک دو تولہ) کشتہ جست آٹھ تولہ۔ ورق نقرہ کلاں بائیس عدد۔ ان کو عرق بادیان و گلاب عمدہ میں کھرل کے نہایت باریک سرمہ تیار کر کے محفوظ کریں۔

**ترکیب استعمال:** سرمہ

**افعال و اثرات:** ضعف بصر کیلئے مفید ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

# سَبل

# (PANNUS)

## سرمہ برائے سَبل

**اجزاء و ترکیب ساخت:** برگ مہندی خشک دو تولہ۔ زیرہ سفید دو تولہ کو آب باراں مقطر میں آٹھ پہر بھگوئیں۔ بعدہ پھٹکڑی بریاں تین ماشہ کھرل کر کے آب زلال

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



برگ حنا و زیرہ سفید تھوڑا تھوڑا ڈال کر کھرل کرتے رہیں۔ اسی طرح تمام پانی جذب کریں اور خشک کریں۔ زرد رنگ کا خوشنما سرمہ تیار ہوگا۔

**ترکیب استعمال:** اول حب شبیار سے تنقیہ دماغ کریں۔ اگر نظر بھی بند ہوگئی ہو (خدانخواستہ) تو رات کے وقت اسپغول مسلم کو نم دے کر دو ٹکیہ بنا کر آنکھوں پر باندھیں۔ صبح اٹھ کر بورک ایسڈ چھ ماشہ پانی میں ملا کر آنکھوں کو دھو ڈالیں۔ ایک ہفتہ ایک ایسا کرنے سے نظر میں صحت یابی آئے گی۔ بعد ازاں سرمہ مذکورہ دو سلائی آنکھوں میں لگوایا کریں۔

**افعال و اثرات:** سبل چشم میں نہایت مفید و مجرب ہے۔ "احقر کا بیس سالہ مجربہ ہے۔ حکیم عطا محمد خاں 1940ء۔" (عضلاتی اعصابی)

### حب شبیار (۹۳)

**اجزاء و ترکیب ساخت:** ہلیلہ زرد۔ بلیلہ۔ سنا مکی ہر ایک پانچ تولہ۔ گل سرخ۔ حب النیل ہر ایک تین تولہ۔ ایلوا۔ کندر ہر ایک دو تولہ۔ گوگل۔ ریوند چینی۔ مصطگی ہر ایک تین ماشہ۔ کتیرا ایک ماشہ حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** چار ماشہ کے بقدر بوقت شب ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ۔

**افعال و اثرات:** منقی دماغ ہے۔ درد سر۔ سر کا بوجھ۔ درد کان۔ بہرا پن۔ پرانا بخار کھانسی۔ ورم جگر و طحال میں مفید ہے۔ (غدی عضلاتی)

## پڑبال

## (TRICHIASIS)

### شیاف پڑبال:

**اجزاء و ترکیب ساخت:** کف دریا تین ماشہ۔ شورہ قلمی تین ماشہ۔ رسونت تین ماشہ۔ سرمہ سفید چار ماشہ۔ طوطیا ایک ماشہ۔ شہد خالص حسب ضرورت۔ تمام ادویہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



کو کسی ظرف میں ڈال کر کیکر کے درخت کے تازہ ڈنڈے کے ساتھ خوب باریک کھرل کریں۔ بعدہ شہد خالص ڈال کر خوب رگڑیں اور شیاف بنا کر خشک کرلیں۔

**ترکیب استعمال:** لڑکی والی عورت کے دودھ میں گھس کر پڑبال کی جگہ لگائیں۔ پہلے پڑبال کو اکھیڑ دیں۔ ان شاء اللہ آرام ہوگا۔

**افعال و اثرات:** پڑبال پیدا نہ ہوگا۔ (عضلاتی غدی)

# شب کوری

## (HEMERALOPIA)

### برائے شب کوری

**اجزاء و ترکیب ساخت:** تربد سفید تین ماشہ۔ پوست ہلیلہ کابلی ایک ماشہ۔ غاریقون ایک ماشہ۔ ایلوا دو ماشہ۔ گل سرخ ایک ماشہ تین چاول۔ گوگل پانچ رتی۔ سقمونیا دو رتی۔ حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی دن میں تین بار۔

**افعال و اثرات:** شب کوری میں مفید و مجرب ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

### سرمہ برائے شب کوری

**اجزاء و ترکیب ساخت:** فلفل سیاہ۔ تخم سرس۔ کف دریا۔ قرنفل۔ ہر ایک گیارہ ماشہ۔ تمام اجزاء کو باریک پیس کر سرمہ سیاہ چار ماشہ ملا کر کھرل کر کے آنکھوں میں لگائیں۔

**ترکیب استعمال:** سرمے کی مانند لگائیں۔

**افعال و اثرات:** شب کوری میں مفید ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# نزول الماء

## (CATARACT)

### برائے نزول الماء

**اجزاء و ترکیب ساخت:** مویز منقیٰ۔ سلیخہ۔ اسارون۔ دار چینی۔ زعفران۔ حب بلسان۔ عود بلسان۔ مصطگی۔ گل سرخ (ہم وزن) حب نخودی تیار کر کے ورق نقرہ لپیٹیں۔

**ترکیب استعمال:** پہلے روز بوقتِ خواب تین گولیاں پانی سے نگل لیں پھر ہر روز ایک ایک گولی بڑھاتے جائیں حتیٰ کہ نو گولی تک پہنچ جائے پھر علی الترتیب کم کرتے جائیں۔ تین پر پھر بڑھانا شروع کر دیں۔ علی ھذا القیاس چار ماہ تک یہ دوا استعمال کریں۔

**افعال و اثرات:** بلا آپریشن نزول الماء کی شکایت دور ہوگی۔ بہت سے دوسرے امراض سر کا شافی علاج ہے۔ (غدی عضلاتی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# بیاض

## (OPACITY OF THE CORNEA)

### سرمہ برائے بیاض

**اجزاء و ترکیب ساخت:** آب سرس سیاہ ایک پاؤ۔ سمندر جھاگ ایک تولہ۔ بیس دن متواتر کھرل کر کے مرہم تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک ہفتہ تک نصف سلائی آنکھ میں ڈالیں۔ پھر ایک ہفتہ چھوڑ کر شروع کریں۔

**افعال و اثرات:** جالا چشم میں مفید و مجرب ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

### دیگر

**اجزاء و ترکیب ساخت:** سرمہ سیاہ۔ نوشادر ٹھیکری (ہر ایک ایک تولہ) سرمہ سفید چھ ماشہ۔ اولین دو اجزاء کو آب زم زم میں کھرل کریں۔ ان کا جوہر لیں۔ بعدہ سرمہ سفید چھ ماشہ کو رگڑیں۔ باریک پیس کر اس میں جوہر ڈال کر آب لیموں چار عدد ڈال کر خشک کریں۔

**ترکیب استعمال:** رات کو سوتے وقت بطور سرمہ آنکھوں میں لگائیں۔

**افعال و اثرات:** دھند۔ جالا۔ غبار کیلئے مفید ہے۔ اکسیر صفت ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

# امراض الاذن

## بہرا پن

## (DEAFNESS)

### روغن برائے امراض الاذن

**اجزاء و ترکیب ساخت:** اجوائن خراسانی۔ حرمل (ہر ایک ساٹھ ماشہ) جوکوب

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



کر کے ساڑھے سات چھٹانک پانی میں بھگو دیں اور صبح کو جوش دیں۔ جس وقت نصف رہ جائے صاف کر کے روغن کنجد ایک پاؤ داخل کر کے پھر جوش دیں حتیٰ کہ صرف روغن باقی رہے۔

**ترکیب استعمال:** دو قطرے دن میں تین بار نیم گرم کر کے ڈالیں۔

**افعال و اثرات:** بہراپن اور درد کان کو مفید ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

### حبوب برائے امراض الاذن

**اجزاء و ترکیب ساخت:** نسوت سفید مقشر سات ماشہ۔ انزروت سات رتی۔ گودا اندرائن تین ماشہ۔ پوست ہلیلہ کابلی تین ماشہ۔ کتیرا ایک ماشہ تین چاول۔ سب دواؤں کو کوٹ کر پانی کے ساتھ خمیر کریں۔ اور گولیاں بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ساڑھے تین ماشہ مثل حب شبیار کے استعمال کرائیں۔

**افعال و اثرات:** بہراپن اور کان کی گرانی میں مفید ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

## وجع الاذن

## (OTALGIA)

### برائے وجع الاذن

**اجزاء و ترکیب ساخت:** ایلوا۔ چھالیہ ہر ایک سات ماشہ۔ سنڈھ ساڑھے تین ماشہ۔ آب کشنیز سبز میں گوندھ کر قرص بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** بوقت ضرورت پانی میں گھس کر کان کے گرد طلاء کریں۔

**افعال و اثرات:** درد کان میں مفید و مجرب ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

## سیلان الاذن

## (OTORRHOEA)

### روغن برائے سیلان الاذن

**اجزاء و ترکیب ساخت:** روغن سرشف سو گرام۔ دانہ گندم دس عدد۔ کونپل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



برگ نیم دس گرام۔ لہسن پانچ عدد۔ تمام اشیاء کو ملا کر آگ پر پکائیں جب جل جائے تو پن کر محفوظ کر لیں۔

**ترکیب استعمال:** چند قطرے کان میں ٹپکائیں۔

**افعال و اثرات:** سیلان الاذن۔ وجع الاذن وغیرہ میں مفید و مجرب ہے۔ (غدی عضلاتی)

# امراض الانف

## نزلہ وزکام

## (CORYZA)

### برائے نزلہ وزکام

**اجزاء و ترکیب ساخت:** چہار مغز ہر ایک نو ماشہ۔ خشخاش ایک تولہ۔ مغز بادام دس عدد۔ بنفشہ چھ ماشہ۔ قند سفید نصف پاؤ۔ روغن زرد ایک چھٹانک۔ بدستور معروف حلوہ تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** نصف تولہ تک دن میں دو بار نہار منہ ہمراہ دودھ۔

**افعال و اثرات:** نزلہ وزکام میں مفید ہے۔ (غدی اعصابی)

### دیگر

**اجزاء و ترکیب ساخت:** اسپرین دو رتی۔ کشتہ ابرک سفید دو رتی۔ چینی دو رتی ملا کر دیں۔ (ایک خوراک)

**افعال و اثرات:** عضلاتی اعصابی ہے۔ نزلہ زکام وبائی بخار، دردسر، درد بدن، تبض کیلئے مفید ہے۔

### دیگر

**اجزاء و ترکیب ساخت:** طباشیر۔ زہر مہرہ۔ زعفران۔ الائچی خورد۔ کشنیز خشک

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جدوار۔ ملٹھی۔ دار چینی۔ جائفل (ہر ایک چھ ماشہ) خشخاش دو تولہ۔ حبوب نخودی تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** دو گولیاں رات کو ہمراہ آب تازہ۔

**افعال و اثرات:** نزلہ وزکام اور کھانسی میں مفید و مجرب ہے۔ (عضلاتی غدی)

**دیگر**

**اجزاء و ترکیب ساخت:** کچلہ مدبر پانچ تولہ۔ فلفل دراز۔ فلفل سیاہ۔ دار چینی۔ زنجبیل۔ سہاگہ ہر ایک دو تولہ۔ سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک تا دو رتی ہمراہ آب تازہ۔

**افعال و اثرات:** نزلہ۔ زکام۔ کھانسی۔ وجع المفاصل۔ ضعف ہضم۔ دائمی قبض۔ ذات الجنب اور بلغمی بخاروں کے لیے تریاق کا حکم رکھتی ہے۔ (عضلاتی غدی تریاق)

**دیگر**

**اجزاء و ترکیب استعمال:** سہاگہ۔ ملٹھی۔ گندھک (ہر ایک تین تولہ) سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** دو ماشہ دن میں تین بار ہمراہ نیم گرم پانی۔

**افعال و اثرات:** رقیق نزلہ کیلئے مفید ہے۔ (غدی اعصابی)

**دیگر**

**اجزاء و ترکیب استعمال:** نوشادر دو تولہ۔ اجوائن تین تولہ۔ گندھک تین تولہ۔ سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** دو ماشہ ہمراہ نیم گرم پانی۔

**افعال و اثرات:** بند نزلہ کیلئے مفید ہے۔ (غدی عضلاتی)

**دیگر**

**اجزاء و ترکیب ساخت:** جدوار۔ قرنفل۔ مومیائی۔ کلونجی۔ (ہر ایک دو ماشہ)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



اجوائن خراسانی چار ماشہ۔ حبوب بقدر دانہ مسور تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی ہمراہ عرق گاؤزبان سہ آتشہ۔

**افعال و اثرات:** نزلہ و زکام' کھانسی میں مفید ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

**جوشاندہ**

**اجزا و ترکیب ساخت:** زوفا۔ ملٹھی چھ ماشہ۔ عناب دس عدد۔ جوشاندہ بنا کر پئیں۔

**افعال و اثرات:** نزلہ و زکام عام میں مفید ہے۔

**دیگر جوشاندہ**

**اجزا و ترکیب ساخت:** دارچینی۔ بادیان خطائی پانچ ماشہ۔ جوشاندہ بنا کر پئیں۔

**افعال و اثرات:** نزلہ و زکام وبائی میں مفید ہے۔

**دیگر جوشاندہ**

**اجزا و ترکیب ساخت:** لسوڑیاں نو عدد۔ عناب پانچ عدد۔ بہی دانہ تین ماشہ۔ جوشاندہ بنا کر استعمال میں لائیں۔

**افعال و اثرات:** نزلہ حار میں مفید ہے۔ (اعصابی غدی)

**دیگر**

**اجزا و ترکیب ساخت:** گل بنفشہ پانچ ماشہ۔ گاؤزبان تین ماشہ۔ عناب پانچ عدد۔ خطمی تین ماشہ۔ خبازی تین ماشہ۔ ملٹھی تین ماشہ۔ سپستان نو عدد۔ پانی میں جوش دے کر پلائیں ان دواؤں کو پھر پانی میں ڈال دیں جوش دے کر شام کو دوبارہ پئیں۔

**افعال و اثرات:** نزلہ دائمی میں مفید ہے۔ (اعصابی غدی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



حبوب نزلی

**اجزا و ترکیب ساخت:** جوز ماثل۔ مغز پنبہ دانہ۔ خشخاش۔ تخم کاہو۔ دار چینی۔ ریوند خطائی۔ سنڈھ۔ ہر ایک پانچ تولہ۔ لعاب گوند کیکر کی مدد سے نخودی گولیاں تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم۔

**افعال و اثرات:** نزلہ میں مفید ہیں۔ (عضلاتی اعصابی)

برائے نزلہ و زکام

**اجزا و ترکیب ساخت:** مغز چلغوزہ۔ مغز فندق ہر ایک دو چھٹانک۔ مغز پستہ۔ مغز خیارین۔ مغز کدو ہر ایک ایک چھٹانک۔ مغز بادام۔ خشخاش۔ ہر ایک چار تولہ۔ الائچی خورد ایک تولہ۔ سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** دو تولہ ہمراہ دودھ ایک پاؤ گھی دیسی دو چمچ چینی حسب ضرورت۔

**افعال و اثرات:** نزلہ و زکام۔ کھانسی۔ دمہ نیا و پرانا۔ کیرا میں مفید ہے۔ (غدی اعصابی)

سفوف اذراقی

**اجزا و ترکیب ساخت:** فلفل سیاہ۔ زنجبیل۔ فلفل دراز۔ سہاگہ۔ دار چینی ہر ایک ایک تولہ۔ کچلہ مدبر ڈھائی تولہ۔ سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** چار رتی ہمراہ آب تازہ صبح و شام

**افعال و اثرات:** نزلہ۔ زکام۔ کھانسی۔ اعصابی دردوں میں مفید ہے۔ (عضلاتی غدی)

روغن تارا میرا

**اجزا و ترکیب ساخت:** کشنیز خشک پچاس گرام۔ برگ مہندی پچاس

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



گرام۔ رسونت پچاس گرام۔ فلفل سیاہ پچاس گرام۔ اجوائن دیسی پچاس گرام۔ تیل تارا میرا نصف کلو گرام۔ مٹی کی ہنڈیا میں ایک کلو پانی ڈال کر تیل کے سوا سب ادویات آٹھ دن تک کے لیے بھگو دیں۔ آٹھ دن کے بعد تیل ڈال کر جوش دیں۔ جب پانی جل جائے تو اتار کر ٹھنڈا کر کے صاف کر کے رکھیں۔

**ترکیب استعمال :** پچاس گرام تیل کی روزانہ سر میں مالش کرائیں۔

**افعال و اثرات :** نزلہ (کیرا) نسیان، سر میں خارش کے لیے مفید ہے۔

(غدی اعصابی)

(عطیہ: مولانا حکیم فاروق اعظم صاحب)

### سفوف برائے نزلہ وبائی

**اجزا و ترکیب ساخت :** آملہ دو تولہ۔ ہلیلہ سیاہ تین تولہ۔ گندھک آملہ سار تین تولہ۔ باریک سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال :** ایک تا دو ماشہ ہمراہ پانی یا قہوہ۔

**افعال و اثرات :** بلغم کی زیادتی۔ موٹاپا۔ اسہال۔ زکام۔ دردسر۔ منہ کا ذائقہ کھاری رہنا اور نزلہ و زکام وبائی کے لیے مفید ہے۔ معین حمل ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

## کثرت عطس

### برائے کثرت عطس

**اجزا و ترکیب ساخت استعمال :** گاؤزبان۔ منقیٰ۔ سونف ہر ایک پانچ ماشہ۔ جوشاندہ بنا کر پلائیں۔ (اعصابی غدی)

اور درج ذیل سعوط کریں۔

**سعوط :** روغن کدو ایک تولہ۔ جوہر پودینہ پانچ تولہ۔ باہم ملا کر دو دو قطرے ناک میں ڈالیں۔ (غدی اعصابی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



(۱۲۱)

**اجزا و ترکیب ساخت و استعمال :** سوڈا اسیلی سلاس ڈھائی تولہ۔ ڈورن پاؤڈر سوا تولہ۔ باہم ملا کر ایک ماشہ عرق گاؤزبان کے ساتھ کھلائیں۔ (غدی اعصابی)

# امراض آلات التنفس

## ضیق النفس

## (ASTHMA)

### لعوق برائے ضیق النفس

**اجزا و ترکیب ساخت :** تمباکو دیسی دو بڑے پتے۔ بنفشہ دو تولہ۔ زوفا خشک دو تولہ۔ تمباکو کے پتے تین سیر پانی میں ڈال کر پانی کو جوش دیں۔ نصف پانی رہ جائے تو پتے نکال کر بنفشہ اور زوفا ڈال کر جوش دیں۔ جب پانی نصف رہ جائے تو نرمی سے پن چھان لیں پھر مصری ڈال کر قوام بنائیں۔ لعوق تیار ہے۔

**ترکیب استعمال :** نصف تولہ چٹائیں۔

**افعال و اثرات :** ضیق النفس اور پرانی کھانسی کے لیے مفید ہے۔ (عضلاتی غدی)

### دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** گڑ کہنہ ایک کلو۔ مجیٹھ۔ پوست درخت کوکن بیر۔ پوست مغیلاں۔ ریش برگد۔ پوست درخت سہانجنہ۔ شہد خالص۔ تخم کثائی خورد۔ حنظل ہر ایک چالیس تولہ۔ ہر چہار نمک۔ نوشادر ٹھیکری۔ ست پودینہ ہر ایک دس تولہ۔ ہر چہار اجوائن ہر ایک بیس تولہ۔ بیضہ مرغ بارہ عدد۔ شہد اور ست پودینے کے علاوہ تمام اجزا کو باریک پیس کر ایک گلی برتن میں دو یوم تک بھگوئے رکھیں۔ اس کے بعد بیری کی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



لکڑی کے ساتھ پکائیں۔ جس وقت آب زلال ایک بوتل رہ جائے تو ست پودینہ اور شہد ملا کر تین جوش دیں۔ تیار ہے۔

**ترکیب استعمال :** ایک تولہ ہمراہ قند سفید نوش کرائیں۔ غذا میں۔ دال مسور۔ شوربا دیسی مرغ اور بیسنی روٹی دیں۔

**افعال و اثرات :** بلغمی اور سوداوی دمہ میں مفید ہے۔ (غدی عضلاتی)

## کشتہ سم الفار

**اجزا و ترکیب ساخت :** سم الفار سفید ایک تولہ لے کر کلہ گلی میں سم الفار کو رکھ کر شیر مدار میں چالیس یوم تر کر کے رکھیں۔ پھر بیس کلو ریت لیں۔ ریت برتن میں اس طرح ڈالیں کہ دس سیر ریت نیچے ہو دس سیر اوپر اور درمیان میں سم الفار بعد ازاں نیچے آگ روشن کر دیں۔ حتیٰ کہ ریت پر دانہ گرتے ہی بھن جائے۔ کشتہ سم الفار تیار ہو گا۔

**ترکیب استعمال :** ایک چاول مسکہ میں۔

**افعال و اثرات :** بلغمی دمہ کے لیے اکسیر ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

## معجون برائے ضیق النفس

**اجزا و ترکیب ساخت :** چرچٹہ کھار۔ اجوائن دیسی۔ فلفل سیاہ۔ فلفل دراز۔ قرنفل ہر ایک دو تولہ۔ شہد دس تولہ۔ بطریق معروف معجون تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** دو ماشہ سوتے وقت پانی کے ساتھ۔

**افعال و اثرات :** دمہ کے لیے مفید ہے۔ (غدی اعصابی)

## دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** زعفران تین ماشہ۔ مصطگی ۹ ماشہ۔ مصبر ایک تولہ۔ گندھک آملہ سار تین تولہ۔ شہد خالص ۷ تولہ۔ مصری کوزہ پندرہ تولہ۔ معجون تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** ۳ ماشہ ہمراہ آب تازہ۔

**افعال و اثرات :** ضیق النفس میں مفید ہے۔ (غدی عضلاتی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## اکسیری شربت

**اجزا و ترکیب ساخت :** پوٹاشیم برومائیڈ۔ سوڈیم برومائیڈ۔ ایمونیم برومائیڈ۔ ہر ایک ایک اونس۔ سپرٹ کلوروفام۔ ٹنکچر سلا۔ ٹنکچر کارڈیم۔ سپرٹ ایمونیا ایرومیٹک ہر ایک چار اونس۔ شربت سادہ چھ گنا سب کو ملا کر رکھیں۔

**ترکیب استعمال :** دو چمچ دن میں تین بار۔

**افعال و اثرات :** دم کشی کے لیے مجرب ہے۔ (اعصابی غدی)

## جوشاندہ

**اجزا و ترکیب ساخت :** ملٹھی۔ پرسیاؤشاں۔ گاؤزبان ہر ایک ۵ ماشہ۔ تخم کتان ۷ ماشہ۔ شربت زوفہ دو تولہ۔ پانی میں جوش دے کر مل چھان کر قدرے مصری ملا کر نوش کرائیں۔ یہ ایک خوراک ہے۔ ایسی خوراک مریض کو صبح و شام استعمال کرائیں۔

**افعال و اثرات :** ضیق النفس بلغمی میں مفید ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

## دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** مصبر زرد۔ پوست ہلیلہ زرد۔ رب السوس ہر ایک دو تولہ۔ مویز منقی حسب ضرورت۔ مویز میں کوٹ کر نخودی گولیاں تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** دو تا تین گولیاں سوتے وقت کھلائیں۔

**افعال و اثرات :** دمہ کے لیے مفید ہے۔ (عضلاتی غدی)

## دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** کچلہ مدبر پانچ تولہ۔ مویز منقی پانچ تولہ۔ مغز بادام مقشر تین تولہ۔ نہایت باریک پیس کر نخودی گولیاں تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** ایک گولی صبح و شام۔

**افعال و اثرات :** ضیق النفس میں مفید ہے۔ (عضلاتی غدی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** تخم میتھی چار تولہ۔ رائی دو تولہ۔ کلونجی دو تولہ۔ کاکڑا سنگی آٹھ تولہ۔ باریک سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** ایک تا دو ماشہ ہمراہ آب تازہ دن میں چار بار۔

**افعال و اثرات :** محرک شش۔ ہاضم۔ مخرج بلغم۔ حابس۔ نزلہ و زکام۔ کھانسی۔ کالی کھانسی۔ بلغمی اسہال۔ وجع الفواد۔ ضیق النفس بلغمی میں مفید ہے۔ (عضلاتی غدی)

## ذات الریہ

## (PNEUMONIA)

جوشاندہ

**اجزا و ترکیب ساخت :** عناب پانچ عدد۔ لسوڑیاں گیارہ عدد۔ ملٹھی پانچ ماشہ۔ منقی نو عدد۔ زوفا چار ماشہ۔ دارچینی ایک ماشہ۔

**ترکیب استعمال :** بطور جوشاندہ نوش کرائیں۔

**افعال و اثرات :** نمونیہ میں مفید ہے۔ (غدی اعصابی)

سفوف

**اجزا و ترکیب ساخت :** مغز تخم بندق ہندی۔ صبر زرد۔ شبت بریاں۔ نہایت باریک سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** ایک تا دو رتی ہمراہ آب نیم گرم۔

**افعال و اثرات :** ذات الریہ میں مفید و مجرب ہے۔ (غدی اعصابی)

## ذات الجنب

## (PLEURISY)

برائے ذات الجنب

**اجزا و ترکیب ساخت :** کشتہ شاخ آہو ایک ماشہ میں آب شفاء یا آب زم

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



زم دو قطرے ملا کر ہمراہ شیر گرم صبح دیں۔ (غدی عضلاتی) شام کو جوشاندہ ذیل استعمال کریں۔ گل بنفشہ۔ گاؤزبان۔ پرسیاؤشاں ہر ایک پانچ ماشہ۔ انجیر زرد تین دانہ۔ منقی ۷ دانہ۔ خوب کلاں ایک تولہ۔ جملہ ادویہ کو ڈیڑھ پاؤ پانی میں جوش دے کر سرد کر کے مل چھان کر خمیرہ بنفشہ پانچ تولہ سے شیریں کر کے مریض کو پلایا جائے۔ بادام روغن کی مالش کی جائے۔ شفا ہوگی۔ ان شاءاللہ (عضلاتی اعصابی)

**افعال و اثرات:** ذات الجنب اور ذات الریہ میں مفید ہے۔

## دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت:** ہنس راج خشک۔ زوفا ہر ایک چار تولہ۔ ملٹھی پانچ تولہ۔ لسوڑیاں ۴۴ عدد۔ گل نیلوفر تین تولہ۔ ستاور دو تولہ۔ قند سفید ایک سیر۔ شربت تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** دو تولہ ہمراہ عرق گاؤزبان بارہ تولہ۔ +سفوف نسخہ نمبر...... دو ماشہ۔ کشتہ بارہ سنگا چار رتی۔

**افعال و اثرات:** ذات الجنب۔ ذات الریہ اور کھانسی میں مفید ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

# کھانسی

# (BRONCHITIS)

## شربت برائے سعال

**اجزا و ترکیب ساخت:** سونف دیسی ساڑھے سترہ ماشہ۔ اجمود ساڑھے سترہ ماشہ۔ زوفا خشک دو تولہ۔ انجیر دس عدد۔ مویز منقی سوا آٹھ تولہ۔ میتھی چودہ ماشہ۔ تخم خطمی دس ماشہ۔ ملٹھی دس ماشہ۔ بیخ نیلی سوسن دس ماشہ۔ ہنس راج سوا تولہ۔ قند سفید پندرہ چھٹانک۔ گل قند ساڑھے سات چھٹانک۔ شربت تیار کریں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**ترکیب استعمال :** تین تولہ تا ساڑھے چار تولہ ہمراہ مغز بادام ساڑھے تین ماشہ۔

**افعال و اثرات :** سینے کو نرم کرتا ہے۔ضیق النفس اور کھانسی کو مفید ہے۔(عضلاتی اعصابی)

## دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** گوند ببول۔کتیرا۔نشاستہ۔ست ملٹھی ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ۔قند سفید چھ تولہ۔مغز بادام۔مغز کدو ہر ایک ساڑھے دس ماشہ۔کوٹ چھان کر بادام روغن میں چکنا کر کے محفوظ کریں۔

**ترکیب استعمال :** تین ماشہ دن میں تین بار ہمراہ پانی

**افعال و اثرات :** کھانسی' کیرا وغیرہ کے لیے مفید ہے۔(اعصابی غدی)

## دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** مویز منقی۔انجیر زرد۔باقلا۔تخم خشخاش۔ملٹھی۔مغز تخم کدو۔ہنسراج۔سونف دیسی۔زوفا خشک۔مغز بادام مقشر۔میتھی۔پودینہ ولایتی۔گوند ولایتی۔تخم خطمی۔کتیرا۔السی۔بہی دانہ۔کلونجی۔ہر ایک چھ ماشہ۔کچل کر دو سیر پانی میں پکائیں کہ نصف سیر رہ جائے۔صاف کر کے پاؤ سیر شہد خالص داخل کر کے قوام بنائیں۔

**ترکیب استعمال :** تین تا چھ ماشہ دن میں تین بار ہمراہ آب نیم گرم۔

**افعال و اثرات :** مخرج بلغم ہے۔کھانسی میں مفید ہے۔(عضلاتی اعصابی)

## شربت برائے ضیق النفس

**اجزا و ترکیب ساخت :** گل گاؤزبان پونے تین تولہ۔گاؤزبان۔تخم کتان۔ابریشم خام مقرض۔پرسیاؤشاں۔ملٹھی۔اجوائن دیسی۔بادیان ہر ایک سوا تولہ۔عناب پونے چار تولہ۔پوست خشخاش۔تخم خطمی ہر ایک سوا دو تولہ۔سپستان سوا تین تولہ۔بہی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



دانہ ایک تولہ۔ سب کو آٹھ گنا پانی میں جوش دیں جب ایک تہائی رہ جائے تو مل چھان کر تین گنا چینی ڈال کر شربت تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** دو تولہ ہمراہ آب نیم گرم۔

**افعال و اثرات :** کھانسی۔ دائمی نزلہ۔ سل و دق۔ ضیق النفس میں مفید ہے (اعصابی غدی)

**دیگر**

**اجزا و ترکیب ساخت :** گل بنفشہ۔ ملٹھی۔ گاؤزبان۔ پرسیاؤشاں۔ بادیان ہر ایک دو تولہ۔ مویز منقی ۱۲۰ عدد۔ انجیر ۸ عدد۔ شہد ۱۵ تولہ۔ بطریق معروف شربت تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** ایک چمچ ہر چار گھنٹہ بعد نوش کرائیں۔

**افعال و اثرات :** غلیظ بلغم کو رقیق کرنے کے لیے مفید ہے۔ (غدی عضلاتی)

**دیگر**

**اجزا و ترکیب ساخت :** کیلشیم ہائپو فاسفیٹ آف لائم اینڈ سوڈا آدھا اونس۔ فاسفورس ایسڈ چار قطرے۔ آب مقطر پچیس اونس۔ قند سفید پچیس اونس۔ کوچی نیل حسب ضرورت۔ کیلشیم کو آب مقطر میں حل کر کے قند سفید ڈال کر شربت کا قوام درست کریں۔ پھر ایسڈ فاسفورس اور کوچی نیل شامل کر کے شیشیوں میں بھر لیں۔

**ترکیب استعمال :** ایک چمچ چائے والا دن میں تین مرتبہ

**افعال و اثرات :** کھانسی اور عام کمزوری کے لیے نہایت مفید ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

**دیگر**

**اجزا و ترکیب ساخت :** کتھہ سفید۔ رب السوس۔ کاکڑا سنگی۔ شکر تیغال۔ اجوائن خراسانی۔ جوز ماثل ہر ایک ایک تولہ۔ حبوب بقدر دانہ مونگ تیار کریں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**ترکیب استعمال :** ایک گولی دن میں تین بار
**افعال و اثرات :** شدید کھانسی' زکام' سینے کی جلن اور دمہ کے لیے مفید ہے۔
(عضلاتی اعصابی)

**دیگر**

**اجزا و ترکیب ساخت :** گوند ببول پانی میں ڈال کر صاف کریں۔اس کے بعد روغن بادام ملا کر پکائیں حتیٰ کہ گاڑھا ہو جائے۔
**ترکیب استعمال :** وقتاً فوقتاً چاٹتے رہیں۔
**افعال و اثرات :** خشک کھانسی میں مفید ہے۔(اعصابی غدی)

**دیگر**

**اجزا و ترکیب ساخت :** گل پستہ۔ ہلیلہ ہم وزن۔شیرہ ادرک کی مدد سے حبوب بقدر مونگ دانہ تیار کریں۔
**ترکیب استعمال :** ایک گولی دن میں تین بار۔
**افعال و اثرات :** کھانسی کے لیے مفید ہے۔(عضلاتی اعصابی)

**دیگر**

**اجزا و ترکیب ساخت :** ایک پاؤ نوشادر ٹھیکری کی ڈلی لیں۔نمک طعام ایک سیر میں رکھ کر توے پر آنچ دیں جب نمک سیاہ ہو جائے اور نوشادر زرد ہو جائے تو اتار لیں۔بس تیار ہے۔
**ترکیب استعمال :** ایک ماشہ بوقت شب ہمراہ آب (پانچ دن)
**افعال و اثرات :** کھانسی اور دمہ کے لیے مفید ہے۔مخرج بلغم ہے۔
(از مجربات حکیم عطا محمد جھالیا مرحوم)(غدی اعصابی)

❀❀❀

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# نفث الدم

## (HAEMOPTYSIS)

### برائے جریان الدم

**اجزا و ترکیب ساخت :** دم الاخوین۔ کہربائے شمعی۔ بیخ انجبار ہر ایک ایک تولہ۔ مثل غبار باریک کریں۔

**ترکیب استعمال :** ایک ماشہ صبح کو آب زلال گا جنی اور شام کو آب کشنیز کے ہمراہ۔

**افعال و اثرات :** ہر قسم کے اندرونی جریان خون کے لیے شافی دوا ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

### دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** زاج سفید۔ سرمہ اصفہانی۔ کتھ سفید۔ سنگجراحت ہر ایک تین ماشہ۔ کہربائے شمعی۔ صدف مرواریدی۔ اقاقیا۔ ہر ایک دس ماشہ۔ دم الاخوین۔ گوند ببول۔ کتیرا سفید ہر ایک ۷ ماشہ۔ باریک سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال :** دو ماشہ ہمراہ آب تازہ۔

**افعال و اثرات :** سل اور اس کے عوارضات نیز ہر قسم کے جریان خون میں مفید ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

### سل و دق کا مجرب علاج

**اجزا و ترکیب ساخت :** ابتدائے مرض میں یہ نسخہ استعمال کریں۔ سنگجراحت۔ دم الاخوین۔ سرطان سوختہ ہر ایک ایک ماشہ۔ کو باریک پیس کر خمیرہ خشخاش ایک تولہ میں ملا کر نوش کرائیں۔ (عضلاتی اعصابی)

اوپر سے لعاب بہی دانہ تین ماشہ۔ عناب پانچ دانہ۔ سپستان نو دانہ کو پانی میں جوش دے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



کر حل چھان کر شربت فریاد رس دو تولہ شامل کر کے پلائیں۔ نیز نسخہ بالا میں کتیرا ایک ماشہ۔ گوند کیکر ایک ماشہ۔ بیخ انجبار تین ماشہ اضافہ کر کے مذکورہ طریق سے خمیرہ خشخاش کی بجائے اگر خون کی افراط ہو تو آب زلال گاجنی زرد اور آب زلال کشنیز دو تولہ زلال ملا کر قند سفید سے شیریں کر کے مذکورہ سفوف کے ہمراہ کھلائیں۔ ان شاء اللہ کامیابی ہو گی۔ اگر خشک کھانسی زیادہ تنگ کرتی ہو تو سریشم ماہی تین ماشہ پاؤ بھر شیر گاؤ میں جوش دے کر پلائیں۔ اگر مریض کو قبض ہو تو بالائی نسخہ شربت فریاد رس کی بجائے ترنجبین دو تولہ حل کر کے استعمال کریں اور اگر اجابت ملین ہونے لگے اور کمزوری بڑھے تو پینے کے نسخے میں کوکنار تین ماشہ۔ حب الآس تین ماشہ بڑھائیں۔ عام جسمانی کمزوری کو دور کرنے کے لیے سفوف مروارید جواہر والا استعمال کرائیں۔ ہمراہ خمیرہ ابریشم شیرہ عناب والا ایک رتی۔ مجرب ہے۔

## عرق کافور (۱۴۹)

**اجزا و ترکیب ساخت :** کافور خالص ایک تولہ۔ سپرٹ ریکٹی فائیڈ چار تولہ۔ دونوں کو باہم ملا لیں۔

**ترکیب استعمال :** دو تا پانچ قطرے ہمراہ دو تولہ پانی۔

**افعال و اثرات :** سل و دق۔ سیلان الدم۔ ہیضہ۔ نفخ شکم میں مفید ہے۔ (اعصابی عضلاتی)

## عرق برائے سل و دق

**اجزا و ترکیب ساخت :** تخم کاسنی۔ پوست نیم ہر ایک چار تولہ۔ گلو سبز۔ بادیان۔ برادہ صندل سفید ہر ایک پانچ تولہ۔ برگ اڑوسہ۔ گل بنفشہ ہر ایک دس تولہ۔ شیر گاؤ چار سیر۔ شیر بز چار سیر۔ مصری آدھ سیر۔ سب کو رات کے وقت بھگو رکھیں۔ صبح چار سیر عرق کشید کریں۔ (اعصابی غدی)

**ترکیب استعمال :** نورتی اکسیر دق (درج ذیل) ہمراہ مربہ سیب دو تولہ و عرق مذکور دس تولہ۔ صبح و شام نوش کرائیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## اکسیر دق

**اجزا و ترکیب ساخت :** طباشیر ایک تولہ۔ ست گلو ایک تولہ۔ مصطگی ۶ ماشہ۔ کہربا شمعی ۶ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد ۲ ماشہ۔ سلاجیت ۹ ماشہ۔ پیپل ۳ ماشہ۔ کشتہ مروارید ۳ ماشہ۔ صندل سفید ۴ ماشہ۔ سحق بلیغ کریں۔ اکسیر دق تیار ہے۔

**افعال و اثرات :** سل و دق میں مفید ہے۔ (اعصابی غدی)

## لعوق سعال

**اجزا و ترکیب ساخت :** خطمی۔ گاؤزبان۔ خشخاش ہر ایک ایک تولہ۔ سپستان دو تولہ۔ بہی دانہ چھ ماشہ۔ اصل السوس چھ ماشہ۔ ان سب کو تین گنا پانی میں جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے تو چھان کر ایک سیر قند سفید ملا کر قوام بنائیں۔ آخر قوام میں رب السوس۔ صمغ عربی۔ کتیرا ہر ایک چھ ماشہ۔ باریک پیس کر ملائیں۔

**ترکیب استعمال :** چھ ماشہ دن میں کئی بار چٹائیں۔

**افعال و اثرات :** سل نزلی۔ نزلہ۔ کھانسی۔ اور دیگر امراض صدر میں مفید ہے۔ (اعصابی غدی)

## کشتہ ہڑتال ورقی

**اجزا و ترکیب ساخت :** کشتہ ہڑتال ورقی (خودساختہ)

**ترکیب استعمال :** ایک چاول۔ بالائی یا مکھن ایک تولہ۔

**افعال و اثرات :** جراثیم سل کو دور کرتا ہے۔ کھانسی اور بخار کو مفید ہے۔ (غدی اعصابی)

## سفوف برائے سل

**اجزا و ترکیب ساخت :** کشتہ ہڑتال ورقی۔ کشتہ حلزون۔ کشتہ فولاد۔ جوہر لوبان ہر ایک ایک تولہ۔ سم الفار۔ سلاجیت ہر ایک چھ ماشہ۔ ورق طلا ایک ماشہ۔ سفوف بنائیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**ترکیب استعمال :** چار رتی صبح و شام ہمراہ شربت صدر دو تولہ۔
**افعال و اثرات :** سل میں مفید ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

# امراض قلب

## ضعف قلب

## (BRADYCARDIA)

### سفوف مقوی قلب

**اجزا و ترکیب ساخت :** کشتہ عقیق۔ کشتہ مرجان۔ کشتہ سنگ یشب ہر ایک ایک تولہ۔ ورق نقرہ چھ ماشہ۔ زہر مہرہ خطائی دو تولہ۔ روح کیوڑہ دو تولہ۔ روح گلاب تین تولہ۔ روح بید مشک تین تولہ۔ روح گاؤزبان دو تولہ۔ ورق طلا دس عدد۔ جملہ ادویہ کو مثل غبار کر کے ارواح اربعہ ڈال کر کھرل کریں اور خشک کریں۔
**ترکیب استعمال :** ایک رتی ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔
**افعال و اثرات :** حد درجہ مقوی قلب ہے۔ (اعضلاتی اعصابی)

### دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** طباشیر تین ماشہ۔ کہربا شمعی تین ماشہ۔ الائچی خورد چھ ماشہ۔ صندل سفید ایک تولہ۔ کشنیز چھ ماشہ۔ زہر مہرہ خطائی چھ ماشہ۔ تالمکھانا چھ ماشہ۔ موصلی سفید چار ماشہ۔ مصطگی رومی چھ ماشہ۔ گوند کیکر چھ ماشہ۔ مغز پنبہ دانہ سات ماشہ۔ تخم سلیارہ چھ ماشہ۔ ورق نقرہ پندرہ عدد۔ مصری کوزہ تین ماشہ۔ مثل غبار سفوف تیار کریں۔
**ترکیب استعمال :** چھ ماشہ ہمراہ شیر نوش کریں۔
**افعال و اثرات :** مقوی قلب و بصر۔ دافع جریان و احتلام ہے۔ (اعصابی غدی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** طباشیر عمدہ۔ کشنیز۔ صندل سفید۔ الائچی خورد، زہرمہرہ خطائی ہر ایک پانچ تولہ۔ نارجیل دریائی تین تولہ۔ کشتہ عقیق۔ کشتہ مرجان ہر ایک ایک تولہ۔ ورق نقرہ تین ماشہ۔ مثل غبار تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** دو تا تین ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

**افعال و اثرات :** مقوی قلب ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

## شربت مقوی قلب

**اجزا و ترکیب ساخت :** ورق نقرہ ایک تولہ۔ تیزاب شورہ پندرہ تولہ۔ کسی شیشی میں ڈال دیں۔ ایک دو دن میں ورق حل ہو جائیں گے۔ اب اس میں عرق گلاب ایک پاؤ۔ روح کیوڑہ چھ تولہ ڈال دیں۔ محلول مذکور بارہ تولہ۔ مصری آدھ سیر۔ زعفران چھ ماشہ۔ کستوری چار رتی۔ عرق گلاب ایک پاؤ میں حل کر کے شربت کا قوام بنائیں۔

**ترکیب استعمال :** چھ ماشہ بعد از طعام نوش کرائیں۔

**افعال و اثرات :** ضعف قلب وجگر و دماغ میں مفید ہے۔ مفرح، مقوی، محمر لون ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

## سفوف جواہر

**اجزا و ترکیب ساخت :** کشتہ مرجان و عقیق وصدف و یشب ونقرہ ہر ایک تین ماشہ۔ الائچی خورد ایک تولہ۔ طباشیر۔ مصری ہر ایک دو تولہ۔ مثل غبار کر لیں۔

**ترکیب استعمال :** دو ماشہ صبح نہار منہ ہمراہ شربت انار یا مربہ آملہ/سیب

**افعال و اثرات :** مقوی قلب ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# اختلاج قلب

## (TACHY CARDIA)

### معجون برائے ضعف قلب

**اجزا و ترکیب ساخت:** صندل سفید۔ صندل سرخ۔ مغز کشنیز۔ گل گاؤزبان۔ تخم بالنگو۔ گل سرخ۔ تخم فرنجمشک ہر ایک ایک تولہ۔ تخم کاہو۔ تخم خرفہ۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ ابریشم خام۔ کشتہ سنگ یشب۔ ورق نقرہ ہر ایک چھ ماشہ۔ رب بہی پانچ تولہ۔ شہد خالص دس تولہ۔ مصری کوزہ ایک پاؤ۔ حسب دستور معجون تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** تین ماشہ ہمراہ شیر گاؤ۔

**افعال و اثرات:** ضعف قلب۔ اختلاج قلب۔ غثیان کو مفید ہے۔ مقوی دل و دماغ ہے۔ (اعصابی عضلاتی)

### شربت برائے ضعف قلب

**اجزا و ترکیب ساخت:** گل سرخ۔ گل گاؤزبان۔ گل سیوطی۔ گل گڑھل۔ صندل سفید ہر ایک ایک تولہ۔ آب برگ کاسنی سبز۔ آب لیموں۔ آب انار شیریں۔ ہر ایک بیس تولہ۔ مغز کشنیز۔ مغز سونف۔ دانہ الائچی خورد۔ بادرنجبویہ۔ گل منڈی۔ ستاور۔ صندل سرخ ہر ایک دو تولہ۔ شربت تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** دو تولہ ہمراہ عرق کیوڑہ پانچ تولہ۔ عرق بید مشک پانچ تولہ۔

**افعال و اثرات:** اختلاج قلب۔ خفقان قلب میں مفید ہے۔ مقوی دل و دماغ و جگر ہے۔ (اعصابی عضلاتی)

### سفوف مقوی قلب

**اجزا و ترکیب ساخت:** طباشیر۔ کہربا۔ صندل سفید۔ مغز کشنیز ہر ایک پانچ تولہ۔ زہرمہرہ خطائی تین تولہ۔ نارجیل دریائی۔ کشتہ عقیق۔ کشتہ مرجان۔ کشتہ یشب سبز

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



کافوری۔ کشتہ نقرہ۔ ہر ایک ایک تولہ۔ کشتہ مرجان جواہر والا چھ ماشہ۔ ورق نقرہ تین عدد دفتری کلاں۔ کوزہ مصری ۳۰ تولہ۔ مثل غبار باریک کریں۔

**ترکیب استعمال :** دو ماشہ بوقت شام ہمراہ رب انار شیریں اور بوقت صبح دو تولہ مکھن کے ساتھ (عضلاتی اعصابی)

**افعال و اثرات :** ضعف قلب۔ اختلاج قلب۔ خفقان قلب۔ فشار الدم قوی میں نہایت مفید و مجرب ہے۔

## فشار الدم قوی

## (HIGH BLOOD PRESSURE)

### برائے فشار الدم قوی

**اجزا و ترکیب ساخت :** مربہ آملہ۔ مربہ سیب۔ مربہ گاجر۔ زرشک شیریں ہر ایک ایک پاؤ۔ صندل سفید دو تولہ۔ الائچی خورد دو تولہ۔ کوٹ چھان کر باہم آمیز کریں۔

**ترکیب استعمال :** نو ماشہ صبح دوپہر و شام ہمراہ شربت ذیل۔

**ھوالشافي :** گل گڑھل ۲۰۰ گرام۔ خس خوشبو ۵۰ گرام۔ نیلوفر۔ صندل سفید۔ گاؤزبان۔ تخم کاہو۔ تخم کاسنی۔ کشنیز ہر ایک پچیس گرام۔ قند سفید ایک کلو۔ شربت تیار کریں۔

**افعال و اثرات :** فشار الدم قوی میں مفید و مجرب ہے۔ (اعصابی عضلاتی)

### دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** طباشیر۔ کشنیز۔ صندل سفید۔ الائچی خورد۔ گل سرخ۔ زہر مہرہ خطائی۔ نارجیل دریائی ہر ایک ایک تولہ۔ کشتہ عقیق۔ کشتہ شاخ مرجان۔ کشتہ زمرد ہر ایک چھ ماشہ۔ سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال :** ایک ماشہ ہمراہ شربت مندرج بالا ڈھائی تولہ دن میں چار

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



بار۔

**افعال و اثرات :** فشار الدم قوی میں مفید و مجرب ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

## دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** تخم خربوزہ ڈھائی تولہ۔ الائچی خورد ایک تولہ۔ ابریشم دو تولہ۔ تخم خیارین پانچ تولہ۔ سونف پانچ تولہ۔ چینی ایک سیر۔ شربت تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** دو تا پانچ تولہ پانی میں حل کر کے پئیں۔

**افعال و اثرات :** یرقان۔ استسقاء۔ مالیخولیا۔ مراق۔ سوزش بول۔ ہائی بلڈ پریشر۔ ضعف قلب بوجہ حرارت میں مفید ہے (اعصابی غدی)

## تریاق فشار الدم قوی

**اجزا و ترکیب ساخت :** گل مدار خشک۔ اجوائن دیسی۔ قند سفید ہم وزن باریک سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال :** چار رتی تا ایک ماشہ ہمراہ آب تازہ نوش کرائیں۔

**افعال و اثرات :** ہائی بلڈ پریشر کے لیے بہترین سستی ترین اور تریاق صفت دوا ہے نیز صفراوی اور سوداوی علامات کے لیے مفید ہے۔ (اعصابی غدی تریاق)

(مجوزہ و مجربہ: حکیم ڈاکٹر مرزا شوکت علی مغل)

# خفقان

# (PALPITATION)

## سفوف برائے خفقان

**اجزا و ترکیب ساخت :** برگ پودینہ۔ نمک لاہوری۔ نمک طعام۔ پوست ساق۔ زیرہ سیاہ۔ زیرہ سفید۔ الائچی خورد۔ الائچی کلاں۔ فلفل سیاہ۔ کشنیز۔ طباشیر۔ پوست بیرون پستہ۔ پوست رنگترہ۔ برنج بادیان۔ تج۔ دار چینی۔ غنچہ مدار ہر ایک پانچ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



تولہ۔ مصری کوزہ ۸۵ تولہ۔ سفوف تیار کریں۔
**ترکیب استعمال :** چھ ماشہ ہمراہ عرق سونف۔ پودینہ۔ گلاب۔ یا آب تازہ۔
**افعال و اثرات :** خفقان قلب۔ اسہال۔ تبخیر معدہ میں مفید ہے۔ مقوی قلب و معدہ ہے۔ نظام ہضم کو درست رکھتی ہے۔ (غدی اعصابی)

## خمیرہ برائے خفقان

**اجزا و ترکیب ساخت :** ابریشم مقرض ۴۲ تولہ۔ اگر خام ۳ ماشہ۔ مصطگی رومی۔ بالچھڑ۔ پوست ترنج۔ لونگ۔ دانہ الائچی خورد۔ تیز پات ہر ایک پانچ ماشہ۔ صندل سفید چھ ماشہ۔ عرق گلاب۔ عرق گاؤزبان۔ عرق بید مشک۔ آب انار۔ آب بہی۔ ہر ایک ۱۴ تولہ۔ آب بارش دو سیر۔ شہد خالص ۲۰ تولہ۔ قند سفید ۳ پاؤ۔ سب اجزا کو عرقیات و آب ہائے میں رات بھر بھگو رکھیں۔ صبح کو جوش دیں۔ جب ایک تہائی پانی رہ جائے تو اتار کر مل چھان کر شہد اور قند کا قوام بنا کر خمیرہ بنا کر خوب گھوٹیں۔ سفید ہونے پر سنبھال لیں۔ گھوٹنے کے دوران ورق نقرہ ایک تولہ ڈالیں۔
**ترکیب استعمال :** چھ ماشہ۔
**افعال و اثرات :** خفقان بارد۔ مالیخولیا اور وسواس کو زائل کرتا ہے۔ مقوی دل و دماغ ہے۔ (اعصابی غدی)

## دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** برگ بادرنجبویہ دو تولہ۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ تودری سرخ۔ تودری سفید۔ تخم بادرنجبویہ ہر ایک ایک تولہ۔ گل گاؤزبان۔ تخم خرفہ مقشر ہر ایک دس تولہ۔ عرق گلاب۔ عرق بید مشک۔ ہر ایک ایک سیر۔ عرقیات میں دیگر اجزاء کو رات بھر بھگوئیں۔ صبح کو جوش دے کر اور چھان کر شکر سفید دو سیر ملا کر قوام تیار کریں اور زہر مہرہ دو تولہ۔ مروارید ناسفتہ۔ زعفران۔ عنبر اشہب۔ مشک ہر ایک ایک تولہ۔ خوب کھرل کر کے قوام میں شامل کر کے خمیرہ تیار کریں۔
**ترکیب استعمال :** تین تا پانچ ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان یا پانی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**افعال و اثرات :** ضعف قلب۔ خفقان۔ دل کی گھبراہٹ کو دور کرتا ہے۔ (اعصابی غدی)

## امراض الاسنان

### برائے دردِ دندان

**اجزا و ترکیب ساخت :** کلوروفارم۔ ٹنکچر ایکوانائٹ۔ ٹنکچر آئیوڈین ہم وزن ملائیں۔

**ترکیب استعمال :** پھریرہ سے دانت پر لگائیں۔ اگر سوراخ ہو تو پھایہ سوراخ میں رکھیں۔

**افعال و اثرات :** دانت داڑھ درد میں مفید ہے۔ (اعصابی عضلاتی)

### سنون

**اجزا و ترکیب ساخت :** نیلا تھوتھا بریاں۔ زیرہ سفید بریاں۔ سنڈھ۔ کتھ۔ پاپڑیا۔ نمک سیندھا۔ مصطگی۔ سب ہموزن کوٹ کر سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال :** سنون کریں اور سرد پانی سے پرہیز کریں۔

**افعال و اثرات :** دانت درد۔ سوزش مسوڑھ میں مفید ہے۔ (غدی اعصابی)

### دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** نوشادر دو ٹکیاں۔ فلفل سیاہ دو گرام۔ پوست ریٹھہ ایک عدد۔ نمک سیاہ چھ گرام۔ پھٹکڑی سفید بریاں چھ گرام۔ سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** صبح و شام انگلی کے ساتھ دانتوں پر ملیں۔

**افعال و اثرات :** ماخورہ اور منہ کی بدبو کو زائل کرتا ہے۔ دانتوں کو چمکا دیتا ہے۔ (غدی اعصابی)

### منجن برائے پائیوریا

**اجزا و ترکیب ساخت :** عاقر قرحا۔ پھٹکڑی۔ نمک سیاہ۔ خولنجان۔ مجیٹھ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



وندا سہ ہر ایک ایک تولہ۔ نہایت باریک سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** صبح و شام دانتوں پر ملیں۔

**افعال و اثرات :** پائیوریا میں مفید ہے۔ (غدی عضلاتی)

**دیگر**

دانتوں کی غدی اور اعصابی علامات کے لیے

ترپھلا ترکٹہ طوطیا پانچوں نمک پتنگ
دانت بجر سمان ہوتن نازو پھل کے سنگ

(عضلاتی اعصابی)

**دیگر**

**اجزا و ترکیب ساخت :** ریٹھہ مسلم سوختہ۔ پھٹکڑی بریاں۔ فلفل سیاہ۔ ہر ایک ایک تولہ۔ نیچکر سٹیل تین ماشہ۔ باریک پیس کر محفوظ کریں۔

**ترکیب استعمال :** بطور منجن استعمال کریں۔

**افعال و اثرات :** پائیوریا میں مفید ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

**دیگر**

**اجزا و ترکیب ساخت :** برگ شاہترہ۔ برگ مدار ہر ایک چھ ماشہ۔ لے کر سایہ میں خشک کر کے سفوف تیار کریں۔ اس میں نیلا تھوتھا بریاں چھ ماشہ۔ آرد بندق ہندی ایک تولہ۔ کشتہ سنگجراحت در کنوار گندل ایک تولہ۔ سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** انگلی سے دانتوں پر ملیں۔ منہ ڈھیلا چھوڑ دیں۔ دو گھنٹے بعد کلی کریں۔

**افعال و اثرات :** پائیوریا۔ ماخورہ۔ دانتوں کا ہلنا۔ پانی لگنا اور درد دانت میں مفید ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# امراض المعدہ والامعاء

## قبض

## (CONSTIPATION)

### سفوف قبض کشا

**اجزا و ترکیب ساخت :** بنفشہ ایک تولہ۔ کھانڈ پانچ تولہ۔ کوٹ کر سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال :** ایک چمچ ہمراہ مناسب بدرقہ۔

**افعال و اثرات :** قبض کشا ہے۔ (اعصابی غدی ملین)

### حبوب کشائی

**اجزا و ترکیب ساخت :** ایلوا۔ ریوند چینی۔ اجوائن خراسانی۔ مغز تخم نیم۔ رسونت عمدہ۔ مغز جمالگوٹہ۔ مغز بادام مقشر۔ افتیمون ولایتی۔ ہر ایک ایک تولہ کوٹ پیس کر حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** حسب ضرورت دو تا چھ گولی ہمراہ آب تازہ

**افعال و اثرات :** قبض کشا ہے۔ (غدی عضلاتی مسہل)

### مسہل

**اجزا و ترکیب ساخت :** مغز جمال گوٹہ (غیر مدبر۔ صرف پتہ وقشر دور کردہ) شورہ قلمی۔ مغز بادام۔ فلفل دراز۔ سب اجزا کو خوب کھرل کر کے مثل موم بنائیں۔ پھر قدرے گھی میں بریاں کر کے رکھیں۔

**ترکیب استعمال :** بوقت ضرورت دو رتی تول کر ہمراہ آب نیم گرم نوش کرائیں۔ ہر اجابت کے بعد نیم گرم پانی پلائیں۔ جب تک پانی پلاتے رہیں گے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



اجابت ہوتی رہے گی۔

**افعال و اثرات :** (غدی عضلاتی مسہل)

## ملین

**اجزا و ترکیب ساخت :** پوست ہلیلہ زرد۔ سنا مکی مصفی۔ نمک سیاہ۔ سنڈھ ہر
ایک چار تولہ۔ باریک سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** چھ ماشہ ہمراہ آب تازہ بوقت شب نوش کرائیں۔

**افعال و اثرات :** ملین۔ ہاضم۔ کاسر ریاح اور دائمی قبض کو مفید ہے۔ غیر مضرت
رساں ہے۔ (غدی اعصابی)

## سفوف برائے قبض

**اجزا و ترکیب ساخت :** ہلیلہ سیاہ بریاں چار تولہ۔ نرکچور۔ بادیان مقشر۔
سہاگہ بریاں ہر ایک ایک تولہ۔ سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال :** بچوں کے لیے چار رتی دوا شیر مادر میں گھس کر اور بڑوں کے
لیے چھ ماشہ تا ایک تولہ ہمراہ بدرقہ مناسب۔

**افعال و اثرات :** قبض کے لیے بے حد مفید ہے۔ (غدی اعصابی)

## دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** پوست ہلیلہ زرد ایک تولہ۔ سنا مکی دو تولہ۔ الائچی
کلاں ایک تولہ۔ سورنجاں شیریں چار تولہ۔ قند سیاہ بیس تولہ۔ کوٹ پیس کر قند سیاہ کی مد
سے تین ماشہ کی گولیاں تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** دو گولی ہمراہ دودھ۔

**افعال و اثرات :** قبض میں مفید و مجرب ہے۔ (غدی اعصابی)

## دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** مغز بادام مقشر۔ برنج بادیان۔ چہار مغز ہر ایک

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



تولہ۔ دانہ الائچی خورد۔ دیسی کھانڈ نصف پاؤ۔ باریک سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** نو ماشہ بوقت خواب پندرہ روز تک پھر چھ ماشہ کر دیں۔

**افعال و اثرات :** قبض کشا ہے۔ (اعصابی غدی)

**دیگر**

**اجزا و ترکیب ساخت :** پوست ہلیلہ کابلی۔ پوست بلیلہ۔ پوست آملہ۔ تربد سفید۔ ہلیلہ سیاہ بریاں ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ بادیان۔ مصطگی رومی۔ ریوند چینی۔ اسطوخودوس ہر ایک ساڑھے چار تولہ۔ سقمونیا ولایتی ساڑھے سات تولہ۔ سب کو باریک پیس کر پانی کی مدد سے چار رتی کی گولیاں تیار کر کے محفوظ کر لیں۔

**ترکیب استعمال :** چار گولیاں رات کو پانی کے ساتھ کھائیں۔

**افعال و اثرات :** صبح کو اجابت بافراغت ہوگی۔ (اعصابی غدی)

**دیگر**

**اجزا و ترکیب ساخت :** پوست بلیلہ زرد چھ ماشہ۔ سنا مکی دو تولہ۔ گل سرخ تین تولہ۔ ملٹھی چار تولہ۔ بادیان چار تولہ۔ زنجبیل ایک تولہ۔ گندھک مدبر دو تولہ۔ الائچی کلاں ایک تولہ۔ سورنجاں شیریں چار تولہ۔ قند سفید بیس تولہ۔

**ترکیب استعمال :** ایک تولہ رات کو سوتے وقت ہمراہ نیم گرم دودھ۔

**افعال و اثرات :** قبض کشا ہے۔ (غدی اعصابی)

**دیگر**

**اجزا و ترکیب ساخت :** مویز منقی ایک تولہ۔ سقمونیا دو تولہ۔ مغز بادام مقشر تین تولہ۔ ملا کر حب نخودی تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** ایک تا تین گولی ہمراہ نیم گرم دودھ نوش کرائیں۔

**افعال و اثرات :** بہترین قبض کشا ہے۔ (اعصابی غدی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** خشخش مکی مصفی۔ انجیر۔ مصبر ہر ایک پانچ تولہ۔ سقمونیا دو تولہ۔ حب نخودی تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** دو گولی ہمراہ آب گرم

**افعال و اثرات :** بہترین قبض کشا ہے۔ (غدی اعصابی)

دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** تربد دو تولہ۔ سقمونیا دو تولہ۔ فلفل دراز نو ماشہ۔ سنڈھ نو ماشہ۔ بسباسہ چھ ماشہ۔ قند سفید سات تولہ۔ شہد خالص ۲۱ تولہ۔ بدستور معروف معجون تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** ایک تا دو ماشہ ہمراہ آب تازہ۔

**افعال و اثرات :** عام اور دائمی قبض کے لیے مفید ہے۔ (غدی اعصابی)

دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** مصبر بیس تولہ۔ ہلیلہ سیاہ بیس تولہ۔ سہاگہ پانچ تولہ۔ سقمونیا پانچ تولہ۔ اجوائن دیسی دس تولہ۔ لعاب کنوار گندل کی مدد سے نخودی گولیاں تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** ایک تا دو گولیاں۔

**افعال و اثرات :** (غدی اعصابی مسہل)

دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** پوست ہلیلہ زرد ایک تولہ۔ سنا مکی پانچ تولہ۔ گل سرخ ساڑھے سات تولہ۔ ملٹھی دس تولہ۔ بادیان دس تولہ۔ گندھک مصفی پانچ تولہ۔ قاقلہ کبار تین تولہ۔ سورنجاں شیریں دو تولہ۔ قند سفید پچاس تولہ۔ سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** چھ ماشہ تا ایک تولہ ہمراہ نیم گرم دودھ بوقت شب۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**افعال و اثرات :** (غدی اعصابی ملین)

**دیگر**

**اجزا و ترکیب ساخت :** گندھک آملہ سار پانچ تولہ۔ آب لیموں دو کلو میں کھرل کر کے خشک کریں بعد ازاں فلفل سیاہ۔ دار فلفل۔ نوشادر ٹھیکری۔ نمک سنگ۔ نمک سیاہ۔ دانہ الائچی کلاں۔ قرنفل۔ دار چینی۔ زنجبیل ہر ایک ایک تولہ۔ سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :**

**افعال و اثرات :** ضعف ہضم میں مفید ہے۔ مشتہی ہے۔ (غدی اعصابی ہاضم)

**دیگر**

**اجزا و ترکیب ساخت :** سقمونیا ولایتی۔ شیر خشت۔ روغن بادام۔ الائچی خورد ہر ایک دس گرام۔ پوست آملہ۔ بلیلہ۔ ہلیلہ سیاہ۔ شہد خالص ہر ایک بیس گرام۔ گل قند۔ کوزہ مصری ہر ایک ۱۰۰ گرام۔ سب اجزا کو کوٹ چھان کر درجہ بدرجہ ملا کر محفوظ رکھیں۔ سقمونیا کو ۱۰۰ گرام دیسی گھی میں ڈال کر آنچ دیں۔ جب نیچے بیٹھ جائے تو اتار کر سقمونیا نکال کر کام میں لائیں۔

**ترکیب استعمال :** تین ماشہ ہمراہ شیر نیم گرم بوقت شب۔

**افعال و اثرات :** دائمی قبض کے لیے مفید ہے۔ (اعصابی غدی)

(عطیہ: جناب حکیم ڈاکٹر رانا عبدالغفار خاں کماپوریؒ مستند بھوپندرہ طبیہ کالج)

**دیگر**

**اجزا و ترکیب ساخت :** سنا مکی ایک تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد چار ماشہ۔ الائچی خورد ایک ماشہ۔ کوزہ مصری تین تولہ۔ باریک سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال :** چار ماشہ رات کو ہمراہ نیم گرم دودھ یا نیم گرم پانی۔

**افعال و اثرات :** دافع قبض ملین ہے۔ (غدی اعصابی ملین)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** تربد۔ سقمونیا ہر ایک دو تولہ۔ فلفل دراز۔ فلفل سیاہ۔ زنجبیل ہر ایک نو ماشہ۔ جاوتری چار تولہ۔ شکرتری سات تولہ۔ شہد سہ چند۔ معجون بنائیں۔

**ترکیب استعمال :** ایک تا دو ماشہ ہمراہ پانی۔

**افعال و اثرات :** قبض کشا۔ دائمی قبض کا بہترین علاج ہے۔ (غدی اعصابی مسہل)

دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** سونف ایک تولہ۔ پودینہ نو ماشہ۔ لونگ نو ماشہ۔ گل قند چار تولہ۔ باریک پیس کر معجون تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** چھ ماشہ ہمراہ آب تازہ۔

**افعال و اثرات :** قبض کشا۔ کاسر ریاح اور بدہضمی میں مفید ہے۔ (غدی اعصابی)

دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** مویز منقی۔ قند سفید ہر ایک دو سیر۔ شہد خالص ایک پاؤ۔ سنبل الطیب۔ سازج ہندی۔ دارچینی۔ دانہ الائچی کلاں۔ جائفل۔ زنجبیل۔ جاوتری۔ مصطگی۔ تج۔ تخم شلجم ہر ایک ایک تولہ۔ زعفران چھ ماشہ۔ حسب دستور شربت بنائیں۔

**ترکیب استعمال :** دو تولہ صبح۔

**افعال و اثرات :** دافع قبض۔ مقوی اعصاب۔ محلل ریاح ہے (غدی عضلاتی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# فسادِ ہضم

## (DYSPEPSIA)

### برائے امراض معدہ

**اجزا و ترکیب ساخت :** نمک سیاہ۔ فلفل سیاہ۔ نوشادر ٹھیکری۔ الائچی خورد۔ زیرہ سیاہ۔ نرکچور۔ سنڈھ۔ دارچینی۔ فلفل دراز۔ لونگ۔ ست لیموں۔ شورہ قلمی۔ سہاگہ بریاں۔ پوست بیرون پستہ ہر ایک ایک تولہ۔ پودینہ خشک۔ بادیان۔ سوڈا خوردنی ہر ایک دو تولہ۔ نمک لاہوری۔ اناردانہ ہر ایک تین تولہ۔ ست اجوائن۔ ست پودینہ ہر ایک تین ماشہ۔ مشک کافور چھ ماشہ۔ سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** ایک ماشہ ہمراہ آب نیم گرم۔

**افعال و اثرات :** فسادِ ہضم وغیرہ کو رفع کرتا ہے۔ (غدی اعصابی)

### دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** نوشادر۔ فلفل سیاہ۔ الائچی خورد۔ نمک سیاہ۔ ہر ایک چار تولہ۔ ست پودینہ چھ ماشہ۔ سفوف تیار کریں۔ مضبوط کارک والی شیشی میں محفوظ کر لیں۔

**ترکیب استعمال :** ایک تا دو رتی ہمراہ پانی۔

**افعال و اثرات :** ہاضم و مشتہی ہے۔ درد معدہ میں مفید ہے۔ خشک کھانسی کو فائدہ دیتا ہے۔ (غدی اعصابی)

### دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** پوست بیخ مدار دو تولہ۔ فلفل سیاہ دو تولہ۔ نمک سیاہ ایک تولہ۔ باریک پیس کر آب ادرک کی مدد سے حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** دو گولی ہمراہ آب تازہ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**افعال و اثرات :** ہاضم۔ ملین۔ کاسر ریاح ہے۔ (اعصابی غدی)

**دیگر**

**اجزا و ترکیب ساخت :** نوشادر دو تولہ۔ فلفل سیاہ ایک تولہ۔ الائچی خورد دو تولہ۔ سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** چار رتی تا ایک ماشہ ہمراہ نیم گرم پانی۔

**افعال و اثرات :** ہاضم طعام ہے۔ ریاح شکم۔ درد ریاحی وغیرہ کے لیے مفید ہے۔ (غدی اعصابی)

**دیگر**

**اجزا و ترکیب ساخت :** بادیان۔ نانخواہ۔ صعتر۔ سہاگہ۔ فلفل سیاہ۔ نمک سفید۔ نمک سیاہ ہر ایک ایک تولہ۔ فلفل دراز۔ دارچینی۔ نوشادر ٹھیکری۔ سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** دو ماشہ ہمراہ آب تازہ بعد از طعام۔

**افعال و اثرات :** غدی اعصابی ہاضم ہے۔

**دیگر**

**اجزا و ترکیب ساخت :** پودینہ خشک۔ میٹھا سوڈا۔ اجوائن دیسی۔ نمک سانبھر۔ سہاگہ بریاں۔ فلفل سیاہ۔ زنجبیل۔ سونف۔ نوشادر ٹھیکری۔ گندھک آملہ سار ہر ایک یکصد گرام۔ نمک سونچر۔ تخم پیاز ہر ایک دوصد گرام۔ باریک سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** ایک چمچ صبح و شام بعد از طعام ہمراہ مناسب بدرقہ

**افعال و اثرات :** غدی اعصابی ہاضم ہے۔

**دیگر**

**اجزا و ترکیب ساخت :** فلفل سیاہ۔ فلفل دراز۔ سنڈھ۔ جوکھار۔ قلمی شورہ۔ میٹھا سوڈا ہر ایک دس گرام۔ پوست ہلیلہ زرد بیس گرام۔ نوشادر ٹھیکری۔ نمک سفید۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ہلیلہ سبز ہر ایک تیس گرام۔ الا ئچی خورد پچاس گرام۔ ست پودینہ پانچ گرام۔ سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** چھ ماشہ صبح و شام ہمراہ آب تازہ۔

**افعال و اثرات :** غدی اعصابی ہاضم ہے۔

**دیگر**

**اجزا و ترکیب ساخت :** سونف۔ اجوائن۔ نمک سیاہ ہر ایک پانچ تولہ۔ کافور ایک تولہ۔ کھار مدار چار تولہ۔ ست اجوائن چھ ماشہ۔ ست پودینہ چھ ماشہ۔ سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال :** ایک ماشہ صبح و شام بعد از طعام ہمراہ آب تازہ۔

**افعال و اثرات :** بادشکن یعنی کاسر ریاح اور ریاحی دردوں میں مفید ہے۔ (غدی اعصابی ہاضم)

**دیگر**

**اجزا و ترکیب ساخت :** بادیان۔ سونف رومی۔ مصطگی رومی۔ ریوند چینی۔ نمک سیاہ۔ زیرہ سیاہ ہر ایک چھ ماشہ۔ گل قند دس تولہ۔ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر گل قند ملا کر چٹنی سی تیار کر لیں۔

**ترکیب استعمال :** رات کو سوتے وقت ایک تولہ چٹنی شربت دینار دو تولہ۔ شربت بزوری دو تولہ کے ساتھ نوش کرائیں۔

**افعال و اثرات :** کاسر ریاح اور معدہ کی عضلاتی اعصابی۔ عضلاتی غدی اور غدی عضلاتی نیز دیگر اعضاء کی ان علامات کو رفع کرنے کے لیے مفید ہے۔ (غدی اعصابی ہاضم)

**دیگر**

**اجزا و ترکیب ساخت :** پوست ہلیلہ زرد۔ پوست بلیلہ۔ آملہ۔ ہلیلہ سیاہ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سہاگہ۔ نوشادر۔ نمک۔ سنڈھ۔ فلفل سیاہ ہر ایک ایک تولہ۔ ہینگ چھ ماشہ۔ پوست بیخ مدار تازہ ساڑھے نو تولہ۔ لعاب کنوار گندل میں بقدر کنار دشتی گولیاں تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** دو گولیاں صبح و شام ہمراہ آب تازہ۔

**افعال و اثرات :** قبض۔ پیٹ درد۔ ریاح۔ ریاحی درد کے لیے مفید و مجرب ہے۔ مشتہی ہاضم ہے۔ (غدی اعصابی ملین)

**دیگر**

**اجزا و ترکیب ساخت :** پوست بیخ مدار۔ لونگ گل مدار ہر ایک پانچ تولہ۔ نمک خوردنی۔ فلفل سیاہ۔ سنڈھ ہر ایک بیس تولہ۔ از یادگار نمبر ۱۹۵۹ء

**ترکیب استعمال :** دو گولیاں بعد از طعام ہمراہ مناسب بدرقہ۔

**افعال و اثرات :** ضعف معدہ۔ بدہضمی۔ نفخ شکم اور درد معدہ کے لیے مفید و مجرب ہے۔ (غدی اعصابی ہاضم)

**دیگر**

**اجزا و ترکیب ساخت :** اجوائن ایک کلو۔ اسبغول مسلم ایک کلو۔ اصل السوس سات چھٹانک۔ کشنیز خشک ۱۳ چھٹانک۔ سونف ایک کلو۔ زیرہ سفید ۱۳ چھٹانک۔ نوشادر ایک پاؤ۔ نمک سانبھر ایک پاؤ۔ زہرمہرہ دس گرام۔ دانہ الائچی کلاں دس گرام۔ اسبغول کے سوا تمام اجزاء پیس لیں۔ بعدہ اسبغول ملا لیں۔

**ترکیب استعمال :** پانچ گرام صبح و شام بعد از طعام ہمرہ آب تازہ۔

**افعال و اثرات :** تبخیر معدہ۔ بدہضمی۔ قبض اور نفخ شکم کے لیے نہایت مفید و مجرب ہے۔ (غدی اعصابی)

**دیگر**

**اجزا و ترکیب ساخت :** سنڈھ۔ فلفل سیاہ۔ فلفل دراز۔ نوشادر ٹھیکری۔ ہر ایک ایک تولہ۔ پودینہ دو تولہ۔ گندھک آملہ سار۔ میٹھا سوڈا۔ ریوند خطائی۔ سونف۔ ہر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ایک چار تولہ۔ نمک طعام آٹھ تولہ۔ سفوف تیار کریں۔ (از مجربات قانون مفرد اعضاء)

**ترکیب استعمال :** چار رتی تا ایک ماشہ دن میں چار بار۔

**افعال و اثرات :** ترش ڈکار۔ ریاح کا گولہ۔ بدہضمی۔ درد پیٹ۔ ضعف اشتہا۔ قبض۔ خارش۔ پھوڑے۔ پھنسی۔ پیچش۔ بوجہ بدہضمی۔ احتلام مزمن بوجہ ضعف معدہ و جگر کے لیے نافع ہے۔ اعلیٰ درجے کی ہاضم ہے۔ (غدی اعصابی ہاضم)

## دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** حلتیت ایک ماشہ۔ نمک سنگ دو ماشہ۔ باؤبڑنگ چار ماشہ۔ زنجبیل پانچ ماشہ۔ فلفل سیاہ چھ ماشہ۔ فلفل دراز سات ماشہ۔ کُٹھ آٹھ ماشہ۔ ہلیلہ سبز نو ماشہ۔ چترا دس ماشہ۔ ولجوائن گیارہ ماشہ۔ ورچ بارہ ماشہ۔ کوٹ چھان کر شیرہ قند سیاہ کی مدد سے حب کنار دشتی تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** ایک گولی بدرقہ مناسبہ کے ساتھ۔

**افعال و اثرات :** ماہر معالج خوراک کی کمی بیشی اور مناسب بدرقہ کے ساتھ جملہ امراض شکم میں استعمال کر کے فائدہ حاصل کر سکتا ہے۔ (غدی عضلاتی)

## دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** کشنیز خشک۔ بادیان۔ طباشیر ہم وزن سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال :** تین ماشہ ہمراہ پانی قبل از طعام یا بعد از طعام بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

**افعال و اثرات :** تبخیر معدہ کے لیے لاجواب ہے۔ (اعصابی غدی)

## برائے تبخیر معدہ

**اجزا و ترکیب ساخت :** پودینہ خشک۔ کشنیز خشک۔ اجوائن دیسی۔ الائچی کلاں۔ الائچی خورد۔ سونف ہر ایک پچاس گرام۔ گلوکوز ۶۰۰ گرام۔ امرت دھارا تمیں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



یوند۔ سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال :** پانچ تا دس گرام صبح وشام بعداز طعام ہمراہ آب تازہ۔

**افعال و اثرات :** جملہ امراض معدہ میں مفید ہے۔ تبخیر معدہ کے لیے لاجواب ہے۔ (غدی اعصابی)

دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** سوڈا بائی کارب۔ ریوند چینی۔ سنڈھ۔ ہر ایک ایک تولہ۔ سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال :** دو ماشہ قبل از طعام ہمراہ آب تازہ۔

**افعال و اثرات :** دافع تیزابیت معدہ ہے۔ (غدی اعصابی)

دیگر معجون مقوی معدہ

**اجزا و ترکیب ساخت :** بالچھڑ۔ تج۔ کٹھ شیریں۔ لونگ۔ زنجبیل۔ بسباسہ۔ مصطگی رومی ہر ایک چھ ماشہ۔ فلفل سیاہ۔ انیسون۔ تخم کرفس۔ گندھک مصفیٰ۔ اجوائن دیسی۔ زیرہ سیاہ کشمیری ہر ایک ایک تولہ۔ سہ چند شہد میں معجون بنائیں۔

**ترکیب استعمال :** چھ ماشہ صبح وشام ہمراہ عرق پودینہ یا سونف۔

**افعال و اثرات :** غلاظت معدہ کو دور کر کے بیماریوں سے محفوظ رکھتا ہے۔ (غدی عضلاتی)

برائے تبخیر معدہ

**اجزا و ترکیب ساخت :** ست گلو۔ طباشیر۔ دانہ الائچی سفید۔ گل سیوطی۔ کشنیز خشک۔ تخم کاہو۔ آملہ خشک۔ زیرہ گلاب۔ ہر ایک چھ ماشہ۔ شکر سفید چار تولہ۔ سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** تین تا پانچ ماشہ ہمراہ پانی۔

**افعال و اثرات :** مانع تبخیر ہے۔ (اعصابی عضلاتی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# پیچش

## (BILIOUS DIARRHOEA)

### برائے پیچش

**اجزا و ترکیب ساخت :** صندل سرخ۔ صمغ عربی ایک ایک تولہ۔ ہر دو اشیاء اصلی حاصل کر کے باریک پیس کر سفوف مثل آرد بنائیں۔

**افعال و اثرات :** پیچش۔ پیٹ کا مروڑ۔ جلن۔ زچہ کے پیچش میں مفید و مجرب ہے۔ ''اس نسخہ کی جتنی تعریف کی جائے کم ہے۔ حکیم عطا محمد خاں۔'' (اعصابی غدی)

**ترکیب استعمال :** چار رتی تا ایک ماشہ۔

### دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** صمغ عربی پانچ تولہ۔ تخم ریحان پانچ تولہ۔ اپیکاک پاؤڈر دو ماشہ۔ صمغ عربی و تخم ریحان کو گلی برتن میں بریاں کریں۔ اور باہم ملا کر سفوف تیار کر کے رکھیں۔

**ترکیب استعمال :** تین ماشہ ہمراہ شیرہ لعاب خطمی نوش کرائیں۔

**افعال و اثرات :** پیچش میں مفید ہے۔ (اعصابی غدی شدید)

### دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** قشر بیخ آک صاف شدہ۔ فلفل سیاہ ہموزن باریک کر کے پانی کی مدد سے حبوب بقدر نخود تیار کریں۔ جتنا کھرل کریں گے فوائد بڑھتے جائیں گے۔

**ترکیب استعمال :** ایک تا دو گولی ہمراہ عرق بادیان یا عرق گلاب یا سکنجبین۔

**افعال و اثرات :** پیچش اور صفراوی قے بند کرنے کے لیے بلا مبالغہ اکسیر اعظم ہے۔ نیز صفراوی بیماریوں کے لیے عجیب چیز ہے۔ (اعصابی غدی تریاق)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** نوشادر ٹھیکری۔ عصارہ ریوند ہم وزن بہ امداد آب خالص حبوب بمقدار دو رتی تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** دو تا تین گولی ہمراہ آب تازہ۔

**افعال و اثرات :** پیچش کے لیے مفید ہے۔ (غدی اعصابی)

**اضافات :** نمک سیندھا۔ ست لیموں ایک ایک تولہ کوٹ پیس کر لعاب اسبغول کی مدد سے گوندھ کر حبوب بقدر دو رتی بنائیں۔

**ترکیب استعمال :** تین گولیاں ہمراہ آب تازہ۔

**افعال و اثرات :** محلل ریاح۔ دافع دردمعدہ۔ اختلاج معدہ۔ ترش ڈکار۔ تخمہ اور باؤ گولا کے لیے مفید و مجرب ہے۔ (غدی اعصابی)

دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** مغز تخم انبہ۔ مغز تخم جامن۔ مغز کونچ ہم وزن سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال :** ہمراہ پیچھ ساٹھی چاول نوش کرائیں۔

**افعال و اثرات :** خونی پیچش کے لیے مفید و مجرب ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

## اسہال

## (NERVOUSDIARRHOEA)

برائے اسہال

**اجزا و ترکیب ساخت :** سکہ ایک تولہ۔ طباشیر تین ماشہ۔ کتھہ سیاہ تین ماشہ۔ کوزہ مصری دو تولہ۔ بل گری تین ماشہ۔ خوب کھرل کر کے مثل غبار تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** ایک ماشہ ہمراہ شربت انجبار کھلائیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**افعال و اثرات :** بہترین اسہال بند مجربات سے ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

**دیگر**

**اجزا و ترکیب ساخت :** حب الآس ایک تولہ۔ انار دانہ بریاں چھ تولہ۔ مازو تین تولہ۔ صمغ عربی چھ ماشہ۔ سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** پانچ ماشہ ہمراہ آب تازہ۔

**افعال و اثرات :** اسہال بند ہے (عضلاتی اعصابی)

**دیگر**

**اجزا و ترکیب ساخت :** خبث الحدید بقدر ضرورت لے کر دوگنا ترش دہی میں بھگوئے رکھیں۔ آٹھ پہر کے بعد ایک من اوپلہ جنگلی میں پھونک دیں۔ اس کے بعد آب کنوار گندل میں کھرل کر کے اوپلوں کی آگ دیں۔ نہایت عمدہ کشتہ برآمد ہوگا۔

**ترکیب استعمال :** ایک تا دو رتی ہمراہ مناسب (بدرقہ)

**افعال و اثرات :** اسہال۔ سنگرہنی۔ بواسیر خونی۔ پیچش کہنہ۔ ضعف جگر وضعف معدہ میں مفید ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

**دیگر**

**اجزا و ترکیب ساخت :** کچلہ مدبر چھ ماشہ۔ شنگرف چھ ماشہ۔ موچرس۔ بل کتھہ۔ مغز خستہ انبہ۔ صمغ عربی۔ ہلیلہ سیاہ۔ لودھ پٹھانی۔ گل دھاوا ہر ایک ایک تولہ۔ سب کو باریک پیس کر آب لیموں کی مدد سے نخودی گولیاں تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** ایک گولی دن میں تین بار اسہال میں شربت انجبار اور پیچش میں شربت بزوری کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**افعال و اثرات :** اسہال و پیچش میں پہلی خوراک فائدہ دیتی ہے۔ اکسیر الاثر دواء ہے۔ (عضلاتی غدی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** فلفل گرد۔ مصطگی۔ مغز تخم آم۔ راکھ لکڑی بیری۔ کھریا مٹی۔ نائیں۔ گل دھاوا۔ کتھہ سفید۔ طباشیر۔ گل انار۔ بیلگری۔ موچرس۔ ناگر موتھا۔ جائفل۔ شنگرف ہر ایک تین ماشہ۔ چھوہارا چھ عدد۔ مازو پھل سولہ عدد۔ باریک پیس کر نخود سیاہ کے برابر گولیاں تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** ایک گولی صبح وشام ہمراہ مناسب بدرقہ۔

**افعال و اثرات :** اسہال، پیچش اور سنگرہنی میں مفید ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** میٹھا تیلیہ مدبر۔ فلفل سیاہ۔ سہاگہ۔ فلفل دراز۔ شنگرف۔ ڈورس پاوڈر ہر ایک ایک تولہ۔ سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** ایک تا چار رتی ہمراہ آب شیریں۔

**افعال و اثرات :** اسہال میں نہایت مجرب ہے۔ (اعصابی غدی)

## سدہ الامعاء

برائے سدہ امعاء

**اجزا و ترکیب ساخت :** پوست ہلیلہ زرد سات ماشہ۔ برادہ اسپغول نو ماشہ۔ ملا کر ہمراہ دودھ نیم گرم پھانک لیں۔

**افعال و اثرات :** سدہ آسانی سے خارج ہو جائے گا۔ (عضلاتی اعصابی)

## عطش مفرط

برائے عطش

**اجزا و ترکیب ساخت :** اجوائن خراسانی دو تولہ۔ سنڈھ نو ماشہ۔ نبات سفید

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



پانچ تولہ۔سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال :** ایک ماشہ ہمراہ آب تازہ

**افعال و اثرات :** پیاس کی زیادتی میں مفید و مجرب ہے۔(اعصابی غدی)

دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** املی۔آلو بخارا ہر ایک ایک پاؤ۔پودینہ۔سنڈھ۔آملہ۔ست لیموں ہر ایک پانچ تولہ۔اناردانہ۔زرشک۔منقی ہر ایک دس تولہ۔چینی تین سیر۔بطریق جوارش تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** چھ ماشہ تا ایک تولہ دن میں تین بار۔

**افعال و اثرات :** قے۔کثرت عطش۔حاملہ کی قے۔بچوں کے دست و قے کے لیے مفید ہے۔(عضلاتی اعصابی)

## سنگرہنی

## (PSILOSIS)

برائے سنگرہنی

**اجزا و ترکیب ساخت :** شنگرف چار ماشہ۔فلفل دراز۔جائفل۔قرنفل ہر ایک ایک تولہ۔مویز منقی ڈھائی تولہ۔نخودی گولیاں تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** دو گولیاں صبح و شام تازہ پانی کے ساتھ۔

**افعال و اثرات :** سنگرہنی میں حد درجہ مفید و مجرب ہے۔(عضلاتی غدی)

دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** دانہ مویز۔بلوط مقشر۔کشنیز خشک بریاں۔سماق۔زرشک۔تخم اجمود۔زیرہ مدبر۔نان فطیر خشک۔کندر۔اجوائن ہم وزن۔پنیر مایہ بکری یا خرگوش یا ہرن نیم جز۔کوٹ چھان کر ہر ساعت میں قدرے تناول کریں۔چھ ساعت

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



تک اسی طرح کریں۔ فہوالمراد۔

**افعال و اثرات :** ایک روز میں سنگرہنی کو بند کرتی ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

## دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** شنگرف۔ قرنفل۔ جوزبوا۔ گل ملتانی۔ پوست خشخاش۔ موچرس۔ گل دھاوا۔ زنجبیل۔ زیرہ سفید بریاں۔ مغز تخم جامن بریاں۔ مغز آم بریاں (ہم وزن) شیر برگد جملہ ادویہ کے برابر۔ شیرہ برگ پان مصالحہ والا کی مدد سے حبوب بقدر دانہ مٹر تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** ایک گولی صبح و شام ہمراہ چاول ساٹھی۔

**افعال و اثرات :** سنگرہنی کے لیے عجیب الاثر دوا ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

## دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** لونگ ایک تولہ۔ جلوتری دو تولہ۔ دارچینی تین تولہ۔ باریک سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** چار رتی تا ایک ماشہ ہمراہ پانی۔

**افعال و اثرات :** سنگرہنی۔ نزلہ۔ زکام۔ دمہ۔ کھانسی۔ کالی کھانسی۔ بخار کی اکثر اقسام۔ نئے پرانے اسہال۔ لیکوریا۔ جریان میں مفید ہے۔ (عضلاتی غدی)

# ہیضہ

# (CHOLERA)

## برائے ہیضہ

**اجزا و ترکیب ساخت :** سرخ مرچ۔ حلتیت۔ ہم وزن باریک پیس کر فلفل سیاہ کے برابر گولیاں تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** ایک گولی گرم پانی کے ساتھ۔ ایک گھنٹہ کے وقفہ کے ساتھ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**افعال و اثرات :** ہیضہ کو فوراً آرام ہوگا۔ بارہا کا مجرب ہے۔ (عضلاتی غدی تریاق)

دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** ہینگ ایک ماشہ۔ گندھک دو رتی۔ شورہ قلمی دو رتی۔ چونہ سجی کھار ایک رتی۔ کافور ۴/ا رتی۔ آٹھ عدد لیموں کا پانی۔ حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** حالت مرض میں ایک گھنٹہ کے وقفہ کے ساتھ اور سکون کی حالت میں تین تین گھنٹہ کے وقفہ سے کھلائیں۔ تین یوم تک غذا نہ دیں۔

**افعال و اثرات :** ہیضہ میں مفید و مجرب ہے۔ (اعصابی غدی)

دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** زیرہ سفید کوفتہ۔ الائچی خورد کوفتہ۔ بادیان۔ برگ پودینہ۔ نمک سیاہ ہر ایک ایک تولہ۔ عرق گلاب ایک بوتل۔ عرق بادیان دس تولہ۔ زرشک شیریں چھ ماشہ۔ زرشک تلخ چھ ماشہ۔ ملا کر رکھیں۔

**ترکیب استعمال :** بوقت ضرورت چار چار تولہ پلائیں۔

**افعال و اثرات :** دوران ہیضہ پیاس کی شدت کو ختم کرتا ہے۔ مجرب ہے۔ (غدی اعصابی)

دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** اجوائن خراسانی حسب ضرورت لے کر آہنی توے پر رکھ کر اس کی راکھ بنالیں اور ہم وزن چینی پیس کر اس میں ملالیں۔

**ترکیب استعمال :** چھ ماشہ ہمراہ آب تازہ۔

**افعال و اثرات :** ہیضہ کے مریض کو پہلی خوراک ہی سے فائدہ ہوگا۔ (اعصابی عضلاتی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** مرچ سرخ۔ رائی سرخ ہم وزن باریک پیس کر نخودی گولیاں تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** ایک تا دو گولی ہر پندرہ منٹ بعد ہمراہ قہوہ یا نیم گرم پانی۔

**افعال و اثرات :** ہیضہ کے لیے آب حیات ہے۔ چند خوراکوں سے دست و قے بند ہو جاتے ہیں۔ (عضلاتی غدی)

## وجع الفؤاد

## (CARDIALGIA)

برائے وجع الفواد

**اجزا و ترکیب ساخت :** ہینگ اصلی۔ فلفل سیاہ۔ مصطگی۔ ہر ایک ایک تولہ۔ کاسنی دو تولہ۔ منقی دس تولہ۔ زعفران چھ ماشہ۔ حسب دستور معجون تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** چھ ماشہ صبح و شام تیز گرم پانی کے ساتھ نوش کرائیں۔

**افعال و اثرات :** وجع الفواد میں مفید و مجرب ہے۔ (غدی عضلاتی)

دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** ول اجوائن۔ عاقرقرحا۔ پپلا مول۔ مصطگی۔ دانہ الائچی خورد۔ ہینگ۔ سنڈھ۔ ست پودینہ۔ اجوائن دیسی ہر ایک دو تولہ۔ میٹھا تیلیا تین تولہ۔ کافور ٦ ماشہ۔ آب کٹائی خورد اور آب سہانجنہ میں کھرل کر کے نخودی حبوب تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** ایک گولی تین بار دن میں نوش کرائیں۔

**افعال و اثرات :** وجع الفواد کے لیے تریاق ہے۔ (غدی اعصابی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** شیر شتر دو سیر پختہ۔ نمک شیشہ آٹھ تولہ۔ نمک کو باریک پیس کر دودھ میں ڈال کر کھویا بنا لیں۔ پختہ ہونے کے بعد زعفران اصلی چھ ماشہ۔ حل کر کے اس میں ڈال دیں اور یک جان کر دیں۔ جب خشک ہو جائے تو باریک پیس لیں۔ بس تیار ہے۔

**ترکیب استعمال :** وجع الفواد کے کے لیے اکسیر صفت دوا ہے۔ مجرب ہے۔

**افعال و اثرات :** ایک ماشہ ہمراہ آب تازہ بوقت ضرورت۔ (غدی اعصابی)

دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** اجوائن دیسی چھ ماشہ۔ انجیر خشک تین عدد۔ تیز پات دو عدد۔ اڑھائی کلو پانی میں ڈال کر پکائیں۔ جب چوتھائی حصہ پانی بچ جائے تو وقفہ وقفہ کے ساتھ نوش کرائیں۔

**افعال و اثرات :** درد شکم معدہ میں مفید ہے۔ (غدی اعصابی)

(عطیہ جناب حکیم حافظ عبدالسلام بن محمد بھٹوی)

# ہچکی / فواق

## (HICCOUGH)

برائے فواق

**اجزا و ترکیب ساخت :** سونف۔ کوری چلم میں بذریعہ حقہ کشیدن مفید و مجرب ہے۔ (اعصابی غدی)

دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** مصطگی رومی۔ ایضاً (غدی عضلاتی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** زیرہ سیاہ ڈھائی تولہ۔ برگ سداب نو ماشہ۔ زنجبیل چھ ماشہ۔ فلفل سیاہ تین ماشہ۔ بورہ ارمنی تین ماشہ۔ معجون تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** تین تا پانچ ماشہ دن میں تین بار۔

**افعال و اثرات :** غدی اعصابی ہے۔

## فتق

## (HERNIA)

برائے فتق

**اجزا و ترکیب ساخت :** جدوار بیس گرام۔ زیری سیاہ ۶۰ گرام۔ فلفل سیاہ دو گرام۔ باریک سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** روغن بادام میں چرب کر کے ایک تا دو رتی صبح و شام۔ نہار منہ ہمراہ شیر گاؤ نوش کرائیں۔

**افعال و اثرات :** ہرنیا کے لیے اکسیر صفت دوا ہے۔ (غدی عضلاتی)

ضماد

**اجزا و ترکیب ساخت استعمال :** (دیکھیے ورم زائدہ اعور)۔ علک البطم پچاس ماشہ۔ مرکی۔ سریشم ماہی۔ حلزون مع صدف ہر ایک دو تولہ دس ماشہ۔ سریشم ماہی کو تین دن تک سرکہ میں تر رکھیں پھر سب اجزا ملا کر ایلوا۔ پوست انار۔ بل شیریں۔ کندر۔ زفت۔ غری السمک ہر ایک دو تولہ دس ماشہ کو آب مکو میں گوندھ کر ضماد کریں۔

**افعال و اثرات :** فتق میں مفید ہے۔ مجرب ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** اقاقیا (عصارہ لحیۃ التیس) مرکی۔ انزروت۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



مصطگی۔ کندر۔ پوست درخت انار۔ ہری ٹوپی انار ترش۔ مازو سبز۔ ساق۔ گلنار۔ برگ مورد۔ شب یمانی۔ گوند ببول۔ سریشم ماہی۔ کفشگراں۔ ہم وزن لے کر آب مکو سبز میں گھوٹ کر ضماد فتق پر لگائیں مجرب ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

## دیدان الامعاء

## (INTESTINAL WORMS)

### برائے دیدان الامعاء

**اجزا و ترکیب ساخت:** کمیلہ۔ سنا مکی مصفی۔ باؤ بڑنگ کابلی۔ تربد سفید۔ سیاہ دانہ (حرمل) ہر ایک ایک تولہ۔ باریک سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** نو ماشہ ہمراہ آب گرم بوقت شب کھانے سے ایک گھنٹہ بعد استعمال کرائیں۔

**افعال و اثرات:** کرم بذریعہ اسہال خارج ہوں گے۔ پھر عمر بھر یہ عارضہ لاحق نہ ہوگا۔ سو فیصد مجرب ہے۔ (غدی اعصابی مسہل)

### دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت:** سنا مکی مصفی۔ بابڑنگ۔ کمیلہ۔ تربد سفید مجوف۔ عشق پیچہ ہر ایک ایک تولہ۔ سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک تولہ سفوف رات کو سوتے وقت گرم پانی کے ساتھ نوش کرائیں۔

**افعال و اثرات:** حکۃ المقعد اور کرم شکم کے لیے مفید ہے۔ (غدی اعصابی)

### دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت:** باؤ بڑنگ کابلی۔ شاہترہ۔ کمیلہ۔ پوست انار خشک۔ نمک طعام ہر ایک چھ ماشہ۔ تربد سفید مجوف ایک تولہ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**ترکیب استعمال :** اول تین یوم تک شیر گاؤ ایک کلو۔ مصری پانچ تولہ۔ عرق مکو بیس تولہ۔ روغن ارنڈ چھ تولہ نوش کرائیں۔ یاد رہے کہ یہ وزن تین دن کے لیے کافی ہے۔ چوتھے روز سفوف مذکور چھ ماشہ عرق مکو بیس تولہ کے ہمراہ نوش کرائیں۔ یہ عمل چار دن جاری رکھیں۔ اگلے دن روغن ارنڈ چھ تولہ عرق مکو میں ملا کر دیں۔

**افعال و اثرات :** اسہال خوب ہو کر ازالہ کدو دانہ۔ ملھپ ہو جائے گا۔ (عضلاتی اعصابی ملین)

## قولنج

## (COLIC)

برائے قولنج

**اجزا و ترکیب ساخت :** عصارہ ریوند ایک ماشہ۔ نوشادر چار ماشہ۔ کلونجی ایک ماشہ۔ کوٹ پیس کر آب ادرک کی مدد سے حبوب بقدر دانہ نخود تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** دو گولی موسم سرما میں آب گرم کے ساتھ اور موسم گرما میں کچی لسی کے ساتھ استعمال کرائیں۔ مقدار خوراک میں کمی و بیشی ماہر معالج کی مرضی پر موقوف ہے۔

**افعال و اثرات :** قولنج کے لیے نافع ہے۔ مجرب ہے۔ (غدی اعصابی)

## درد ناف / ناف ٹلنا

حبوب برائے ناف

**اجزا و ترکیب ساخت :** نمک چھکنی۔ زیرہ سیاہ۔ فلفل سیاہ۔ قند سیاہ۔ ہم وزن نخودی گولیاں تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** ہر چوتھے روز چار گولیاں ہمراہ روغن زرد پانچ تولہ۔

**افعال و اثرات :** درد ناف و ناف ٹلنا وغیرہ میں مفید ہے۔ (غدی اعصابی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ضماد

**اجزا و ترکیب ساخت :** آرد باقلا۔ مازو۔ پوست انار ترش۔ پوست بیضہ مرغ۔ ضماد تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** ضماد تیار کر کے مقام ماؤف پر لگائیں۔

**افعال و اثرات :** ناف ٹل جانے کو نافع ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** دارچینی۔ الائچی کلاں ہم وزن سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال :** ایک ماشہ روزانہ۔

**افعال و اثرات :** ناف ٹلنے کو مفید ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

## درد معدہ ورمی

## (GASTRALGIA)

برائے درد معدہ ورمی

(مجوزہ: عالی جناب حکیم محمد عبدالرحیم صاحب جمیل، گجرات۔ پنجاب)

**اجزا و ترکیب ساخت :** سازج ہندی چھ ماشہ۔ شورہ قلمی چھ ماشہ۔ نوشادر ٹھیکری چھ ماشہ۔ ریوند خطائی اصلی ایک تولہ۔ تمباکو کھار چھ ماشہ۔ کوٹ پیس کر باریک سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال :** ایک ماشہ صبح وشام ہمراہ آب تازہ

**افعال و اثرات :** درد معدہ ورمی میں مفید و مجرب ہے۔ (غدی اعصابی)

دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** پوست ہلیلہ کابلی۔ پوست بہیڑہ۔ آملہ۔ ہلیلہ سیاہ۔ تربد سفید مجوف ہر ایک دو تولہ۔ بادیان۔ مصطگی۔ اسطوخودوس۔ سقمونیا۔ ریوند چینی ہر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ایک پانچ تولہ۔ شہد خالص سہ چند۔ حسب دستور اطریفل بنائیں۔

**ترکیب استعمال :** سات ماشہ سے ایک تولہ تک عرق بادیان یا گرم پانی کے ساتھ۔

**افعال و اثرات :** دردِ معدہ و امعاء کو بند کرتی ہے۔ دردِ سر قدیم۔ دماغی و اعصابی بیماریوں کے لیے مفید ہے۔ (اعصابی غدی)

## ورم زائدہ اعور

## (APPENDICITIS)

**برائے ورم زائدہ اعور**

**اجزا و ترکیب ساخت :** جدوار دو تولہ۔ زیرہ سیاہ ایک تولہ۔ فلفل سیاہ ایک ماشہ۔ نہایت باریک سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** ڈیڑھ ماشہ سفوف روغن بادام سے چرب کر کے عرق مکوہ کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**افعال و اثرات :** ورم زائدہ اعور میں مفید و مجرب ہے۔ (عضلاتی غدی)

**ضماد**

**اجزا و ترکیب ساخت :** سنبل الطیب۔ گل بابونہ۔ اکلیل الملک۔ خارخسک۔ مکوخشک۔ پوست املتاس۔ سرکہ حسب ضرورت۔ تمام ادویات کو پیس لیں۔

**ترکیب استعمال :** حسب ضرورت سفوف میں سرکہ ملا کر ضماد تیار کریں۔ اور مقام ماؤف پر لیپ کر دیں اور دس پندرہ منٹ سینک دیں۔

**افعال و اثرات :** یہ ضماد ورم زائدہ اعور اور ہرنیا میں مفید و مجرب ہے۔ (عضلاتی غدی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# بواسیر

# (PILES)

## برائے بواسیر

**اجزا و ترکیب ساخت :** آرد پوست بندق ہندی۔ بل کتھہ۔ آرد مغز تخم سرس ہر ایک ایک تولہ ہر سہ ادویہ کو کوٹ پیس کر حبوب بقدر دو رتی تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** ایک گولی ہمراہ آب تازہ

**افعال و اثرات :** بواسیر خونی۔ قبض۔ خارش بدن اور آتشک وغیرہ عوارضات امراض الدم کے لیے از حد مفید ہے۔ اسی لئے پھوڑے۔ پھنسی اور بھگندر میں بھی مفید ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

(عطیہ: جناب حکیم مولانا مولوی اسحٰق محمد صاحب' گلہ مہاراں سیالکوٹ)

## دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** مغز پنبہ دانہ۔ رسوت اصلی ہم وزن نمک طعام حسب ضرورت۔ حبوب بقدر کنار دشتی تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** دو گولیاں صبح و شام ہمراہ آب تازہ۔

**افعال و اثرات :** ہر قسم کی بواسیر میں مفید ہے۔ (غدی اعصابی)

## دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** رسوت اصلی۔ مصبر۔ ہلدی مسلم۔ ہلیلہ کابلی۔ حنظل خشک ہر ایک پانچ تولہ۔ سفوف بنا کر کیپ سولز میں بھر لیں۔

**ترکیب استعمال :** ایک کیپسول ہمراہ آب تازہ بعد از طعام

**افعال و اثرات :** مسہ والی بواسیر میں نہایت مفید ہے۔ (غدی عضلاتی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



### دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت:** کتھ سفید۔ پوست ریٹھہ سوختہ ہر ایک ایک تولہ۔ دونوں اجزا باریک پیس کر محفوظ کر لیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک رتی بوقت صبح نہار منہ روزانہ ملائی مکھن میں رکھ کر کھلائیں۔ تین دن نمک سے پرہیز کریں۔ ترشی (سوداوی مزاج کی غذائیں) سے کل پرہیز کریں۔

**افعال و اثرات:** سات یوم میں فوائد ظاہر ہوں گے۔ قبض، جریان خون کے لیے مفید ہے۔ خارش کے لیے اچھی دوا ہے۔ مسے خشک ہو جاتے ہیں۔ ۹۵ فیصد مجرب ہے۔ (اعصابی عضلاتی)

نوٹ: اگر ہر چھ ماہ بعد سات یوم تک کھلاتے رہیں تو تکلیف کبھی عود کر نہیں آئے گی۔ ان شاء اللہ۔

(عطیہ: جناب حکیم حافظ سید اصغر علی شاہ صاحب جلالپوری)

### دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت:** گندھک آملہ سار چار تولہ۔ فلفل سیاہ چار تولہ۔ گل نیم چھ تولہ۔ رسونت چھ تولہ۔ گھی دیسی چار تولہ۔ اول گندھک کو گھی کے ساتھ ملا کر آگ پر گرم کریں۔ جب یکجان ہو جائے تو اتار لیں۔ سرد ہونے پر پھر گرم کریں۔ یہ عمل تین مرتبہ دہرائیں۔ پھر اس میں مسفوف گل نیم و فلفل سیاہ ڈالیں۔ اس کے بعد رسونت کو تھوڑے سے پانی میں ڈال کر رکھیں۔ جب وہ نرم اور گاڑھی ہو جائے تو ملا کر نخودی گولیاں بنا لیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک تا چار گولی ہمراہ آب تازہ۔

**افعال و اثرات:** ہر قسم کی بواسیر۔ فساد خون۔ صفراء کی زیادتی۔ سوزش مثانہ۔ پیشاب کی جلن۔ پھوڑے پھنسی۔ اور پرانی پیچش وغیرہ کے لیے بے حد مفید ہے۔

(غدی اعصابی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** تخم نیم۔ تخم بکائن۔ افسنتین ہر ایک دو تولہ۔ رسونت چھ تولہ۔ باریک پیس کر حبوب نخودی تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** دو تا چار گولی ہمراہ آب نیم گرم دن میں چار بار۔

**افعال و اثرات :** بواسیر خونی و بادی کے لیے ایک بہت اچھی دوا ہے۔ (غدی عضلاتی)

دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** پوست ہلیلہ کابلی۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست بلیلہ۔ آملہ۔ تخم گندنا ہر ایک نو ماشہ۔ حضض مکی۔ انیسون۔ ہر ایک چار ماشہ۔ مقل ارزق۔ عسل خیار شنبر ہر ایک ایک تولہ۔ ہلیلہ جات کو کوفتہ کر کے روغن بادام میں چرب کر لیں۔ مقل اور مغز املتاس کو آب گندنا میں حل کریں۔ باقی ادویہ مسحوقہ کو داخل کر کے روغن بادام قدرے ڈال کر حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** ایک تا دو گولی دن میں تین بار۔

**افعال و اثرات :** خونی، بادی و ریحی بواسیر میں مفید و مجرب ہے۔

(غدی اعصابی)

دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** گندھک آملہ سار مصفی۔ پوست بندق ہندی۔ جوکھار۔ مشک کافور ہر ایک ایک تولہ۔ مغز تخم نیم ڈیڑھ تولہ۔ کشتہ سونا مکھی نو ماشہ۔ سب کا سفوف بنائیں۔ پھر آب زہرہ بز میں کھرل کر کے خشک کریں اور محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال :** دو رتی ہمراہ آب مولی یا آب تازہ۔

**افعال و اثرات :** ہر قسم کی بواسیر میں مفید و مجرب ہے۔ (غدی اعصابی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت:** پوست بندق ہندی۔ جوکھار۔ ریوند چینی۔ مغز تخم نیم ہر ایک دس گرام۔ آب مولی ۲۵۰ گرام۔ تمام اجزاء کو باریک کرنے کے بعد آب ترب میں کھرل کر کے نخودی گولیاں بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح و شام ہمراہ آب تازہ۔

**افعال و اثرات:** ہر قسم کی بواسیر کو مفید ہے۔ مسے خود بخود خشک ہو کر گر جاتے ہیں۔ جلن اور درد ختم ہو جاتا ہے۔ (غدی اعصابی)

# قروح معدہ

## (GASTRIC ULCER)

برائے قروح معدہ

**اجزا و ترکیب ساخت:** بسمتھ سب نائٹراس۔ سوڈا بائیکارب ہم وزن لے کر باہم ملا لیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ صبح دوپہر شام ہمراہ آب نیم گرم۔

**افعال و اثرات:** قرحہ معدہ کو درست کرتا ہے۔ (اعصابی غدی)

**غذا:** آش جو۔ چاولوں کی پیچھ۔ فالودہ۔ دودھ۔ ان کے سوا کچھ نہ دیں۔

دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت:** سنگجراحت۔ پھٹکڑی خام ہم وزن۔ باریک پیس کر محفوظ کر لیں۔

**ترکیب استعمال:** چار رتی ہمراہ نیم گرم دودھ دن میں تین بار۔

**افعال و اثرات:** قرح معدہ میں مفید ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

(عطیہ: جناب حکیم حافظ عبدالسلام بن محمد بھٹوی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# امراض الکبد والطحال

## استسقاء

## (ASCITES)

### برائے استسقاء

**اجزا و ترکیب ساخت :** برگ مدار سبز پانچ تولہ۔ زرد چوب پانچ تولہ۔ اول برگ مدار کو خوب گھوٹ کر مرہم کی طرح بنالیں بعدہ چوب کو کوٹ پیس کر ملا کر دونوں اجزاء کو خوب کھرل کریں۔ پھر حبوب بقدر دانہ ماش سبز تیار کریں اور سایہ میں خشک کر کے محفوظ کرلیں۔

**ترکیب استعمال :** تین گولیاں صبح دوپہر شام ہمراہ آب تازہ۔

**افعال و اثرات :** استسقا لحمی میں مفید ہے۔ (اعصابی غدی)

### دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** گلو سبز تازہ دو تولہ۔ چرائتہ دو تولہ۔ کوٹ پیس کر حبوب بقدر کنار صحرائی تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** جوان کے لیے دو تا تین گولیاں ہمراہ آب سرد۔

**افعال و اثرات :** استسقا لحمی کے لیے مفید ہے۔ (غدی اعصابی)

### دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** کتھ تلخ۔ گل سرخ۔ بالچھڑ ہر ایک ایک تولہ۔ لک مغسول۔ ریوند چینی ہر ایک دو تولہ۔ مصطگی رومی نو ماشہ۔ کوٹ پیس کر سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** چھ ماشہ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ۔

**افعال و اثرات :** سوء القینہ۔ ورم جگر۔ ضیق النفس۔ استسقاء ہر قسم کے لیے مفید

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ہے۔(عضلاتی اعصابی)

**دیگر**

**اجزا و ترکیب ساخت :** زرکچور۔ پوست ہلیلہ زرد۔ اجوائن ہر ایک تین تولہ۔ شحم حنظل نو تولہ۔ آب حنظل پندرہ تولہ۔ حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** تحلیل اورام کے لیے ایک گولی بعد از طعام۔ استسقاء کے لیے تین گولیاں بوقت شب ہمراہ آب۔

**افعال و اثرات :** استسقاء ہر قسم میں مفید ہے۔(غدی عضلاتی)

**دیگر**

**اجزا و ترکیب ساخت :** گندھک آملہ سار مدبر۔ پارہ مصفی۔ ہلیلہ کلاں۔ بلیلہ۔ آملہ۔ جوکھار۔ لوٹا سجی۔ نمک سیاہ۔ نمک سانبھر۔ نمک لاہوری۔ سنڈھ۔ فلفل سیاہ۔ سہاگہ بریاں ہر ایک تین ماشہ۔ جمال گوٹہ مدبر چھ تولہ۔ تمام ادویہ کو باریک پیس کر اکیس روز تک آب لیموں میں تر رکھیں۔ پھر خوب کھرل کر کے کالی مرچ کے برابر گولیاں تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** دو گولی صبح شام ہمراہ شیر شتر یا شیر بز اکیس دن تک۔

**افعال و اثرات :** ہر قسم کے استسقاء میں مفید ہے۔(غدی اعصابی)

**برائے عظم جگر و طحال**

**اجزا و ترکیب ساخت :** سنڈھ تین تولہ۔ نوشادر چار تولہ۔ فلفل سیاہ ایک تولہ۔ سنائی آٹھ تولہ۔ باریک سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** چار رتی تا ایک ماشہ دن میں چار بار ہمراہ پانی یا دودھ۔

**افعال و اثرات :** استسقاء۔ عظم جگر و طحال۔ سوزش بول۔ واسیر۔ یرقان ہر قسم۔ جنون۔ مالیخولیا۔ تبخیر معدہ۔ سہر۔ عضلاتی دردیں۔ کثرت طمث کے لیے مفید ہے۔

(غدی اعصابی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



برائے اورام

**اجزا و ترکیب ساخت:** زنجبیل ایک تولہ۔ نوشادر ایک تولہ۔ فلفل سیاہ ایک تولہ۔ سنا مکی تین تولہ۔ عصارہ ریوند پانچ تولہ۔ نخودی گولیاں تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک تا دو گولی دن میں چار بار ہمراہ آب تازہ۔

**افعال و اثرات:** ہر قسم کے اندرونی و بیرونی ورم۔ ہر قسم کا استسقاء۔ یرقان۔ بواسیر۔ کثرت طمث۔ سنگ ہائے گردہ و مثانہ و مرارہ۔ ورم رحم اور عضلاتی ریاحی دردوں میں مفید ہے۔ (غذی اعصابی)

## سوء القینہ

## (ANAEMIA)

برائے سوء القینہ

**اجزا و ترکیب ساخت:** تخم حلبہ۔ تخم کنوچہ۔ تخم السی۔ بابونہ۔ تخم خطمی۔ تخم خبازی۔ اسپغول مسلم۔ تخم بالنگو۔ ہر ایک تین تولہ۔ ایرسا دو تولہ۔ عرق گاؤزبان تین بوتل۔ عرق شاہترہ تین بوتل۔ تمام ادویات تو عرقیات میں رات کو بھگو دیں۔ صبح خوب مل کر لعاب نکال لیں۔ اس میں آب برگ مکو۔ آب برگ کاسنی ہر ایک دو بوتل۔ آب بادیان سبز نصف بوتل۔ آب توت سیاہ ایک بوتل۔ آب ادرک دس تولہ۔ آب انگور شیریں ایک تولہ۔ آب انار شیریں ایک تولہ۔ آب کشنیز سبز پانچ تولہ۔ قند سفید ولایتی تین کلو۔ شہد خالص ایک کلو ملا کر قوام تیار کریں۔ آخر قوام میں مرکی دو تولہ۔ زعفران نو ماشہ۔ رب السوس دو تولہ پیس کر ملائیں۔

**ترکیب استعمال:** دو تولہ ہمراہ عرق مکو دس تولہ۔

**افعال و اثرات:** اماس بدن کے کسی حصہ میں ہو تحلیل ہو جاتا ہے۔ مجرب ہے۔ جید الاثر شربت ہے۔ (غذی اعصابی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# ورم جگر

# (HEPATITUS)

## برائے ورم جگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** افسنتین۔ زرنباد۔ ریوند چینی۔ شورہ قلمی۔ نواشدر ٹھیکری ہر ایک پانچ تولہ۔ فرائی ایٹ کونین سائٹراس ڈھائی تولہ۔ سوڈا بائی کارب دس تولہ۔ کشتہ فولاد دو ماشہ۔ سفوف بنائیں (از راز الاطباء)

**ترکیب استعمال :** ایک ماشہ صبح و شام ہمراہ شربت بزوری یا دینار۔

**افعال و اثرات :** ورم جگر۔ سوء القینہ۔ بھس۔ یرقان کے لیے مفید و مجرب ہے۔ محرلون ہے۔ (غدی اعصابی)

## دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** قسط تلخ۔ گل سرخ۔ ہر ایک ایک تولہ۔ سنبل الطیب۔ مصطگی رومی ہر ایک نو ماشہ۔ ریوند چینی۔ لک مغسول ہر ایک دو تولہ سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال :** چھ ماشہ علی الصبح ہمراہ عرق بادیان۔

**افعال و اثرات :** ورم جگر و استسقاء میں مفید ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

## دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** ہیرا کسیس سبز دس گرام۔ قلمی شورہ بیس گرام۔ پھٹکری بیس گرام۔ سب دواؤں کو باریک پیس کر یکجان کر لیں۔ دس کلو اوپلے جلا کر اس میں کشتہ تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** ایک کیپسول صبح و شام نہار منہ ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

**افعال و اثرات :** ورم جگر ہر قسم میں مفید ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** ہلدی۔ ملٹھی۔ سونف ہم وزن۔ حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** دو گولیاں دودھ یا پانی یا لسی کے ہمراہ۔

**افعال و اثرات :** ورم جگر میں مفید ہے۔ غدی اعصابی شدید ہے۔

دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** پھٹکڑی سفید ایک پاؤ۔ آب ترب دو کلو۔ پھٹکڑی کسی کڑاہی میں ڈال کر اوپر مولی کا پانی ڈالیں جب تمام پانی ختم ہو جائے تو دوا تیار ہے۔ اتار کر سفوف بنالیں۔

**ترکیب استعمال :** ڈھائی چمچ چائے والا دہی میں ملا کر صبح و شام لیں۔

**افعال و اثرات :** ورم جگر اور ہر قسم کے یرقان میں مفید ہے (عضلاتی اعصابی)

دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** سنڈھ پانچ تولہ۔ نوشادر ٹھیکری دو تولہ۔ فلفل سیاہ ایک تولہ۔ سنا مکی آٹھ تولہ۔ عصارہ ریوند چار تولہ۔ گل سرخ ایک تولہ باریک کر کے نخودی گولیاں بنائیں۔

**ترکیب استعمال :** ایک گولی دن میں تین بار ہمراہ آب تازہ۔

**افعال و اثرات :** ورم جگر وغیرہ (غدی اعصابی مسہل)

دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** خبث الحدید مصفی۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست بلیلہ۔ آملہ ہر ایک ۵۰ گرام۔ فلفل سیاہ۔ فلفل دراز۔ سنڈھ ہر ایک ایک تولہ۔ اول چار دواؤں کو کوٹ کر مٹی یا چینی کے برتن میں ڈالیں اور اس میں اتنا ہی ڈالیں کہ اجزاء کے چار انگل اوپر ہو۔ کسی باریک کپڑے سے ڈھانپ دیں۔ روزانہ صبح و شام ہلاتے رہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ایک ہفتے بعد کسی بڑے برتن میں پھیلا کر خشک کر لیں۔ آخر میں باقی تین ادویات کوٹ کر ملا لیں۔ اور نخودی گولیاں بنالیں۔

**ترکیب استعمال :** تین تا چار گولیاں دن میں دو بار ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

**افعال و اثرات :** ورم جگر اور ضعف جگر میں بہت مفید ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

## دبیلہ کبد

## (HEPATIC ABSCESS)

برائے دبیلہ کبد

**اجزا و ترکیب ساخت و استعمال :** اکلیل الملک۔ ملٹھی۔ بیخ خطمی۔ پودینہ۔ انجیر۔ منقی۔ بھونی ہوئی پیاز۔ ہم وزن لے کر مقام ماؤف پر ضماد کریں۔

**افعال و اثرات :** دبیلہ کبد کو تحلیل کرتا ہے۔ (غدی اعصابی)

## عظم کبد

## (HEPATOMEGALY)

برائے عظم کبد

**اجزا و ترکیب ساخت :** نوشادر۔ نمک طعام۔ نمک سیاہ۔ سہاگہ بریاں۔ نمک لاہوری۔ نرکچور۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ ہلیلہ سیاہ۔ باؤ بڑنگ۔ فلفل سیاہ۔ سنڈھ ہم وزن عرق گلاب کی مدد سے حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** دو تا چار گولیاں بعد از طعام ہمراہ عرق بادیان یا پانی۔

**افعال و اثرات :** عظم جگر۔ صلابت جگر۔ سد العروق و المجاری بوجہ کثرت بلغم۔ بدہضمی۔ گرانی شکم اور قبض کو دور کرتی ہے۔ (غدی اعصابی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** اجوائن دیسی۔ زیرہ سفید۔ پودینہ۔ سنڈھ۔ نوشادر۔ نمک سیاہ ہر ایک ایک تولہ۔ بادیان دو تولہ۔ سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** تین ماشہ بعد از طعام صبح و شام۔

**افعال و اثرات :** مصلح جگر ہے۔ (غدی اعصابی)

## ضعف جگر

## (HEPATARGIA)

برائے ضعف جگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** مغز کدو۔ مغز خیارین۔ مغز تخم خربوزہ۔ بہی دانہ۔ گل سرخ۔ ملٹھی۔ طباشیر۔ خرفہ۔ گوند کیکر۔ کتیرا۔ تخم کاسنی۔ کافور۔ نشاستہ۔ صندل سفید۔ گلو۔ کاہو ہم وزن۔ کوٹ پیس کر بقدر ایک ماشہ کے گولیاں تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** تین گولیاں ہمراہ شربت نیلوفر۔

**افعال و اثرات :** ضعف جگر اور حمیات صفراوی۔ کثرت طمث۔ عطش مفرط اور نکسیر آنے (رعاف) کو مفید ہے۔ (اعصابی غدی)

دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** کشتہ فولاد۔ تخم کاسنی۔ ریوند چینی۔ مغز تخم خربوزہ۔ تخم کرفس۔ تخم کشوث۔ الائچی خورد۔ سنبل الطیب۔ طباشیر اصلی ہر ایک ایک تولہ۔ سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال :** ایک ماشہ ہمراہ کشتہ خبث الحدید چار رتی عرق عنبر چار تولہ۔

**افعال و اثرات :** ضعف جگر۔ قلت الدم اور بواسیر خونی کو مفید ہے۔ چالیس روز مسلسل استعمال کرنے سے حیرت انگیز فوائد حاصل ہوں گے۔ (غدی اعصابی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** ہیراکسیس دو تولہ۔ نوشادر ٹھیکری۔ عود ہندی۔ بالچھڑ۔ زنجبیل۔ ریوند چینی ہر ایک چار ماشہ۔ پوست آملہ چھ ماشہ۔ مصطگی رومی۔ فلفل دراز۔ رائی۔ خولنجاں۔ دانہ الاچگی خورد ہر ایک تین ماشہ۔ نانخواہ۔ انیسون۔ تخم کرفس ہر ایک دو ماشہ۔ تمام ادویات کو باریک پیس کر عرق بادیان و عرق گلاب میں چار پہر کھرل کریں۔ پھر عرق گھیکوار میں کھرل کریں جب گولی بننے کے قابل ہو جائے تو حبوب بقدر نخود تیار کریں۔ خشک کر کے محفوظ کر لیں۔ یا شیرہ گل قند میں گھوٹ کر گولیاں تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** ایک تا دو گولی دن میں تین بار۔

**افعال و اثرات :** ضعف جگر و معدہ میں مفید ہے۔ (غدی عضلاتی)

## دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** گل سرخ۔ ناگر موتھا ہر ایک ایک تولہ۔ لونگ۔ مصطگی۔ اسارون۔ بالچھڑ ہر ایک دس ماشہ۔ الاچگی خورد۔ الاچگی کلاں۔ زرنب۔ جاوتری۔ جائفل۔ تج۔ زعفران ہر ایک سات ماشہ۔ آملہ مقشر چالیس تولے۔ قند سفید۔ شہد خالص ہر ایک تیس تولہ۔ آملہ مقشرات کو تین پاؤ دودھ میں بھگو دیں۔ صبح جوش دے کر چھان لیں۔ چھنے ہوئے پانی میں قند سفید ملا کر جوش دیں اور شہد ملا کر قوام بنائیں۔ پھر باقی ادویہ کوٹ پیس کر قوام میں شامل کر کے گوندھ لیں۔ تیار ہے۔

**ترکیب استعمال :** ۷ ماشہ صبح و شام ہمراہ مناسب بدرقہ۔

**افعال و اثرات :** ضعف جگر و معدہ و باہ و قلب میں مفید ہے۔ دافع خفقان و ہاضم طعام ہے۔ (غدی عضلاتی)

## دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** زرشک بیس تولہ۔ تربوز سرخ وزنی پانچ سیر (ایک

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



عدد) برادہ صندل سفید پانچ تولہ۔ نبات سفید پانچ تولہ۔ روح گلاب عمدہ دو تولہ تمام اجزاء کو تربوز میں داخل کر کے گیارہ دن کے لیے گندم کے ڈھیر میں دفن کر دیں۔ بعدہ نکال لیں اور کام میں لائیں۔

ایک تربوز میں ۷۵۰ گرام شہد خالص ڈال کر منہ بند کر کے گندم میں دفن کریں۔

**ترکیب استعمال:** دواء اول پانچ تولہ۔ دواء دوم بارہ تولہ صبح و شام۔

**افعال و اثرات:** ضعف جگر۔ یرقان کے لیے مفید ہے۔ (اعصابی عضلاتی)

## دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت:** فرائی ایٹ ایمونیا سائٹراس ڈھائی تولہ۔ سوڈا بائیکارب دو تولہ۔ سوڈا سیلی سلاس دو تولہ۔ کونین فولادی تین ماشہ۔ تیزاب گندھک چار قطرے۔ میگنیشیا سالٹ ایک پاؤ۔ عرق گاؤزبان تین پاؤ۔ باہم ملا کر رکھیں۔ (کل ۱۴ خوراکیں)

**ترکیب استعمال:** ایک خوراک بوقت شب روزانہ بعداز طعام۔

**افعال و اثرات:** ضعف جگر۔ ورم جگر و طحال۔ یرقان۔ قبض۔ پرانے بخاروں کے لیے مفید ہے۔ (غدی اعصابی)

## دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت:** سنبل الطیب۔ تج۔ الائچی خورد۔ دار چینی۔ خولنجاں۔ قرنفل۔ ناگر موتھا۔ سنڈھ۔ فلفل سیاہ۔ فلفل دراز۔ قسط شیریں۔ عود بلسان۔ اسارون۔ حب الآس۔ چرائتہ شیریں۔ زعفران اصلی ہر ایک ایک تولہ۔ مصطگی رومی اڑھائی تولہ۔ قند سفید نصف پاؤ۔ شہد خالص ایک پاؤ۔ جوارش تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** چھ تا نو ماشہ صبح و شام ہمراہ عرق بادیان یا آب تازہ۔

**افعال و اثرات:** ضعف جگر۔ ضعف اشتہا۔ کثرت بول۔ ریاح شکم۔ منہ کی بدبو کو مفید و نافع ہے۔ (غدی عضلاتی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# سدہ کبدی

## (HEPATIC OBSTRUCTION)

**برائے کبد**

**اجزا و ترکیب ساخت :** نوشادر۔ کاسنی۔ سنڈھ۔ ریوند خطائی۔ سنا کی ہر ایک ایک تولہ فلفل سیاہ۔ ملٹھی ہر ایک آدھ پاؤ۔ سہاگہ بریاں دو چھٹانک۔ سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** تین ماشہ صبح وشام ہمراہ آب تازہ۔

**افعال و اثرات :** ورم جگر۔ یرقان ہر قسم۔ سدہ کبدی کیلئے مفید ہے۔ (غدی اعصابی)

# یرقان

## (JAUNDICE)

**برائے یرقان**

**اجزا و ترکیب ساخت :** تخم کثوث۔ گل غافث۔ گل سرخ۔ گل بنفشہ۔ تخم کاسنی۔ ایلوا ہر ایک پانچ تولہ حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** دو گولیاں صبح دوپہر شام ہمراہ شربت کاسنی مرکب (درج ذیل) پانچ تولہ۔

**افعال و اثرات :** یرقان کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے۔ (غدی اعصابی)

**شربت برائے امراض جگر**

**اجزا و ترکیب ساخت :** تخم کاسنی۔ گودا املی۔ آلو بخارا ہر ایک ساٹھ گرام۔ نیلوفر تیس گرام۔ صندل سفید دس گرام۔ قند سفید ساڑھے سات سو گرام۔ حسب دستور

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



شربت بنائیں اور کام میں لائیں۔

**افعال و اثرات :** اعصابی عضلاتی ہے۔

## مکسچر برائے امراض جگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** میگنیشیا بیس تولہ۔ نوشادر ایک تولہ۔ قلمی شورہ ایک تولہ۔ ہیرا کسیس چار ماشہ۔ فرائی ایٹ ایمونیا سائٹراس ایک تولہ۔ نیلا تھوتھا چار رتی۔ تیزاب گندھک پندرہ قطرے۔ آب مکو سبز دس تولہ۔ قند سفید ایک کلو۔ مکسچر تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** ایک تولہ ہمراہ آب تازہ تین تولہ بعد از طعام۔

**افعال و اثرات :** یرقان۔ قلت الدم۔ ضعف جگر میں مفید ہے۔ (غدی اعصابی)

## شربت مقوی جگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** گل سرخ۔ بیخ کاسنی۔ گاؤزبان۔ عناب۔ زرشک تخم کاسنی ہر ایک پانچ تولہ۔ تخم کشوث چار تولہ۔ گل نیلوفر تین تولہ۔ آلو بخارا۔ ریوند چینی ہر ایک دس تولہ۔ بطریق معروف شربت تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** ایک تا دو تولہ پانی میں حل کر کے اس کے ہمراہ غدی اعصابی ملین نوش کرائیں۔

**افعال و اثرات :** یرقان وغیرہ امراض جگر میں مفید ہے۔ (اعصابی عضلاتی)

(از مجربات حکیم حافظ عبدالسلام بن محمد بھٹوی)

## دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** سونف۔ بیخ سونف۔ خطمی۔ گل گاؤزبان۔ تخم کشوث۔ ملٹھی۔ ریوند چینی۔ گل نیلوفر۔ گل بنفشہ۔ مغز کدو۔ مغز خربوزہ۔ مغز تربوز۔ مغز کھیرا۔ ہر ایک دس گرام۔ مغزیات کے علاوہ تمام اجزاء کو تین کلو پانی میں پکائیں جب تین پاؤ پانی باقی رہ جائے تو اتار لیں۔ پن چھان کر تین پاؤ قند سفید ڈال کر قوام پر لے آئیں۔ بعد ازاں مغزیات پیس کر ڈال لیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**ترکیب استعمال :** ایک تولہ ہمراہ پانی صبح وشام نہار منہ۔ اگر یرقان زیادہ ہو تو گودہ بینگن۔ پھٹکری سفید ہموزن۔ چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔ صبح وشام دو گولیاں مذکورہ الصدر شربت سے نوش کرائیں۔

**افعال و اثرات :** یرقان کے لیے مفید ہے۔ (اعصابی غدی)

سفوف برائے امراض جگر (۳۰۲)

**اجزا و ترکیب ساخت :** زنجبیل پانچ تولہ۔ نوشادر ٹھیکری دو تولہ۔ فلفل سیاہ ایک تولہ۔ باریک سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** چار رتی تا ایک ماشہ۔

**افعال و اثرات :** یرقان۔ درد شکم۔ درد گردہ و مثانہ۔ بندش بول۔ سوزاک۔ عظم جگر و طحال۔ آماس وغیرہ کیلئے مفید ہے۔ (غدی اعصابی)

# عظمِ طحال

## (ENLARGMENT OF THE SPLEEN)

برائے عظم طحال

**اجزا و ترکیب ساخت :** حنظل سبز چار عدد۔ شورہ قلمی پانچ تولہ۔ نوشادر پانچ تولہ۔ نمک دیسی پانچ تولہ۔ تمام ادویہ کو حنظل میں بھر دیں اور سایہ میں رکھیں تا آنکہ ایک ہفتہ گزر جائے۔ بعدہ نچوڑ کر پانی محفوظ کر لیں۔

**ترکیب استعمال :** ایک چمچ بعد از طعام دن میں تین بار

**افعال و اثرات :** ورم و عظم طحال میں مفید و مجرب ہے۔ (عضلاتی غدی)

دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** فرائی کارب پانچ حصہ۔ ریوند خطائی تین حصہ۔ تخم کاسنی دو حصہ۔ نوشادر ایک حصہ۔ فلفل سیاہ 3/4 حصہ۔ سفوف تیار کریں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**ترکیب استعمال :** ایک ماشہ ہمراہ پانی۔

**افعال و اثرات :** پرانے بخار۔ ورم جگر، عظم طحال۔ قلت الدم، بھس اور ضعف جگر میں مفید ہے۔ (غدی اعصابی)

## قلۃ الدم

## (ANAEMIA)

### برائے قلت الدم (۳۰۵)

**اجزا و ترکیب ساخت :** چوب چینی۔ دار چینی۔ موصلی سفید۔ ثعلب مصری۔ شقاقل مصری۔ کتیرا۔ دانہ الائچی کلاں۔ خرما۔ مغز پستہ۔ ہر ایک دس تولہ۔ مغز کدو۔ مغز کھیرا۔ مغز خربوزہ۔ مغز تربوز ہر ایک بیس تولہ۔ مغز بادام نصف سیر۔ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال :** اول نسخہ نمبر دو ماشہ ہمراہ آب تازہ بعدہ مذکورہ سفوف ایک چھٹانک ہمراہ آب تازہ یا دودھ استعمال کرائیں۔

**افعال و اثرات :** قلت الدم۔ ہر قسم کی کمزوری دور کرنے کے لیے مفید و مجرب ہے۔ (غدی اعصابی)

### دیگر (۳۰۶)

**اجزا و ترکیب ساخت:** نمک سانبھر۔ نمک لاہوری۔ نمک سنہاری ہر ایک ایک تولہ آملہ خشک۔ پوست بہیڑہ۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ پوست ہلیلہ زرد۔ بادیان۔ تخم کاسنی ہر ایک دو تولہ۔ ست گلو دو ماشہ۔ برادہ فولاد سات تولہ سات ماشہ۔ سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** تین تا پانچ ماشہ ہمراہ آب تازہ۔

**افعال و اثرات:** قلت الدم کے لیے نہایت مفید ہے۔ (غدی اعصابی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# امراض الکلیہ والمثانہ

## درد گردہ

## (RENAL COLIC)

برائے درد گردہ

**اجزا و ترکیب ساخت:** جوکھار۔ لوٹا سجی۔ سہاگہ۔ نوشادر۔ فلفل سیاہ۔ نمک سیندھا۔ نمک سفید۔ حلتیت عمدہ۔ شورہ قلمی (ہم وزن) عمدہ سرکے میں لعوق تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** تین ماشہ ہر پندرہ منٹ بعد بحالت درد۔ اس کے بعد جبکہ درد بند ہوجائے درج ذیل دوا بقدر دو رتی نہار میں روزانہ ایک ماہ تک نوش کرائیں۔ درد گردہ دور ہو کافور ہو جائے گا۔

**ھوالشافی:** سنگ یہود دو تولہ لے کر کنوار گندل کے گودے میں بارہ گھنٹے تک کھرل کریں۔ اس کے بعد مٹی کے کوزے میں گل حکمت کرکے دس من اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں اور کام میں لائیں۔ مجرب ہے۔

**افعال و اثرات:** درد گردہ میں مفید ہے۔ (غدی اعصابی)

دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت:** نوشادر۔ جوکھار۔ لوٹا کھار۔ سہاگہ۔ قلمی شورہ۔ فلفل سیاہ۔ نمک سیندھا۔ حلتیت۔ ہر ایک تین ماشہ۔ کوٹ پیس کر سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** نصف تا ایک ماشہ۔

**افعال و اثرات:** درد گردہ میں مفید ہے۔ (غدی اعصابی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت:** جوکھار۔ شورہ قلمی۔ لوٹا کھار۔ نوشادر۔ سہاگہ۔ پھٹکڑی۔ نمک سفید ھا۔ فلفل سیاہ۔ نمک سفید۔ سنگ یہود۔ اجوائن خراسانی۔ ہیرا ہینگ (ہم وزن)۔ سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** دو ماشہ ہمراہ آب نیم گرم۔ بادام روغن چار تولہ۔

**افعال و اثرات:** درد گردہ کیلئے مفید مجرب ہے۔ (اعصابی غدی)

دیگر (۳۱۰)

**اجزا و ترکیب ساخت:** نوشادر۔ قلمی شورہ۔ سوڈا بائی کارب۔ جوکھار۔ مولی کھار (ہم وزن)۔ سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** چھ ماشہ صبح و شام ہمراہ آب ترب۔ آب لیموں۔ رس نیشکر۔

**افعال و اثرات:** درد گردہ میں مفید ہے۔ (غدی اعصابی)

دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت:** ریوند خطائی۔ نوشادر۔ مصبر۔ سہاگہ۔ ہم وزن۔ قند سفید بقدر ضرورت۔ سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ ہمراہ پانی۔ اگر پہلی خوراک سے آرام نہ ہو تو نصف گھنٹہ بعد دوسری خوراک دیں۔ بفضل اللہ تعالیٰ ضرور شفاء ہوگی۔

**افعال و اثرات:** درد گردہ کو روکتا ہے۔ (غدی اعصابی)

دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت:** مصبر زرد۔ حنظل بلاتخم۔ ایک ایک تولہ اجوائن خراسانی ڈیڑھ تولہ۔ حبوب بقدر چار رتی تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک تا دو گولی ہمراہ آب تازہ بعد از طعام۔

**افعال و اثرات:** درد گردہ ریحی میں مفید ہے۔ (غدی عضلاتی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت:** پوست ارنڈ بیس گرام۔ پوست درخت بھلاوہ خار دار چالیس گرام۔ اندر جوشیریں تین گرام۔ حلتیت اعلیٰ ایک گرام۔ ہر دو پوست کو تین پاؤ پانی میں ڈال کر جوش دیں۔ جب پانی ایک پاؤ رہ جائے تو اس میں اندر جوشیریں ڈال کر ملیں بعدہ ہینگ ڈال کر پھر جوش دیں۔ جب ڈیڑھ سو گرام پانی بچ جائے تو ٹھنڈا کر کے مریض کو پلا دیں۔ (ایک خوراک ہے)۔

**افعال و اثرات:** دردِ گردہ کیلئے تریاق صفت دوا ہے۔ (غدی اعصابی)

(از مجرباتِ حکیم ڈاکٹر حاجی عبدالغفار خاں کمال پوری مرحوم)

## ورمِ گردہ

## (NEPHRITIS)

برائے امراض گردہ

**اجزا و ترکیب ساخت:** فلفل سیاہ چار تولہ، کیسر ایک تولہ۔ سنبل الطیب چار ماشہ۔ فرفیون سات ماشہ۔ عاقرقرحا سات ماشہ۔ درونج عقربی دو ماشہ۔ کچور دو ماشہ۔ مروارید ناسفتہ پانچ ماشہ۔ شہد خالص دوچند وزنِ ادویہ۔ معجون تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** پانچ ماشہ ہمراہ دودھ۔

**افعال و اثرات:** ورمِ گردہ وضعف گردہ کیلئے نہایت مفید ہے۔ (عضلاتی غدی)

دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت:** سہاگہ بریاں۔ ملٹھی (ہم وزن) باریک کر کے محفوظ کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک تا دو ماشہ دن میں چار بار ہمراہ پانی۔

**افعال و اثرات:** دافع سوزش گردہ و مثانہ وحرارت ہے۔ بندش بول۔ سوزاک۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



کثرت طمث۔ تپ دق۔ غدی نزلہ۔ خشک کھانسی۔ غدی دمہ۔ سرعت انزال۔ چھپاکی اور جریان خون ہر قسم میں مفید ہے۔ (اعصابی غدی محرک)

## ضُعفِ گردہ

## (ALBUMINURIA)

برائے ضعف گردہ

**اجزا و ترکیب ساخت:** تخم گزر۔ تخم اجمود۔ تخم اسپست۔ اجوائن دیسی۔ سونف دیسی۔ مغز تخم خربوزہ۔ مغز تخم ککڑی۔ مغز تخم کھیرا۔ پوست بیخ اجمود ہر ایک ایک تولہ دس ماشہ۔ عاقرقرحا۔ تج۔ زعفران۔ مصطگی۔ اگر خام۔ ہر ایک سات ماشہ۔ جاوتری۔ قرنفل کباب چینی۔ فلفل سیاہ۔ ہر ایک دس ماشہ۔ عنبر اشہب ساڑھے تین ماشہ۔ شہد سہ چند کل ادویہ۔ حسبِ دستور تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** نو ماشہ ہمراہ عرق بادیان۔

**افعال و اثرات:** ضعف گردہ۔ ضعف پشت۔ ضعف باہ۔ ضعف دماغ۔ کثرت بول، ضعف باہ اور ضعف جگر کیلئے مفید ہے۔ (عضلاتی غدی)

دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت:** نیلوفر۔ مغز خیار۔ مغز کنول گٹہ۔ کنجد مقشر۔ پوست گولر۔ پوست جامن ہر ایک پانچ تولہ۔ موصلی سفید۔ مغز کدو۔ مغز تربوز۔ گلنار۔ گل ارمنی۔ مغز پیٹھا۔ بہی دانہ۔ تخم کاہو مقشر۔ خرفہ سیاہ۔ کشنیز بریاں۔ ستاور ہر ایک ڈھائی تولہ۔ مصطگی سات ماشہ سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** نو ماشہ صبح ہمراہ شیر گاؤ رات کو جوارش جالینوس سات ماشہ ہمراہ آب تازہ۔

**افعال و اثرات:** کثرت بول میں مفید ہے۔ (اعصابی غدی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# سلس البول

## (INCONTINENCE OF URINE)

### برائے سلسل البول

**اجزا و ترکیب ساخت:** زنجبیل۔ فلفل دراز۔ فلفل گرد۔ دار چینی۔ پوست آملہ۔ پوست بلیلہ۔ شیطرج ہندی۔ زراوند مدحرج۔ ثعلب مصری۔ مغز چلغوزہ۔ ہر ایک ایک تولہ۔ بیخ بابونہ۔ خبث الحدید۔ مویز منقی ہر ایک چھ ماشہ شہد خالص چھتیس تولہ۔ معجون تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** تین ماشہ دن میں تین بار۔

**افعال و اثرات:** سلس البول میں مفید و مجرب ہے۔ وجع المفاصل میں بھی مفید ہے۔ (عضلاتی غدی)

# سنگِ گردہ

## (RENAL CALCULI)

### برائے سنگ گردہ

**اجزا و ترکیب ساخت:** پھٹکڑی۔ نوشادر۔ قلمی شورہ۔ سنگِ یہود۔ ہر ایک دس تولہ تمر ہندی مصفیٰ ایک کلو۔ تمام ادویات کو پندرہ دن تک پانی میں بھگوئے رکھیں اور دن میں دو تین دفعہ ہلا دیا کریں۔ پندرہ دن کے بعد نتھرا ہوا پانی لے کر نمک تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک رتی ہمراہ سوڈا واٹر کھارا۔ اگر زیادہ تکلیف ہو تو پندرہ منٹ بعد ایک خوراک اور کھلائیں۔

**افعال و اثرات:** سنگ و درد گردہ کیلئے مفید و مجرب ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت:** مولی کو خالی کر کے چودہ ماشہ تخم پیاز اس میں بھر دیں۔ اس پر کپڑا لپیٹ کر مٹی لگا کر یا آٹا لگا کر تنور کے اندر رکھیں۔ جس وقت خوب پک جائے نکال لیں۔

**ترکیب استعمال:** تین دن تک۔

**افعال و اثرات:** اخراج سنگ گردہ کیلئے مجرب ہے۔ (غدی اعصابی)

دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت:** سوڈا بائی کارب دس تولہ۔ نمک خوردنی دس تولہ۔ سنگدانہ مرغ دس تولہ۔ مغز جمالگوٹہ تین ماشہ۔ باریک سفوف کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک تا دو ماشہ دن میں چار بار ہمراہ شربت بزوری۔

**افعال و اثرات:** سنگ گردہ و مثانہ۔ پتہ و جگر کو ریزہ ریزہ نکال دیتا ہے۔ درد پیٹ۔ ریاح شکم۔ قبض۔ بدہضمی وغیرہ کیلئے مفید ہے۔ (غدی اعصابی)

# احتباس بول

## (RETENTION OF URINE)

برائے احتباس بول

**اجزا و ترکیب ساخت:** شورہ قلمی۔ رائی ہر ایک دس ماشہ پیس کر رکھیں۔ (یہ ایک خوراک ہے)۔

**ترکیب استعمال:** یہ خوراک ہمراہ پانی دیں۔

**افعال و اثرات:** بند بول جاری کرتا ہے۔ مجرب ہے۔ (غدی اعصابی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# بول الدّم

## (HAMATURIA)

### برائے بول الدم

**اجزا و ترکیب ساخت:** پوٹاشیم نائٹراس چار ڈرام۔ ٹنکچر ہائیوسائمس ایک اونس۔ کلوروفام دس بوند۔ عرق بادیان ایک بوتل۔ مکسچر تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** مذکورہ بالا نسخہ صبح دوپہر شام پی کر پانچ یوم میں ختم کریں۔

**افعال و اثرات:** بول الدم، احتباس بول میں مفید ہے۔ گردہ و مثانہ کو صاف کرتا ہے۔ (اعصابی عضلاتی)

### دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت:** چاکسو اکیس عدد کا باریک سفوف تیار کریں۔ (ایک خوراک)

**ترکیب استعمال:** مذکورہ بالا سفوف ہمراہ زلال برادہ صندل نوش کرائیں۔

**افعال و اثرات:** بول الدم میں مجرب ہے۔ (غدی اعصابی)

# بول فی الفراش

## (ENURESIS NOCTURNAL)

### معجون برائے بول فی الفراش

**اجزا و ترکیب ساخت:** کہرباء شمعی سات ماشہ دو رتی۔ ہلیلہ سیاہ نو ماشہ۔ پوست ہلیلہ کابلی نو ماشہ۔ کتھ سفید نو ماشہ۔ جفت بلوط سوا دو ماشہ۔ کندر سوا دو ماشہ۔ تخم مورد ڈیڑھ تولہ۔ کنجد سیاہ ڈیڑھ تولہ۔ خصیہ ثعلب ساڑھے چار ماشہ۔ ہلیلہ جات روغن زرد میں بریان کریں۔ مویز منقی سرخ ساڑھے بائیس تولہ کوٹ کر عرق گلاب میں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



پکائیں حتیٰ کہ پھول جائے۔ باقی ادویات کو کوٹ پیس کر اس میں گوندھ کر معجون تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** سات ماشہ روزانہ ہمراہ شربت صندل تین تولہ + عرق گلاب تین تولہ۔ تخم بالنگو سات ماشہ باہم ملا کر۔

**افعال و اثرات:** بول فی الفراش۔ سلسل البول۔ جریان منی و مذی و ودی میں مفید ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

## سوزاک

## (GONORRHOEA)

**برائے سوزاک کہنہ**

**اجزا و ترکیب ساخت:** گیرو دو حصے۔ شورہ قلمی ایک حصہ۔ پھٹکڑی ایک حصہ۔ سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** چار ماشہ صبح و شام ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

**افعال و اثرات:** سوزاک کہنہ کیلئے مفید ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

**برائے سوزاک جدید**

**اجزا و ترکیب ساخت:** ست بیروزہ۔ ٹینک ایسڈ۔ شب یمانی۔ ہم وزن۔ سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** تین ماشہ صبح و شام ہمراہ لسی۔

**افعال و اثرات:** سوزاک جدید کیلئے مفید ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

**برائے سوزش بول**

**اجزا و ترکیب ساخت:** کافور۔ طباشیر۔ الائچی خورد۔ شورہ قلمی۔ ہم وزن۔ باریک پیس کر سفوف بنائیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**ترکیب استعمال:** نصف تا ایک رتی ہمراہ شربت صندل۔

**افعال و اثرات:** سوزاک اور سوزش بول میں مفید ہے۔(اعصاب عضلاتی)

## دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت:** کیلے کی موصلی ایک فٹ لے کر اس میں رانگ کی پتری داخل کر کے بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر محفوظ کر لیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک رتی ہمراہ پانی یا بالائی یا خمیرہ گاؤزبان۔

**افعال و اثرات:** سوزاک کے لیے مفید و مجرب ہے۔(اعصابی عضلاتی)

## دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت:** قلمی شورہ۔ کاسنی۔ جوکھار ہر ایک ایک تولہ۔ گل سرخ تین تولہ۔ باریک پیس کر سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** چار رتی تا ایک ماشہ دن میں چار بار ہمراہ پانی۔

**افعال و اثرات:** حرارت کی زیادتی۔ بندش بول۔ سوزش بول۔ سوزاک۔ جریان خون کے لیے مفید ہے۔(اعصابی عضلاتی)

## برائے سوزاک ہر قسم

**اجزا و ترکیب ساخت:** لوبان کوڑیا۔ اجوائن دیسی۔ ہم وزن۔ باریک پیس کر۔ سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک تا تین ماشہ ہمراہ عرق بادیان۔

**افعال و اثرات:** سوزاک کہنہ و جدید۔ قرحہ سوزاک۔ سوزش بول میں مفید ہے۔ (غدی اعصابی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# امراضِ جلد

## خارش

## (PRURIGO)

### برائے خارش خشک وتر

**اجزا و ترکیب ساخت:** رال سفید۔ سندھور۔ کمیلہ۔ کافور۔ سفیدہ جست۔ سفیدہ کاشغری۔ رسکپور رسائیدہ ہر ایک ایک تولہ۔ موم دیسی چار تولہ۔ روغن کنجد پندرہ تولہ۔ روغن دو تولہ۔ مرہم تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** بطریق معروف استعمال کریں۔

**افعال و اثرات:** خارش کے زخم کو بہت جلد صاف کرتی ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

### سفوف برائے امراض جلد

**اجزا و ترکیب ساخت:** گندھک مصفی پانچ تولہ۔ فلفل سیاہ۔ الائچی خورد۔ مصطگی ہر ایک ایک تولہ۔ برگ نیم۔ نگند بابری۔ مصری ہر ایک دو تولہ سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ڈیڑھ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ۔

**افعال و اثرات:** خارش ہر قسم میں مفید ہے۔ پھوڑے پھنسی کیلئے لاجواب ہے۔ (غدی اعصابی)

### شربت مصفی

**اجزا و ترکیب ساخت:** دھاسہ آدھا کلو۔ عشبہ۔ عناب۔ چرائتہ۔ جل نم۔ افسنتین۔ ہر ایک ایک پاؤ شربت تیار کریں۔ قند سفید دس کلو۔

**ترکیب استعمال:** قبض کی صورت میں ایک چمچ بعد از طعام۔ اگر قبض نہ ہو تو نہار منہ ایک ایک چمچ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**افعال و اثرات:** جملہ امراض جلد میں مفید و مجرب ہے۔ (عضلاتی غدی)

## روغن برائے خارش

**اجزا و ترکیب ساخت:** گندھک آملہ سار سات تولہ۔ پارہ دس تولہ۔ دونوں کو کم از کم چار گھنٹے کھرل کریں۔ جب سیاہ ہو جائے تو تیار ہے۔

**ترکیب استعمال:** تیل یا کسی چیز میں ملا کر مقام ماؤف پر لگائیں۔

**افعال و اثرات:** خارش، پھنسی پھوڑا کیلئے مفید ہے۔ (غدی عضلاتی)

## عرق برائے خارش

**اجزا و ترکیب ساخت:** عناب۔ گاؤزبان۔ اسطخودوس۔ گل سرخ۔ ہر ایک تین تولہ۔ مکوخشک۔ سرپھوکہ۔ تخم سرس۔ زیرہ سفید۔ برہم ڈنڈی۔ دھماہا۔ چوب چینی۔ کشنیز۔ صندل سفید۔ صندل سرخ۔ اجوائن دیسی۔ اجوائن خراسانی۔ آملہ۔ بسفائج۔ ہر ایک پانچ تولہ۔ مویز منقی۔ خاکسی۔ بادیان۔ چرائتہ۔ تخم بکائین۔ تخم خیارین۔ بدھارا۔ برگ بانسہ۔ پوست شجر سرس۔ افسنتین۔ کڑو۔ برگ مہندی۔ بیخ حنظل۔ جوانہا۔ پوست کنچال۔ پودینہ۔ تخم کاسنی۔ بادیان ہر ایک دس تولہ۔ ملٹھی۔ افتیمون۔ باؤبڑنگ۔ ہر ایک دو تولہ۔ برگ نیم۔ پوست کیکر۔ سنا مکی ہر ایک پندرہ تولہ۔ گلو بیس تولہ۔ آٹھ پہر بھگو کر عرق کشید کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک تا دو تولہ دن میں تین بار۔

**افعال و اثرات:** مصفی خون۔ جذام۔ پھوڑا۔ پھنسی۔ داد۔ چنبل۔ آتشک کیلئے مفید ہے۔ (غدی اعصابی)

# پھوڑے اور پھنسیاں

## جوہر مصفی

**اجزا و ترکیب ساخت:** ہیرا کسیس سبز۔ پھٹکڑی سرخ۔ پھٹکڑی سفید۔ ہیرا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



کبیس زرد۔ کاہی سرخ۔ طوطیا۔ ہر ایک دو تولہ۔ چونا ان بجھ۔ منسل ہر ایک چار تولہ۔ ہڑتال ورقی۔ ہڑتال سفید ہر ایک آٹھ تولہ تمام ادویہ کو باریک کرکے ایک بوتل سرکہ انگوری خالص میں بھگو کر ایک ماہ تک زمین میں دفن کریں۔ بعد ازاں دو سکورہ گلی بند کرکے اس کا جوہر حاصل کریں۔

**افعال و اثرات:** ناسور۔ بھگندر۔ گھمبیر اور دیگر اندرونی زخموں کا کامیاب علاج ہے۔ بواسیری مسوں کو گراتا ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

**ترکیب استعمال:** 1/4 چاول مکھن یا بالائی میں کھلائیں۔ بوقت ضرورت بیرونی طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ مثلاً بواسیری مسوں میں اول مریض کو آب پھٹکڑی سے استنجا کرائیں پھر جوہر مذکور ایک ماشہ روئی کے ساتھ مسوں پر لگا دیں۔ اوپر روئی رکھ کر لنگوٹ کس دیں۔ سات یوم میں مسے خود بخود جھڑ جائیں گے۔ اس کے بعد زیری سیاہ۔ میدہ گندم۔ روغن کنجد۔ گیرو۔ ہر ایک ایک تولہ پیس کر تین یوم تک باندھیں۔

## شربت مصفی

**اجزا و ترکیب ساخت:** صندل سرخ۔ صندل سفید۔ منڈی بوٹی۔ برہم ڈنڈی۔ ہلیلہ سیاہ۔ چرائتہ۔ شاہترہ۔ عشبہ مغربی۔ سرپھوکہ۔ ہر ایک پانچ تولہ عناب نصف پاؤ۔ قند سفید تین سیر۔ تمام ادویات کو سولہ پہر تک پانی میں بھگو کر رکھیں بعدہ عرق کشید کریں۔ پھر شربت تیار کریں۔ شربت تیار کرتے وقت پوٹاشی برومائیڈ آٹھ اونس فی بوتل ڈالیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک تولہ صبح دوپہر شام ہمراہ آب استعمال کریں۔

**افعال و اثرات:** خارش کیلئے لاجواب ہے۔ ملیریا کو بھی مفید ہے۔ (عضلاتی غدی)

## مرہم برائے امراض جلد

**اجزا و ترکیب ساخت:** نیلا تھوتھا تین ماشہ۔ کمیلہ چھ ماشہ۔ بابچی نو ماشہ۔ گندھک آملہ سار ایک تولہ۔ پارہ ایک تولہ۔ مردہ سنگ ایک تولہ۔ روغن سرسوں دو تولہ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



پہلے کجلی تیار کریں پھر باقی ادویات ملا کر رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** مقام متاثرہ پر لگا کر علی الصبح دو گھنٹے دھوپ میں بیٹھیں پھر گرم پانی سے نہالیں۔ دو تین مرتبہ لگانے سے آرام ہوگا۔

**افعال و اثرات:** پھوڑا۔ پھنسی۔ خارش۔ داد کیلئے مفید ہے۔ مندمل القروح ہے۔

(عضلاتی غدی مرہم)

# چنبل

# (PSORIASIS)

## روغن برائے چنبل

**اجزا و ترکیب ساخت:** پوست نارجیل پانچ تولہ۔ گندم سرخ پچیس تولہ۔ نیلا تھوتھا دو تولہ۔ نوشادر دو تولہ۔ باپچی چار تولہ۔ تخم پنواڑ پانچ تولہ۔ تھوڑا سا باریک کر بذریعہ گرب جنتر روغن کشید کریں۔

**ترکیب استعمال:** مقام ماؤف کو اچھی طرح صاف کر کے تین مرتبہ لگائیں۔

**افعال و اثرات:** چنبل کے لیے مفید ہے۔ (غدی عضلاتی روغن)

## دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت:** پوست نارجیل چالیس تولہ۔ نوشادر ایک تولہ۔ نیلا تھوتھا ایک تولہ۔ تخم پنواڑ پانچ تولہ۔ گندم سرخ پانچ تولہ۔ جوکوب کر کے بذریعہ گرب جنتر روغن کشید کریں اور شیشی میں ڈال کر محفوظ کریں۔

**ترکیب استعمال:** بوقت ضرورت مقام ماؤف پر لگائیں۔

**افعال و اثرات:** داد اور چنبل کو آرام ہوگا۔ (غدی عضلاتی روغن)

## ضماد

**اجزا و ترکیب ساخت:** برگ نیم خشک دس تولہ پیس کر پارچہ بیز کر کے ایک

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سیر پانی میں جوش دیں جب خشک ہوجائے تو روغن زرد ایک پاؤ۔ موم چھ تولہ۔ سہاگہ دو تولہ۔ مشک کافور چھ قرص۔ نیلا تھوتھا تین تولہ۔ وار چکنا چھ ماشہ۔ نوشادر تین ماشہ۔ دانہ موٹھ کے برابر گولیاں تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک تا دو دن میں تین بار ہمراہ بالائی یا مکھن۔

**افعال و اثرات:** چنبل۔ گھمبیر۔ موہری کیلئے مفید و مجرب ہے۔ (غدی اعصابی)

مرہم سیاہ

**اجزا و ترکیب ساخت:** سندھور پانچ تولہ۔ نیلا تھوتھا تین ماشہ۔ ایلوا ایک تولہ۔ تیل سرسوں ایک پاؤ۔ لوہے کی کڑاہی میں تیل کو گرم کریں پھر سندھور۔ مصبر اور نیلا تھوتھا پیس کر ملا دیں اور لوہے کی سلاخ سے ہلاتے رہیں۔ جب مرکب کا رنگ سیاہ ہوجائے تو آگ سے اتارلیں۔

**ترکیب استعمال:** کپڑے پر لگا کر مقام ماؤف پر لگائیں۔

**افعال و اثرات:** چنبل۔ داد۔ پرانے زخم۔ پھوڑے پھنسیاں کیلئے مفید ہے۔ (عضلاتی غدی)

## داد

## (RING.WORM)

برائے داد

**اجزا و ترکیب ساخت:** سہاگہ خام۔ رال سفید۔ گندھک۔ بانجی۔ ہر ایک چودہ ماشہ۔ مازو چار ماشہ۔ عرق لیموں حسب ضرورت۔ حبوب بقدر مناسب تیار کرکے خشک کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی مقام ماؤف پر پانی میں گھس کر لگائیں۔

**افعال و اثرات:** داد کیلئے مفید ہے۔ (غدی اعصابی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# پتّی اچھلنا

## (URTIEARIA)

**برائے چھپاکی**

**اجزا و ترکیب ساخت:** اجوائن دیسی۔ گندھک مصفی ہم وزن۔ باریک سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ ہمراہ شہد خالص دو تولہ صبح و شام۔

**افعال و اثرات:** چھپاکی میں اکسیر الاثر ہے۔ (غدی عضلاتی)

**دیگر**

**اجزا و ترکیب ساخت:** جل نم۔ فلفل سیاہ ہم وزن۔ حبوب بقدر جنگلی بیر تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی ہر تین گھنٹے بعد ہمراہ ماء العسل دیں۔

**افعال و اثرات:** تین چار دفعہ کھانے سے چھپاکی دور ہوجاتی ہے۔ (غدی اعصابی)

**دیگر**

**اجزا و ترکیب ساخت:** قلمی شورہ تین تولہ۔ تخم کاسنی پانچ تولہ۔ باریک سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک تا تین ماشہ دن میں تین بار ہمراہ پانی۔

**افعال و اثرات:** حرارت کی زیادتی۔ سوزش بول۔ چھپاکی بوجہ جوش خون اور صفراوی پتھریوں کے لیے مفید ہے۔ (اعصابی عضلاتی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# مہاسے

# (ACNE)

فیس پاؤڈر:

**اجزا و ترکیب ساخت:** نشاستہ عمدہ سفید سترہ اونس۔ زنک آکسائیڈ ایک اونس۔ ملا کر اچھی طرح کھرل کریں۔ بالکل مخمل کی مانند نرم ہونے پر پھر قدرے عرق گلاب ملا کر خوش بودار کرلیں۔

**ترکیب استعمال:** حسب ضرورت رات کے وقت لگائیں۔

**افعال و اثرات:** چہرے کو صاف کرتا ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

# بوائی پھٹنا

برائے بوائی

**اجزا و ترکیب ساخت:** چربی بز پگھلی ہوئی۔ مازو نرم پیس کر باہم ملا کر رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** بوائی میں بھرائی کریں۔

**افعال و اثرات:** بوائی پھٹنا میں مفید و مجرب ہے۔ بالخصوص ایڑھی پھٹنے میں۔ (عضلاتی اعصابی)

# آتشک

زخم برائے آتشک

**اجزا و ترکیب ساخت:** مردا سنگ۔ طباشیر۔ کتھ پھل۔ ہر ایک ایک تولہ۔ الائچی خورد نصف تولہ۔ نہایت باریک سفوف بنائیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**ترکیب استعمال:** زخم پر مکھن لگا ذرورہ کریں۔
**افعال و اثرات:** برائے زخم آتشک مفید ہے۔ (عضلاتی اعصابی مرہم)

# امراض الشعر

## شیب الشعر

## (CANTITIES)

### خضاب خوردنی:

**اجزاء و ترکیب استعمال:** نیل جنگلی بقدر چھ ماشہ روزانہ بلاناغہ سال بھر کھانے سے۔ بال سیاہ ہو جائیں گے۔ ان شاء اللہ۔ مجرب ہے۔
افعال و اثرات: (اعصابی عضلاتی)

### خضاب:

**اجزاء و ترکیب استعمال:** چاندی کے ورقوں کو تیزات فاروقی میں اس قدر ملیں کہ خوب حل ہو جائیں۔ بالوں کو اچھی طرح دھو کر خشک کر سیسہ کی کنگھی کی مدد سے لگائیں۔ فی الفور بال سیاہ ہو جائیں گے۔ ان شاء اللہ۔
افعال و اثرات: عضلاتی اعصابی۔

### روغن مجرب:

**اجزاء و ترکیب:** گل لالہ۔ برگ مورد۔ بنسراج۔ بالچھڑ۔ ناگرموتھا۔ تخم چقندر۔ تخم اجمود۔ آملہ۔ ڈیڑھ چھٹانک کم ڈیڑھ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب نصف چھٹانک کم نصف سیر رہ جائے تو صاف کر کے بقیہ پانی میں روغن خیری ڈال کر پکائیں کہ روغن باقی رہے۔ پھر سترہ ماشہ اقاقیا۔ اور سترہ ماشہ داڑھی صنوبر لے کر اس روغن میں ڈالیں اور روزانہ مالش کریں۔ بال سیاہ ہو نگے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**افعال و اثرات:** عضلاتی غدی۔

**دیگر**

**اجزاء و ترکیب:** خبث الحدید کہنہ۔ پوست کیکر ہر ایک آدھا کلو کو پانی میں بھگو دیں۔ جب پانی میں خمیر ہو جائے تو مہندی پیس کر مذکورہ پانی ڈال دیں۔ اور مزید نوشادر تین ماشہ ڈالیں۔ نصف گھنٹہ بھگوئیں پھر بالوں کو لگائیں۔

**افعال و اثرات:** بال سیاہ ہو جائیں گے۔ (عضلاتی اعصابی)

**دیگر**

**اجزاء و ترکیب:** ایک ناریل لے کر اس کا سر دور کریں۔ اور مغز باہر نکال کر پانچ تولہ ساڑھے تین ماشہ مغز لے کر آملہ سات ماشہ۔ برادہ لوہا پونے دو ماشہ۔ جوکھار ساڑھے تین ماشہ خوب پیس کر ناریل میں بھر دیں اور اس کا سر مضبوطی سے بند کر دیں۔ تمام ناریل کو کپڑے اور مٹی میں لپیٹیں اور آگ میں ڈالیں۔ ایک گھنٹہ بعد باہر نکالیں۔ اور اس کا روغن نکالیں۔

**ترکیب استعمال:** بالوں پر لگائیں۔

**افعال و اثرات:** بالوں کو سیاہ کرتا ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

## جوئیں پڑنا

**اجزاء و ترکیب ساخت و استعمال:** ہڑتال سرخ۔ مویزش۔ کندش۔ جواکھار۔ مناسب وزن۔ ہر دسویں روز سرکہ میں حل کر کے طلا کریں۔ ایک گھنٹہ بعد غسل کریں۔

**افعال و اثرات:** جوں کو مارتی ہے۔ (غدی عضلاتی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# بال مونڈنے کیلئے

## بال صفی

**اجزاء و ترکیب ساخت:** چونا ایک حصہ۔ جوا کھار دو حصے۔ ہڑتال زرد دس حصے پانی میں تر کریں۔ اس قدر پانی ڈالیں کہ پانی اجزاء کے اوپر آجائے۔ تین دن رکھیں۔ چوتھے روز صاف کر کے تین حصے اس سے اور تین حصے روغن کنجد ملا کر نرم آنچ پر پکائیں کہ روغن باقی رہے۔

**ترکیب استعمال:** جہاں سے بال صاف کرنا مقصود ہو وہاں طلا کریں۔ اور ایک گھنٹہ بعد دھو ڈالیں۔

**افعال و اثرات:** بالوں کو صاف کرتا ہے۔ (اعصابی غدی)

# بال لمبے کرنے کے لیے

## برائے مو

**اجزاء و ترکیب ساخت و استعمال:** آب باراں ڈھائی سیر۔ سحاق سوا سیر۔ ہنسراج ساڑھے گیارہ تولہ۔ پاہوں بیر دو تولہ دس ماشہ۔ مورد دو تولہ دس ماشہ۔ کدو خشک دو تولہ دس ماشہ۔ تمام اجزاء کو کانچ کے برتن میں اکیس روز تک تر رکھیں۔ روزانہ لکڑی سے ہلا کر بالوں پر لگائیں اور کنگھی کریں۔ (عضلاتی اعصابی)

# بال اگانے کے لیے

## دیگر

**اجزاء و ترکیب استعمال:** بکری کے سم (کرنب) خاکستر لے کر قدرے روغن زیتون میں حل کر کے طلا کریں۔ اور پے در پے طلا کریں۔

**افعال و اثرات:** جس جگہ چاہیں۔ جلد پر بال اگاتی ہے یعنی منبت الشعر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

# مجربات امراض الرجال

## ضعف باہ

## (SEXUAL DEBILITY)

### حبوب مقوی باہ

**اجزا و ترکیب ساخت:** ترپھلہ پانچ تولہ۔ سلاجیت اعلیٰ اصلی اڑھائی تولہ۔ زعفران اصلی چھ ماشہ۔ عاقرقرحا اصلی چھ ماشہ۔ اصلی نیپالی کستوری نو رتی۔ سب دواؤں کو کوٹ چھان کر کھرل میں ڈال کر اوپر سے روغن بہروزہ بیس بوند۔ روغن صندل بیس بوند ڈال کر تازہ برہمی بوٹی کے عرق میں بارہ گھنٹے تک گھوٹ کر جھڑبیری کے بیر کے برابر گولیاں بنا کر سایہ میں خشک کر لیں اور شیشی میں بند کر کے رکھ لیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح و شام مع شیر گاؤ ایک پاؤ۔ شکر ملا کر۔

**افعال و اثرات:** بیس روز مسلسل استعمال کرنے سے ضعف جاتا رہے گا۔ مقوی باہ مجربات سے ہے۔

### مقوی و ممسک:

**اجزا و ترکیب ساخت:** سم الفار سفید دو ماشہ۔ کتھ سرخ سائیدہ دو تولہ۔ گل سرخ سائیدہ دو تولہ۔ مثل غبار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک رتی بعد از طعام ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

**افعال و اثرات:** مقوی باہ و ممسک ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

### دیگر

**اجزاء و ترکیب ساخت:** عاقرقرحا۔ شنگرف رومی۔ قرنفل۔ زعفران۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



دارچینی۔ جائفل۔ جلوتری۔ جدوار بنفسجی۔ مشک خالص۔ ہر ایک دو ماشہ۔ کوفتہ بیختہ کر شہد کی مدد سے ایک سو گولیاں تیار کریں اور ورق طلا لپیٹ کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی عصر کے وقت دودھ نیم گرم ایک کلو کے ساتھ نوش کرائیں۔ جس دن گولیاں شروع کریں۔ اسی دن سے شام کا کھانا بند کر دیں۔ دوپہر کے کھانے میں گھی دیسی بکثرت استعمال کریں۔ گولی کھانے کے بعد غذا مطلقاً استعمال نہ کریں۔ اگر ضرورت ہو تو صرف دودھ نوش کریں۔ دودھ جس قدر پئیں کوئی مضائقہ نہیں۔

**افعال و اثرات:** ممسک و مقوی باہ ہے۔ (عضلاتی غدی)

### دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت:** جائفل۔ مشک۔ شنگرف رومی۔ قرنفل۔ ہر ایک ایک ماشہ۔ باریک پیس کر شہد کی مدد سے بیس گولیاں تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** سرد مزاج والوں کیلئے ایک گولی اور گرم مزاجوں کیلئے نصف گولی ترکیب مذکورہ بالا کے ساتھ۔

**افعال و اثرات:** مقوی باہ۔ ممسک۔ مشتہی۔ سرور بخش ہے۔ (عضلاتی غدی)

### دیگر

**اجزاء و ترکیب ساخت:** جدوار بنفسجی۔ زعفران کشمیری۔ کہرباء شمعی۔ مشک نیپالی۔ عنبر اشہب ہر ایک ایک ماشہ مصطگی رومی۔ صمغ عربی۔ گوند کتیرا۔ ثعلب مصری۔ مایہ شتر اعرابی۔ مغز کدو ہر ایک دو ماشہ باریک پیس کر روغن بادام میں چرب کر کے آب کوکنار کی مدد سے حبوب بقدر دانہ مونگ تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی سے شروع کر کے رفتہ رفتہ بقدر نخود خوراک لیں۔

**افعال و اثرات:** ضعف باہ و سرعت انزال کے لیے تریاق صفت دوا ہے۔

(غدی اعصابی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



دیگر

**اجزاء و ترکیب ساخت:** شنگرف رومی۔ مصرف۔ ہر ایک ایک تولہ۔ شیر برگد پانچ تولہ۔ اجوائن خراسانی۔ کچلہ مدبر ہر ایک نو ماشہ۔ زعفران۔ تخم دھتورہ سفید ہر ایک چھ ماشہ شیر برگد میں حبوب نخودی تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی دنمیں تین بار ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

**افعال و اثرات:** ممسک، مقوی ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

دیگر

**اجزاء و ترکیب ساخت:** کستوری ایک ماشہ۔ عاقر قرحا دو ماشہ۔ زعفران دو ماشہ۔ جاوتری دو ماشہ۔ قرنفل دو ماشہ۔ دار چینی دو ماشہ۔ اجوائن خراسانی چار ماشہ۔ شہد کی مدد سے دورتی کے برابر گولیاں تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی دن میں تین بار ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

**افعال و اثرات:** ممسک ومقوی باہ ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

دیگر

**اجزاء وترکیب ساخت:** سم الفار ایک تولہ۔ پارہ شنگرفی ایک تولہ۔ کو تین دن تک شیر مدار میں تر رکھیں اور روزانہ آٹھ گھنٹے کھرل کریں اور گولا سا بنا کر اسے خوب سکھائیں۔ اب بیس تولہ سنگجراحت لے کر کنوار گندل میں خوب کھرل کریں۔ چار دن مسلسل کھرل کریں۔ جب لیس چھوڑ دے تو روٹی بنا کر گولا مذکورہ درمیان میں رکھ کر لپیٹ دیں اور گڑھا کھود کر ایک سیر پختہ اوپلہ کی آگ دیں۔ آسمانی رنگ سفیدی لیے کشتہ باوزن تیار ہوگا۔ آنچ کی کمی بیشی ہونے پر ایک دو دفعہ آگ دینے سے باوزن ہی تیار ہوتا ہے اگر دو تولے کا ایک تولہ بھی بچ رہے تو بھی کوئی ہرج نہیں۔ تب بھی مفید ثابت ہوگا۔

**ترکیب استعمال:** ایک چاول کے برابر ہمراہ بالائی یا شیر یا مسکہ وغیرہ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**افعال و اثرات:** بلغمی امراض۔ دمہ۔ کھانسی اور ضعف باہ کیلئے عمدہ چیز ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

## دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت:** جاوتری۔ زعفران۔ دانہ الائچی خورد۔ مونگ۔ دار چینی۔ بہمن سفید۔ بہمن سرخ۔ شقاقل مصری۔ خولنجاں ہر ایک چار رتی۔ مشک خالص۔ عنبر اشہب۔ ورق طلا ہر ایک ایک رتی۔ عاقرقرحا۔ جائفل۔ ہر ایک تین رتی۔ شہد خالص کی مدد سے حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی روزانہ ہمراہ دودھ۔

**افعال و اثرات:** مقوی باہ و ممسک ہے۔ (عضلاتی غدی)

## معجون محرک

**اجزاء و ترکیب ساخت:** عاقرقرحا چار تولہ۔ تخم پیاز چار تولہ۔ تخم شلجم چھ تولہ۔ مگھاں دو تولہ۔ فلفل سیاہ دو تولہ۔ نارجیل دریائی دو تولہ۔ تودری سرخ دس ماشہ۔ تودری سفید دس ماشہ۔ خردل دو تولہ۔ تخم گندر چار تولہ۔ حب النیل چودہ ماشہ۔ پستہ چودہ ماشہ۔ شہد خالص مصفیٰ سہ چند۔ بدستور معروف معجون تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک تولہ صبح و شام ہمراہ دودھ نیم گرم۔

**افعال و اثرات:** محرک باہ ہے۔ (غدی اعصابی)

**نوٹ:** خواتین کے لیے اس معجون کو کھانا ممنوع ہے۔

## حب اذراقی

**اجزاء و ترکیب ساخت:** کچلہ (مدبر بآب گھی کوار ایک سیر) ایک تولہ کچلہ کو پیس کر اس میں مندرجہ ذیل اشیاء ڈالیں۔ زعفران خالص ایک تولہ۔ دار چینی چار تولہ۔ جاوتری چار تولہ۔ سورنجاں شیریں چھ تولہ۔ سنڈھ بیس تولہ۔ الائچی کلاں پانچ تولہ کوٹ چھان کر آب ادرک میں کھرل کر کے جھاڑی بیری کے بیر کے برابر حبوب تیار کریں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح وشام ہمراہ دودھ نیم گرم۔
**افعال و اثرات:** حد درجہ مقوی باہ ہے' مقوی معدہ و مسکن درد ہر قسم۔
(عضلاتی غدی)

## روغن مقوی

**اجزاء وترکیب ساخت:** مالکنگنی۔ گھونگچی۔ بیخ کنیر سفید ہر ایک سات تولہ گندھک آملہ سار پانچ تولہ۔ کچلہ دس ماشہ۔ شونیز سات ماشہ۔ بچھناک چار ماشہ۔ جملہ ادویہ نیم کوب کر کے اس قدر شیر گاؤ میں بھگوئیں حتیٰ کہ سات روز گزر جائیں۔ بیش کو گوبر میں جوش دیں پھر تمام ادویہ کو ایک جگہ کر کے شیشی میں ڈالیں اور جنگلی اوپلوں کی آگ میں بطریق معروف روغن ٹپکائیں۔
**ترکیب استعمال:** ایک قطرہ روغن مناسب ادویہ کے ساتھ نوش کرائیں۔
**افعال و اثرات:** قوت باہ کے لیے نہایت مفید ہے۔
**نوٹ:** غذا نہایت مرغن اور دودھ گھی کا استعمال کریں۔ (عضلاتی اعصابی)

## سفوف مقوی باہ

### دیگر

**اجزاء وترکیب ساخت:** خارخسک کلاں۔ مغز کنول گٹہ۔ پوست شجر گولر۔ ہر ایک چھ ماشہ۔ تالمکھانہ۔ بیج بند سیاہ۔ تخم سروالی۔ گوند ڈھاک ہر ایک تین تولہ۔ شکر سفید تینتیس تولہ۔ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔
**ترکیب استعمال:** ایک تولہ صبح ہمراہ دودھ۔
**افعال و اثرات:** مقوی باہ ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

## مغلظ و مقوی

**اجزاء وترکیب ساخت:** موصلی سفید۔ تودری سفید۔ شقاقل مصری۔ ستاور۔ تالمکھانا۔ تخم سروالی۔ ثعلب مصری ہر ایک دو تولہ۔ گوند کتیرا۔ ایک تولہ باریک سفوف

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** انڈا مرغی ایک عدد دیسی گھی دو تولہ شیر گاؤ بیس تولہ کوزہ مصری تین تولہ۔ پہلے گھی گرم کریں پھر زردی بیضہ مرغ گھی میں چھوڑ دیں۔ جب اچھی طرح حل ہوجائے تو دودھ میں ملا دیں۔ جب پک کر نصف دودھ خشک ہوجائے تو ایک تولہ سفوف مذکور ڈال کر حلوہ تیار کریں۔ آگ سے نیچے اتار کر سرد کریں۔ شام کی غذا سے تین گھنٹہ قبل نوش کرائیں۔

**افعال و اثرات:** ضعف باہ۔ ضعف گردہ۔ جریان کیلئے مفید و مجرب ہے۔ مغلظ منی ہے۔ مسلسل دو ہفتے استعمال کرنے سے فوائد معلوم ہوں گے۔ (غدی اعصابی)

## ممسک مقوی

**اجزاء وترکیب ساخت:** عاقرقرحا۔ شنگرف۔ جائفل۔ مایہ شترا عرابی۔ شیر برگد ہر ایک دس تولہ۔ کستوری تین ماشہ۔ سب ادویہ کو کوٹ چھان کر شیر برگد ملا کر حبوب نخودی تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی بوقت عصر و عشاء جس دن یہ گولی کھائیں اس دن عصر کے بعد سوائے دودھ کے کچھ نہ لیں۔

**افعال و اثرات:** بے حد مقوی و ممسک ہے۔ (عضلاتی غدی)

## حبوب مقوی باہ

**اجزاء وترکیب ساخت:** سم الفار۔ ہڑتال ورقیہ۔ شنگرف رومی ہر ایک ایک تولہ۔ کوٹ پیس کر آب لیموں سو عدد میں کھرل کر کے حبوب بقدر دانہ مونگ تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** بوڑھوں کے لیے ایک گولی۔ جوانوں کے لیے نصف گولی ہمراہ شیر گاؤ بقدر ہضم۔

**افعال و اثرات:** مقوی باہ ہے۔ جوانی کی بد اعتدالی۔ پیرا سالی کے ضعف باہی میں مفید و مجرب ہے۔ (عضلاتی غدی)

**پرهیز:** حتی الامکان مجامعت سے پرہیز کریں۔ غذا مقوی و مرغن رکھیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**اصلاح:** اس دوا کے استعمال سے اگر بھوک بند ہو جائے تو گندھک ایک تولہ کا اضافہ کرنا مفید ہوتا ہے۔

## مقوی باہ کیپسول

**اجزاء وترکیب ساخت:** بیر بہوٹی تیس گرام۔ خراطین مصفی بیس گرام۔ ثعلب مصری دس گرام۔ جائفل آٹھ گرام۔ عاقرقرحا۔ خولنجاں۔ جاوتری۔ زعفران ہر ایک چھ گرام۔ ورق نقرہ ایک دفتری۔ باریک سفوف بنا کر درمیانے سائز کے کیپسولز میں داخل کر کے محفوظ کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک کیپسول ہمراہ لبوب کبیر (اثر) بدرقہ مناسبہ۔

**افعال و اثرات:** قوت باہ کے لیے نہایت مفید و مجرب ہے۔ (عضلاتی غدی)

## دیگر حبوب مقوی

**اجزاء وترکیب ساخت:** کچلہ مدبر۔ بیر بہوٹی۔ لونگ۔ دارچینی۔ زعفران۔ جاوتری۔ عاقرقرحا۔ جوزبوا۔ سمندر سوکھ۔ شنگرف۔ کافور۔ ہر ایک تین ماشہ شہد کے ساتھ نخودی گولیاں تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح و شام ہمراہ مکھن۔

**افعال و اثرات:** قوت باہ کیلئے مفید و مجرب ہے۔ (عضلاتی غدی)

## حبوب مقوی خاص

**اجزاء وترکیب ساخت:** کونین۔ زعفران۔ سلاجیت ہر ایک چھ ماشہ۔ کشتہ فولاد فاسفورس والا بارہ ماشہ۔ ست کچلہ دو ماشہ۔ ست اجوائن۔ ست پودینہ۔ ست لوبان۔ روغن دارچینی۔ جائفل۔ عاقرقرحا۔ روغن سم الفار۔ ایکسٹریکٹ بیلاڈونا ہر ایک تین ماشہ۔ شنگرف مدبر چار ماشہ۔ حبوب بقدر کالی مرچ کے برابر تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی روزانہ بوقت شب ہمراہ دودھ نیم گرم۔

**افعال و اثرات:** مقوی۔ ممسک۔ مغلظ۔ دافع جریان۔ احتلام بے ضعف باہ کو دور

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



کرتی ہے۔رنگت سرخ کرتی ہے۔(عضلاتی غدی)

## سفوف خاص

**اجزاء وترکیب ساخت:** مغز بزر دس تولہ۔خصیہ بزر دس تولہ۔ثعلب مصری ڈھائی تولہ۔موصلی سفید ڈھائی تولہ۔کشتہ قلعی ڈھائی تولہ۔قند سفید بیس تولہ۔پہلی دونوں اشیاء کو قند سفید کے ساتھ ملا کر زور دار ہاتھ سے ملیں پھر کپڑے میں چھان کر ہلکی آنچ پر خشک کریں۔باقی ادویہ کا باریک سفوف ملائیں۔

**ترکیب استعمال:** چھ ماشہ صبح وشام ہمراہ شیر گاؤ۔

**افعال و اثرات:** مقوی باہ و دماغ ہے۔(عضلاتی اعصابی)

## سفوف مقوی مغلظ

**اجزاء وترکیب ساخت:** صمغ عربی۔گل خیرہ۔نشاستہ۔طباشیر۔تخم خشخاش سفید۔تودری سرخ۔تودری زرد۔بہمن سرخ۔بہمن سفید۔موصلی سیاہ۔موصلی سفید۔چھلکا اسبغول۔بہیدانہ۔تالمکھانہ۔مغز تربوز۔مغز پنبہ دانہ۔مغز خیارین۔آرد خستہ املی۔آرد ماش۔بیج بند۔تخم سریالہ۔تخم ریحان۔تخم خرفہ۔ثعلب مصری۔دانہ الائچی خورد۔تج۔مغز کشنیز۔اجوائن خراسانی ہر ایک ایک تولہ۔کوزہ مصری اٹھائیس تولہ۔ورق نقرہ ایک دفتری کلاں۔سب کو باریک پیس کر پھر مصری کوزہ پیس کر شامل کریں بعدہ ورق نقرہ ڈال کر خوب کھرل کریں حتی کہ مثل غبار ہو جائے تو تیار ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک تولہ ہمراہ شیر گاؤ۔

**افعال و اثرات:** ضعف باہ۔جریان اور سرعت انزال کے لیے مفید ہے۔مجربات سے ہے۔حکیم عطا محمد خاں بقلم خود۔(اعصابی غدی)

## حبوب مقوی وممسک

**اجزاء وترکیب ساخت:** کشتہ فولاد انگریزی چھ ماشہ۔ثعلب مصری چھ ماشہ۔ست کچلہ ایک رتی۔عقرقرحا ایک رتی۔شہد حسب ضرورت کوٹ چھان کر حبوب بقدر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



دانہ مونگ تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی ہمراہ نیم گرم دودھ۔

**افعال و اثرات:** ممسک ومقوی باہ ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

## معجون برائے جریان وسراعت

**اجزاء وترکیب ساخت:** ستاور۔ بسباسہ۔ قرنفل۔ کائفل۔ تک چھکنی۔ ہر ایک ایک تولہ۔ ریگ ماہی۔ عاقرقرحا ہر ایک دو تولہ۔ ثعلب مصری۔ تخم ریحان ہر ایک پانچ تولہ۔ شہد خالص بتیس تولہ۔ بدستور معروف معجون تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** تین ماشہ ہمراہ شیر گاؤ ایک پاؤ۔

**افعال و اثرات:** دافع سرعت۔ احتلام۔ جریان ہے۔ مقوی باہ ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

## ٹوٹکا برائے قوت باہ

**اجزاء وترکیب ساخت:** ست بیروزہ پانچ تولہ۔ دانہ الائچی خورد چھ ماشہ۔ خولنجاں۔ تخم کونچ ہر ایک دو تولہ۔ نبات سفید پانچ تولہ۔ کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** چار ماشہ صبح وشام ہمراہ شیر گاؤ۔

**افعال و اثرات:** یہ مختصر سا ٹوٹکہ قوت باہ کو برانگیختہ کرنے کے لیے تیر بہدف ہے۔ آزمائش شرط ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

## کشتہ سیماب

**اجزا و ترکیب ساخت:** برازنگس چار تولہ۔ آب برگ تلسی چار تولہ۔ دونوں کو ملا کر خوب کھرل کریں۔ جب خشک ہونے کے قریب ہوجائے تو دو عدد پیالی بنائیں۔ سیماب مصفی ایک تولہ۔ پیالیوں میں رکھ کر منہ بند کر کے بھنگرہ دس تولہ کے نغدہ میں ملفوف کر کے ہاتھ سے دبا دبا کر خوب گلولہ سا بنالیں۔ خشک ہونے پر ایک سیر پا چکدستی کی آگ دیں۔ سیماب پتاشہ کی طرح پھولا ہوا نکلے گا۔ سرد کر کے نکال لیں۔ کشتہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سیماب با وزن ہوگا۔

**ترکیب استعمال :** نصف چاول پانچ تولہ مسکہ میں دیں۔

**افعال و اثرات :** نامردی کیلئے مجرب ہے۔(عضلاتی غدی)

## حبوب مقوی

**اجزا و ترکیب ساخت :** ناریل دو ماشہ۔ شقاقل مصری دو ماشہ۔ تج دو ماشہ۔ بہمن سرخ۔ زنجبیل دو ماشہ۔ فلفل سیاہ۔ زعفران۔ سقنقور۔ مغز چلغوزہ۔ مشک خالص۔ عنبر اشہب۔ مغز کنجشک نر خانگی۔ دار چینی۔ حب بلسان ہر ایک دو ماشہ۔ روغن پستہ چھ ماشہ۔ کوزہ مصری سات تولے۔ نخودی گولیاں تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** ایک گولی صبح و شام۔

**افعال و اثرات :** ضعف پشت و سستی باہ کیلئے مجرب ہے۔(عضلاتی غدی)

## ریحانی

**اجزا و ترکیب ساخت :** تخم ریحان دس تولہ۔ ثعلب مصری پانچ تولہ۔ موصلی سفید پانچ تولہ۔ ثعلب و موصلی کو کوٹ کر باریک سفوف بنائیں۔ تخم ریحان سالم شامل کر کے محفوظ کرلیں۔

**ترکیب استعمال :** چار ماشہ ایک کلو دودھ میں ملا کر جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے تو نوش کرائیں۔

**افعال و اثرات :** مقوی باہ ہے۔ سرعت انزال کو مفید ہے۔(اعصابی غدی)

## معجون خاص

**اجزا و ترکیب ساخت :** تخم شلجم۔ تخم گاجر۔ تخم ترب۔ سنڈھ۔ ہر ایک ایک ایک درم۔ بہمن سفید و سرخ۔ ثعلب مصری۔ جاوتری ہر ایک چار درم۔ سعد کوفی۔ مغز حب القلقل۔ دار چینی۔ قرفہ۔ تج۔ دانہ الائچی خود ہر ایک ایک مثقال۔ مغز بادام۔ مغز پستہ۔ مغز فندق ہر ایک چار درم۔ شہد خالص نصف سیر بدستور معروف معجون تیار کریں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**ترکیب استعمال:** سات ماشہ سے نو ماشہ تک۔

**افعال و اثرات:** بے حد مقوی باہ و اعصاب' دافع جریان ہے۔ مجلوقین کے لیے مفید خاص تحفہ ہے۔ (غدی اعصابی)

## روغن مقوی

**اجزا و ترکیب ساخت:** سم الفار۔ کچلہ۔ ہڑتال ورقیہ۔ میٹھا تیلیہ۔ شنگرف ہر ایک ایک تولہ۔ جائفل۔ جاوتری۔ لونگ۔ نوشادر۔ آرد ماہی۔ تخم دھتورہ ہر ایک دو تولہ۔ تمام ادویہ کو آٹھ پہر تک گودا کوار گندل میں کھرل کر کے چار چار رتی کی گولیاں بنا کر خشک کریں۔ بعدہ بذریعہ پتال جنتر روغن کشید کریں۔ تیار ہے۔

**ترکیب استعمال:** معالج خود مقرر کرے۔ بیرونی طور پر طلائے نوازش کا استعال کریں۔

**افعال و اثرات:** ضعف باہ۔ نامردی کا سہ روزہ علاج ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

## معجون خاص

**اجزا و ترکیب ساخت:** تخم ترب۔ تخم شلغم۔ تخم پیاز۔ زنجبیل۔ موصلی سیاہ۔ موصلی سفید۔ فلفل دراز۔ قرنفل۔ عاقر قرحا۔ خولنجان۔ کبابہ۔ دار چینی۔ بسباسہ۔ جوز بورا ہر ایک ایک تولہ۔ مغز پستہ پندرہ تولہ کوفتہ بیختہ کر کے قند سفید سہ چند داخل کر کے معجون بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک تولہ ہمراہ شیر گاؤ۔

**افعال و اثرات:** ضعف باہ کی حیرت انگیز دوا ہے۔ مرد و عورت کے لیے یکساں مفید ہے۔ (غدی اعصابی)

## کشتہ نقری

**اجزا و ترکیب ساخت:** چاندی (وزن بنارس کے روپیہ چاندی کے برابر) برگ سداب پچاس تولہ۔ لے کر نصف برگ مذکور کا پانی نکالیں اور روپیہ کو اس میں ایک

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



رات تک تر رکھیں۔ دوسرے روز بقایا برگ کا نفدہ بنا کر چاندی اس میں رکھ کر گولا سا بنا کر گڑھا کھود کر دس سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ ایک ہی آنچ میں کشتہ ہوگا۔

**ترکیب استعمال :** ایک رتی ہمراہ مکھن۔

**افعال و اثرات :** قوت جسمانی کو ازحد نافع ہے۔ مقوی باہ۔ دافع جریان و سرعت ہے۔ (اعصابی غدی)

## معجون جریان

**اجزا و ترکیب ساخت :** گوند ببول۔ آرد خرما۔ سنگھاڑا خشک ہر ایک چالیس تولہ۔ مغز بادام شیریں۔ مغز چلغوزہ۔ مغز فندق ہر ایک پانچ تولہ۔ لونگ۔ جاوتری۔ جائفل ہر ایک تین ماشہ ترنجبین۔ شہد خالص ہر ایک دو کلو۔ حسب دستور معجون تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** ایک تولہ معجون کشتہ قلعی ایک رتی ہمراہ شیر گاؤ۔

**افعال و اثرات :** مقوی باہ ہے۔ سرعت انزال۔ جریان۔ رقت منی کو نافع ہے۔ (غدی اعصابی)

## لبوب مقوی

**اجزا و ترکیب ساخت :** مغز بادام شیریں مقشر۔ مغز اخروٹ۔ مغز حبۃ الخضرہ۔ مغز چلغوزہ۔ مغز حب الزلم۔ مغز فندق۔ مغز پستہ۔ مغز نارجیل تازہ۔ مغز حب القلقل۔ تخم خشخاش سفید۔ تودری سفید۔ تودری سرخ۔ کنجد مقشر۔ بہمن سفید۔ قرفہ۔ سنڈھ۔ فلفل دراز۔ عاقر قرحا۔ کباب چینی۔ شقاقل مصری۔ خولنجاں۔ تخم جرجیر۔ تخم پیاز۔ تخم شلجم۔ تخم اسپست۔ تخم ہلیون ہر ایک ایک تولہ جملہ ادویہ کو کوٹ چھان کر تین گنا شہد میں لبوب تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** سات ماشہ روزانہ صبح۔ کشتہ چاندی دو چاول ہمراہ دودھ۔

**افعال و اثرات :** مقوی باہ۔ مقوی گردہ و مثانہ۔ مولد منی ہے۔

(غدی اعصابی لبوب)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## سفوف جواہر

**اجزا و ترکیب ساخت :** مروارید نا سفتہ۔ عقیق سرخ۔ یشب سبز۔ بسد احمر۔ زہر مہرہ اصلی۔ زمرد سبز۔ مشک خالص۔ ہر ایک ایک ماشہ۔ عنبر اشہب۔ کشتہ فولاد۔ ہر ایک تین ماشہ۔ کشتہ قشر بیضہ مرغ۔ کلونجی۔ عاقرقرحا۔ مایہ شتر اعرابی۔ تخم اوٹنگن۔ درونج عقربی۔ تخم فرنجمشک۔ قرنفل۔ جوز بوا۔ زعفران۔ ہر ایک چار ماشہ۔

ورق نقرہ ایک تولہ۔ ورق طلاء تین ماشہ۔ اذراقی مدبر نو ماشہ۔ جواہرات کو عرق گلاب۔ عرق بید مشک۔ عرق کیوڑہ میں ایک ایک دن کھرل کے باقی ادویہ ملا کر باریک سفوف بنا کر رکھیں۔

**ترکیب استعمال :** دو تا چار رتی دن میں تین بار ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

**افعال و اثرات :** مقوی باہ مجربات سے ہے۔ (عضلاتی غدی)

## معجون شباب

**اجزا و ترکیب ساخت :** ثعلب مصری۔ موصل سفید۔ ہر ایک چھ تولہ۔ موصلی سیاہ۔ ستاور۔ تودری زرد۔ تودری سرخ۔ تودری سفید۔ تالمکھانا۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ تخم بالنگو۔ تخم تلسی سیاہ۔ تخم شربتی۔ آرد سنگھاڑا۔ آرد خرما۔ کتیرا۔ صمغ عربی۔ کوکنار مسلم ہر ایک تین تولہ۔ بیج بند۔ تخم سلیارا۔ سمندر سوکھ۔ تخم ترب۔ کلونجی۔ تخم ترمراہ۔ تخم شلجم۔ تخم گزر۔ تخم گندنا۔ انیسون۔ مغز کنول گٹہ۔ مغز کدو۔ مغز خربوزہ۔ مغز تربوز۔ مغز خیارین۔ مغز پستہ۔ ہر ایک ایک تولہ۔ مغز چلغوزہ۔ مغز گردگاں۔ مغز فندق۔ مغز نارجیل۔ مغز چرونجی۔ ہر ایک سترہ ماشہ۔ دار چینی۔ جائفل۔ جاوتری۔ زنجبیل۔ عاقرقرحا۔ زرنباد۔ سلیخہ۔ خولنجاں۔ درونج عقربی۔ مصطگی۔ بالچھڑ۔ دانہ الائچی خورد۔ زعفران۔ عود صلیب۔ ہر ایک چودہ ماشہ۔ مشک خالص۔ عنبر اشہب۔ قرنفل۔ ورق نقرہ۔ ہر ایک چار ماشہ۔ ورق طلا دو ماشہ۔ مروارید نا سفتہ۔ یاقوت۔ زمرد۔ مرجان۔ بسد۔ عقیق۔ یشب۔ فیروزہ نیشاپوری۔ نیلم ولایتی۔ ہر ایک تین ماشہ۔ سب کو باریک پیس کر تین گنا شہد میں ملا کر معجون بنائیں اور تین ماہ بعد تناول فرمائیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**ترکیب استعمال :** چھ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ۔

**افعال و اثرات :** مقوی باہ قائم الشباب ہے۔ زود اثر ہے۔ (غدی اعصابی لبوب)

## حب اذراقی

**اجزا و ترکیب ساخت :** اذراقی مدبر پانچ تولہ۔ مغز بادام پانچ تولہ۔ مویز منقی پانچ تولہ۔ حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** ایک گولی بعد از طعام مرغن۔

**افعال و اثرات :** مقوی باہ و اعصاب ہے۔ (عضلاتی غدی)

## حبوب دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** فلفل سیاہ ایک پاؤ۔ کچلہ مدبر ایک پاؤ۔ ناریل ایک پاؤ۔ قند سیاہ کہنہ ایک پاؤ۔ حبوب بقدر کنار دشتی تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** ایک تا دو گولی ہمراہ چائے یا قہوہ دار چینی۔ الائچی کلاں۔

**افعال و اثرات :** مقوی باہ و اعصاب ہے۔ اعصابی دردوں کے لیے مفید ترین دوا ہے۔ (عضلاتی غدی)

## دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** کچلہ مدبر چھ گرام۔ سم الفار ایک گرام۔ شنگرف مدبر تین گرام۔ جائفل چھ گرام۔ کونین چھ گرام۔ جاوتری چھ گرام۔ زعفران چھ گرام۔ فاسفیٹ آف آئرن نو گرام۔ ثعلب مصری چھ گرام۔ شقاقل مصری چھ گرام۔ تمام ادویہ کو علیحدہ علیحدہ کوٹ کر بامداد شہد نخودی گولیاں تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** ایک گولی روزانہ صبح و شام بعد از طعام ہمراہ دودھ۔

**افعال و اثرات :** نامرد کو مرد اور مرد کو جوان مرد کرنے والی اکسیر ہے۔ مقوی و ممسک، مغلظ منی ہے۔ مخلوق کیلئے آب حیات ہے۔ آج تک جس قدر ادویہ کا تجربہ کیا گیا ان سب سے مفید ترین ہے۔ (عضلاتی غدی)

(عطیہ: حکیم حافظ سید اصغر علی شاہ صاحب)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



معجون خشخاش

**اجزا و ترکیب ساخت :** مغز کدو ڈیڑھ سو گرام۔ مغز بادام شیریں مقشر ڈیڑھ سو گرام۔ مغز فندق سو گرام۔ خشخاش سو گرام۔ شہد خالص پانچ سو گرام۔ چینی پندرہ سو گرام۔ الائچی خورد دس گرام۔ طباشیر چالیس گرام۔ ورق نقرہ دس گرام۔ اول الائچی اور طباشیر کو باریک کریں۔ اس کے بعد مغزیات کو باریک کر کے شہد اور چینی کا قوام بنا کر اس میں ملا دیں۔

**ترکیب استعمال :** ایک تا تین تولہ دن میں دو بار ہمراہ دودھ نیم گرم یا پانی۔

**افعال و اثرات :** پرانی سوزشی کھانسی۔ نزلہ و زکام۔ سوزشِ بول۔ بلڈ پریشر۔ ضعف حفظ، عام جسمانی کمزوری اور ضعف باہ میں مفید ہے اور مسک ہے۔ (اعصابی غدی)

اکسیر الامراض

**اجزا و ترکیب ساخت :** دارچینی دس تولہ۔ رائی پانچ تولہ۔ لونگ پانچ تولہ۔ باریک سفوف بنائیں۔ اس کو شہد سہ چند میں معجون میں بھی بنا سکتے ہیں۔

**ترکیب استعمال :** چار رتی تا ایک ماشہ دن میں چار بار ہمراہ نیم گرم پانی یا قہوہ۔

**افعال و اثرات :** ضعف باہ۔ جریان۔ انتشار کی کمی۔ بچوں کے اسہال۔ قے۔ بخار۔ دق الاطفال۔ نمونیا۔ کھانسی۔ کالی کھانسی۔ سنگرہنی میں مفید ہے۔ (عضلاتی غدی)

# احتلام

## (NOCTURN EMISSION)

برائے احتلام

**اجزا و ترکیب ساخت :** سفوف برگ مغیلاں۔ سفوف ثمر مقل خام۔ سفوف

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



اسبغول۔ ہر ایک ایک تولہ۔ آرد تمر ہندی ولایتی دو تولہ۔ کشتہ فولاد دس آتشہ۔ (سم الفار والا) ایک ماشہ۔ ملا کر محفوظ کر لیں۔

**ترکیب استعمال :** دو ماشہ ہمراہ شیر گاؤ تازہ نصف کلو۔

**افعال و اثرات :** کثرت احتلام میں مفید ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

**دیگر**

**اجزا و ترکیب ساخت :** تخم خرفہ۔ اجوائن۔ کشنیز۔ ہر ایک پانچ تولہ۔ کشتہ قلعی پارہ شورے والا۔ سلاجیت۔ پوٹاشیم برومائیڈ۔ ہر ایک دو تولہ۔ مشک کافور دس ماشہ۔ مصری کوزہ پچیس تولہ۔ سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال :** تین ماشہ بوقت عصر ہمراہ آب یا شیر روزانہ۔

**افعال و اثرات :** احتلام کو مانع ہے۔ (اعصابی عضلاتی)

**دیگر**

**اجزا و ترکیب ساخت :** ست گلو۔ طباشیر۔ الائچی کلاں۔ اندر جو شیریں۔ دانہ الائچی خورد۔ پکھاں۔ سپاری۔ ہر ایک دس تولہ۔ مصطگی۔ سونف۔ سمندر سوکھ۔ ہر ایک پانچ تولہ۔ ثعلب مصری دو تولہ۔ کشتہ مرگانگ پندرہ ماشہ۔ کشتہ مرجان پندرہ ماشہ۔ کشتہ چاندی پندرہ ماشہ۔ کشتہ فولاد دو تولہ۔ نشاستہ پچاس تولہ۔ قند سفید سو تولہ سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** چھ ماشہ ہمراہ دودھ صبح نہار منہ روزانہ۔

**افعال و اثرات :** دافع جریان و احتلام۔ مقوی باہ ہے۔ (اعصابی عضلاتی)

**دیگر**

**اجزا و ترکیب ساخت :** خس مقرض دس تولہ۔ ابریشم۔ گل گاؤ زبان۔ گل سیوتی۔ صندل سفید۔ زرشک شیریں۔ بہی دانہ۔ ہر ایک پانچ تولہ۔ طباشیر تین تولہ۔ قند سفید ایک سیر۔ معجون تیار کریں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**ترکیب استعمال :** ایک تولہ۔

**افعال و اثرات :** احتلام اور تبخیر معدہ میں مفید ہے اور مقوی قلب ہے۔(اعصابی عضلاتی)

# سُرعتِ انزال

## (PREMATURE EJACULATUON)

### حبوب برائے سرعت

**اجزا و ترکیب ساخت :** عودغرقی ایک تولہ۔ تخم بینگن نو ماشہ۔ تخم ارنڈ خربزہ نو ماشہ۔ باریک پیس کر بقدر ضرورت شہد میں کھرل کر کے حبوب بقدر نخود تیار کریں۔ اور ورق نقرہ لپیٹ کر رکھیں۔

**ترکیب استعمال :** ایک گولی صبح و شام ہمراہ دودھ۔ وقتی طور پر وقت خاص سے ایک گھنٹہ قبل دو گولیاں ہمراہ پاؤ بھر دودھ جس میں جلیبی ڈالی گئی ہو۔ نوش کرائیں۔

**افعال و اثرات :** ممسک ہے۔ سرعت انزال کو دور کرتی ہے۔ مفید و مجرب ہے۔ بلاافیون ممسک اعلیٰ ہے۔ (عضلاتی غدی)

### سفوف برائے سرعت

**اجزا و ترکیب ساخت :** خصیۃ الثعلب۔ موصلی سفید۔ مغز بادام مقشر۔ سبوس اسپغول۔ نبات سفید۔ مغز بنولہ۔ شقاقل مصری (مساوی الوزن) اسپغول کے علاوہ تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔ بعدہ اسبغول شامل کر کے محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال :** ہر روز صبح نہار منہ ایک تولہ۔ کشتہ نقرہ دو چاول ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

**افعال و اثرات :** دافع سرعت۔ مغلظ منی و مقوی باہ ہے۔ (اعصابی غدی)

### مقوی و ممسک

**اجزا و ترکیب ساخت :** ورق نقرہ ایک ماشہ۔ مشک خالص ایک ماشہ۔ عنبرا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



شہب ایک ماشہ۔ زرشک شیریں ایک تولہ ایک ماشہ۔ مویز منقی ایک تولہ ایک ماشہ۔ جدوار خطائی ایک تولہ دس ماشہ۔ بسباسہ دو تولہ۔ دار فلفل تین تولہ چار ماشہ۔ سنبل الطیب تین تولہ چار ماشہ۔ دراونج تین تولہ چار ماشہ۔ عود قماری تین تولہ چار ماشہ۔ قرنفل تین تولہ چار ماشہ۔ ساذج ہندی دو تولہ۔ کبابہ دو تولہ۔ اسارون دو تولہ۔ حب صنوبر دو تولہ۔ مرکی دو تولہ۔ جوز بوا دو تولہ۔ ہیل بوا تین تولہ چار ماشہ۔ دار چینی دو تولہ۔ زر بناد دو تولہ۔ سعد کوفی دو تولہ۔ میعہ سائلہ دو تولہ۔ زنجبیل پانچ تولہ۔ مصطگی رومی پانچ تولہ۔ فلفل سیاہ پانچ تولہ۔ تخم کرفس پانچ تولہ۔ زعفران ایک تولہ۔ کشتہ مرجان چھ ماشہ۔ کشتہ یشب چھ ماشہ۔ کشتہ عقیق چھ ماشہ۔ کہربائے شمعی چھ ماشہ۔ کشتہ قلعی تین ماشہ۔ ورق طلا ایک ماشہ۔ روغن بلسان اصلی تین ماشہ۔ سب اجزاء کو عرق گلاب میں کھرل کر کے صمغ عربی کی مدد سے گولیاں بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک تا دو رتی ہمراہ دودھ نوش کرائیں۔

**افعال و اثرات:** حد درجہ ممسک و مقوی باہ ہے۔ (عضلاتی غدی)

## سفوف مغلظ

**اجزا و ترکیب ساخت:** موصلی سفید۔ ثعلب مصری۔ مغز پنبہ دانہ۔ ستاور۔ چھلکا اسبغول۔ ہر ایک دو تولہ۔ سوائے چھلکے کے باقی تمام ادویات کا باریک سفوف تیار کریں پھر چھلکا ملا دیں۔ بس تیار ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک تولہ سفوف۔ نصف سیر دودھ میں کھیر پکا کر حسب ضرورت چینی اور گھی ملا کر کھلائیں۔

**افعال و اثرات:** سرعت انزال۔ ضعف باہ بوجہ قلت و یبوست منی، سوزش گردہ و مثانہ، رقت منی کے لیے مفید ہے۔ مولد منی ہے۔ غذائی دوائی ہے۔ (اعصابی غدی)

## سفوف مقوی کا مغلظ

**اجزا و ترکیب ساخت:** طباشیر۔ دانہ الائچی خورد ہر ایک دو تولہ۔ ست سلاجیت۔ آملہ مقشر۔ بوپھلی۔ تخم کونچ۔ تالمکھانا۔ موصلی سیاہ۔ موصلی سفید۔ تودری

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سرخ۔ تودری زرد۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ ثعلب مصری۔ کشتہ قلعی شورے والا۔ ہر ایک ایک تولہ۔ کشتہ فولاد چھ ماشہ۔ کشتہ خبث الحدید نو ماشہ۔ مصری کوزہ۔ دو چند ادویہ۔ سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** تین ماشہ صبح وشام ہمراہ شیر گاؤ۔

**افعال و اثرات :** جریان۔ احتلام۔ سرعت انزال۔ رقت منی۔ ضعف اعضائے رئیسہ، وحشت اور وسواس میں مفید ہے۔ مولد و مغلظ منی۔ مقوی معدہ ہے۔ مجلوقین کے لیے اکسیر ہے۔ (اعصابی غدی)

## سفوف ممسک

**اجزا و ترکیب ساخت :** عاقرقرحا سات گرام۔ تخم ریحان پچاس گرام۔ قند سفید پچھتر گرام۔ باریک سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** چار تا چھ گرام ہمراہ دودھ مقاربت سے دو گھنٹے پہلے نوش کرائیں۔ سرعت انزال کے لیے تین ماشہ صبح وشام ہمراہ دودھ نیم گرم۔

**افعال و اثرات :** امساک کے لیے اور سرعت انزال کیلئے مفید و مجرب ہے۔ (اعصابی غدی)

## دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** صمغ عربی۔ صمغ کتیرا۔ نشاستہ۔ طباشیر۔ تخم خشخاش۔ تودری سرخ وسفید۔ بہمن سرخ وسفید۔ موصلی سیاہ وسفید۔ پوست اسبغول۔ بہی دانہ۔ تالمکھانا۔ مغز پنبہ دانہ۔ مغز خیارین۔ آرد ماش۔ آرد خستہ املی۔ بیج بند۔ تخم سریالہ۔ تخم ریحان۔ تخم خرفہ۔ ثعلب مصری۔ دانہ الائچی خورد۔ تج۔ مغز کشنیز۔ اجوائن خراسانی۔ ہر ایک ایک تولہ۔ مصری کوزہ اکیاسی تولہ۔ ورق نقرہ دفتری کلاں۔ سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** مقدار و بدرقہ معالجین خود مقرر کریں۔

**افعال و اثرات :** اعصابی غدی ہے۔ ممسک، مقوی باہ، دافع جریان و احتلام ہے۔ (اعصابی غدی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# جریان

## (SPERMATORRHOEA)

### سفوف برائے جریان

**اجزا و ترکیب ساخت :** سمندر سوکھ۔ بیج بند گجراتی۔ تخم سریالہ۔ ہر ایک پانچ تولہ۔ کشتہ سہ دھاتہ ایک تولہ۔ باریک سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال :** دو ماشہ صبح و شام ہمراہ آب سرد یا شیر بُز۔

**افعال و اثرات :** جریان' احتلام' رقت' سرعت اور ذکاوت حس کیلئے مفید ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

### دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** ست اسبغول۔ پوست بیخ ستیاناسی۔ سلاجیت۔ کوزہ مصری۔ ہم وزن۔ سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** چار ماشہ صبح و شام

**افعال و اثرات :** مذکورۃ الصدر۔ (عضلاتی اعصابی)

### دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** ثعلب مصری۔ ثعلب پنجہ۔ صندل سفید۔ الائچی خورد۔ ہر ایک پچاس گرام۔ سنگھاڑا۔ چھلکا اسبغول۔ تخم اوٹنگن تالمکھانا۔ موصلی سفید۔ موصلی سرخ۔ لاجونتی۔ تخم ریحان۔ ہر ایک سو گرام۔ کشتہ بیضہ مرغ۔ کشتہ نقرہ۔ ہر ایک بیس گرام۔ سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** پانچ گرام صبح و شام ہمراہ نیم گرم دودھ۔

**افعال و اثرات :** غدی جریان میں مفید ہے۔ (اعصابی غدی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** زہر مہرہ خطائی ایک تولہ۔ کشتہ صدف صادق ایک تولہ۔ کستوری نیپالی تین ماشہ۔ چھڑ چھڑیلا دو تولہ۔ تمال پتر دو تولہ۔ جدوا خطائی دو تولہ۔ عود صلیب اصلی ایک تولہ۔ گل چاندنی گیارہ ماشہ۔ ورق نقرہ نو ماشہ۔ نہایت باریک ترین کھرل کریں۔

**ترکیب استعمال :** دو رتی معجون آرد خرما ایک تولہ کے ساتھ۔

**افعال و اثرات :** جریان کیلئے مجرب ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** مازو۔ مائین۔ سپاری۔ سنگجراحت۔ کافور۔ انجبار۔ ہم وزن۔ سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال :** دو ماشہ ہمراہ دودھ دس دن تک کھلائیں۔

**افعال و اثرات :** جریان منی و لیکوریا کیلئے مفید و مجرب ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** ستاور۔ ہلیلہ سیارہ بریان (ہم وزن) باریک پیس کر سفوف بنالیں۔ (از مجربات قانون مفرد اعضاء)

**ترکیب استعمال :** ایک تا تین ماشہ دن میں چار بار ہمراہ آب نیم گرم۔

**افعال و اثرات :** جریان منی۔ لیکوریا۔ ضعف دماغ۔ دل ڈوبنا میں مفید و مجرب ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** ثعلب مصری تیرہ ماشہ۔ شقاقل مصری تیرہ ماشہ۔ تودری سرخ بارہ ماشہ۔ تودری سفید چودہ ماشہ۔ بہمن سرخ چودہ ماشہ۔ بہمن سفید چودہ ماشہ۔ سنگھاڑا خشک بارہ ماشہ۔ دارچینی بارہ ماشہ۔ موصلی سفید بارہ ماشہ۔ موصلی سیاہ بارہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ماشہ۔ اسگندھ ناگوری بارہ ماشہ۔ قند سفید آٹھ تولہ۔ ادویہ کو کوفتہ بیختہ کر کے سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** ایک تولہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ۔

**افعال و اثرات :** جریان کیلئے مفید ہے۔ مغلظ منی ہے۔ (اعصابی غدی)

دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** گوند کیکر۔ کتیرا۔ گلنار۔ طباشیر۔ نشاستہ۔ موچرس۔ گوکھرو مدبر۔ مائیں۔ کشتہ قلعی۔ کہربائے شمعی۔ مصطگی رومی۔ گل ارمنی: ہر ایک چار ماشہ۔ ثعلب مصری۔ شقاقل مصری۔ اندر جو شیریں۔ پکھاں بید۔ پودینہ۔ مایہ شتر اعرابی۔ لودھ گجراتی۔ بالچھڑ۔ ہر ایک تین ماشہ۔ تودری زرد۔ تودری سرخ۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ پوست بیخ مولسری۔ پوست بیخ کچنال: ہر ایک نو ماشہ۔ پوست بیخ چھڑبیری۔ پوست بیخ ببول۔ پوست بیخ سنگھاہولی۔ سنگھاڑا خشک۔ دانہ الائچی خورد۔ ہر ایک پانچ ماشہ۔ سب کو باریک پیس کر سب ادویہ کے برابر مصری کا سفوف ڈالیں۔

**ترکیب استعمال :** ایک تولہ سفوف ہمراہ آب تازہ۔

**افعال و اثرات :** دافع جریان۔ مقوی باہ۔ ممسک و مقوی اعضائے رئیسہ ہے۔

(غدی اعصابی)

دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** گوند کتیرا۔ گوند کیکر۔ کشنیز۔ کاہو۔ حجر الیہود۔ سونف۔ کاسنی۔ موصلی سفید۔ سبوس اسبغول۔ ستاور۔ دانہ الائچی خورد۔ بیروزہ خشک۔ ہر ایک دو تولہ۔ کشتہ قلعی پارے والا ایک تولہ۔ مصری تین تولہ۔ باریک سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال :** ایک ماشہ قبل از طعام ہمراہ دودھ۔

**افعال و اثرات :** جریان سوزاکی (غدی۔ حار) کے لیے مفید و مجرب ہے۔

(اعصابی غدی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** ثعلب مصری۔ اسگندھ ناگوری۔ بیتر بالا۔ مصطگی رومی۔ دانہ الائچی خورد۔ دانہ الائچی کلاں۔ نشاستہ۔ بھوپھلی۔ کشتہ قلعی۔ تج ہر ایک چار تولہ۔ کوزہ مصری چالیس تولہ باریک سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** چھ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ میش نوش کرائیں۔

**افعال و اثرات :** دافع جریان ہے۔ (غدی اعصابی)

دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** بیج بند گجراتی۔ دانہ الائچی خورد۔ خار خسک۔ تالمکھانا۔ اندر جو شیریں۔ گوکھرو۔ سپستان ہر ایک تین ماشہ۔ نبات سفید دو تولہ۔ سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال :** تین ماشہ ہمراہ شیر گاؤ بوقت خواب۔

**افعال و اثرات :** جریان کے لیے مفید ہے۔ (اعصابی غدی)

دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** موصلی سیاہ۔ زنجبیل۔ جوز بوا۔ قرنفل۔ قاقلہ صغار۔ تخم زردک۔ دارچینی۔ تخم خشخاش۔ مغز خیارین۔ تخم پیاز۔ تخم ترب۔ آملہ منقی۔ کوکنار ہر ایک ایک تولہ۔

**ترکیب استعمال :** ایک درم سے تین درم تک حسب مزاج مناسب بدرقہ کے ساتھ۔

**افعال و اثرات :** مقوی و مسک ہے۔ دافع جریان و سیلان ہے۔ (غدی اعصابی)

دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ عاقر قرحا۔ خار خسک۔ تخم اونٹگن۔ موصلی سفید۔ شاہدانہ۔ مایہ شتر اعرابی۔ صمغ عربی۔ موچرس۔ ثعلب مصری۔ پھلی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ببول خام۔ کشتہ قلعی۔ طباشیر۔ کمرکس۔ تالمکھانا۔ سمندر سوکھ ہر ایک دو تولہ۔ کشتہ بیضہ مرغ۔ کشتہ عقیق۔ زعفران۔ ہر ایک ایک تولہ۔ سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال :** چھ ماشہ صبح و شام ہمراہ دودھ نوش کرائیں۔

**افعال و اثرات :** غدی جریان اور غدی ضعف باہ کے لیے مفید و مجرب ہے۔

(غدی اعصابی)

## دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** تخم لاجونتی۔ مغز سنگھاڑا۔ ثعلب مصری۔ موصلی سفید۔ موصلی سرخ۔ موصلی سیاہ۔ الائچی خورد۔ بہمن سفید۔ تالمکھانا۔ گوند کتیرا۔ گوند ببول۔ ستاور ہر ایک ایک تولہ۔ مصری بارہ تولہ۔ سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال :** چھ ماشہ ہمراہ دودھ۔

**افعال و اثرات :** جریان و رقت منی وغیرہ کے لیے مفید ترین مجرب ہے۔ مغلظ منی ہے۔ (اعصابی غدی)

## دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** نشاستہ نو ماشہ۔ ثعلب مصری چھ ماشہ۔ موچرس چار ماشہ۔ جوز بوا دو ماشہ۔ بسباسہ دو ماشہ۔ قاقلہ کبیر دو ماشہ۔ ستاور آدھ ماشہ۔ قرنفل آدھ ماشہ۔ دارچینی آدھ ماشہ۔ نبات سفید ساڑھے چھبیس ماشہ۔ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال :** سات ماشہ بوقت صبح ہمراہ دودھ یا پانی۔

**افعال و اثرات :** جریان کے لیے مفید ہے۔ مغلظ منی ممسک ہے۔

(اعصابی غدی)

## دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** ملٹھی سات ماشہ۔ تخم کاہو ساڑھے دس ماشہ۔ گلنار ۱۴ ماشہ۔ گلاب کے پھول ساڑھے سترہ ماشہ۔ تِلی کے بیج ساڑھے سترہ ماشہ۔ تخم سنبھالو

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ساڑھے سترہ ماشہ۔کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال :** ساڑھے دس ماشہ۔

**افعال و اثرات :** جریان منی و مذی میں مفید و مجرب ہے۔(اعصابی غدی)

## ذکاوتِ حس

### سفوف برائے ذکاوت حس

**اجزا و ترکیب ساخت :** تخم کاہو۔تخم خرفہ۔کشنیز۔کوکنار۔تخم خس ہر ایک ایک تولہ۔کشتہ قلعی پوٹاشیم برومائیڈ ہر ایک چھ ماشہ۔کوٹ پیس کر سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** تین ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ۔رات کو سوتے وقت محلول لفاح چھ ماشہ ہمراہ آب تازہ۔

**افعال و اثرات :** ذکاوت حس کے لیے مفید و مجرب ہے۔(اعصابی عضلاتی)

### دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** تخم کاہو۔بیخ نیلوفر۔صندل سفید۔اجوائن خراسانی۔گل سرخ۔خرفہ۔آب کشنیز کی مدد سے جنگلی بیر کے برابر گولیاں تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** ایک گولی صبح دوپہر شام ہمراہ پانی۔

**افعال و اثرات :** ذکاوت حس میں مفید ہے۔نیز اگر ذکاوت حد سے بڑھ جائے تو افیون دو رتی۔اجوائن خراسانی ۴ رتی۔کشنیز چار رتی کو خوب باریک پیس کر عضو تناسل پر طلا کرائیں۔مجرب ہے۔(اعصابی عضلاتی)

## جلق

## (MASTBATION)

### سفوف برائے مجلوق

**اجزا و ترکیب ساخت :** ستاور۔بوچھلی۔مغز کونچ ہر ایک دو تولہ۔سبوس

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



اسبغول۔ لاجونتی۔ ریش برگد۔ کمرکس۔ آملہ۔ زنجبیل۔ اسگند ناگوری۔ اندر جو شیریں۔ بہمن سرخ و سفید۔ تودری سرخ۔ مغز تمر ہندی۔ موچرس۔ تالمکھانا۔ موصلی سفید۔ ثعلب مصری۔ مصطگی رومی۔ دانہ الائچی خورد۔ خولنجان۔ بادیان۔ طباشیر۔ کشتہ قلعی۔ ہر ایک ایک تولہ۔ سلاجیت عمدہ۔ کشتہ خبث الحدید۔ کشتہ عقیق۔ کشتہ مرجان ہر ایک چھ ماشہ۔ نبات سفید دس تولہ۔ باریک سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** معمولی ضرورت کے لیے چھ ماشہ صرف صبح کے وقت ایک پاؤ شیر بز نیم گرم کے ساتھ جبکہ غیر معمولی ضرورت کیلئے دونوں وقت استعمال کرائیں۔

**افعال و اثرات :** جریان۔ احتلام۔ رقت منی۔ سرعت انزال۔ ضعف باہ۔ درد کمر۔ سیلان الرحم نیز عوارض غلط کاری کے تمام درجات کے لیے مفید ہے۔ کرم منی بکثرت پیدا کرتا ہے۔ چہرے کی بے رونقی کو زائل کرتا ہے۔ قبض کشا بھی ہے۔

(اعصابی غدی)

## دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** تالمکھانا۔ بیج بند۔ تخم اوٹنگن۔ پھل مکھانا۔ ہر ایک دس گرام۔ ثعلب مصری۔ شقاقل مصری۔ موصلی سفید۔ موصلی سیاہ ہر ایک ۲۰ گرام۔ سنگھاڑا ۴۰ گرام۔ کمرکس ۶۰ گرام۔ قند سفید ۲۲۰ گرام۔ سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** نو ماشہ صبح و شام نہار منہ ہمراہ نیم گرم دودھ۔

**افعال و اثرات :** مجلوقین کے لیے آب حیات ہے۔ غلط کاریوں کے باعث زائل شدہ توانائی کو بحال کرتا ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

# فوطوں کی کھجلی

## (PRURIGO SCROTI)

### برائے خارش خصیہ

**اجزا و ترکیب ساخت :** کشتہ صدف در شیر مدار۔ طباشیر نقرہ۔ دانہ الائچی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



خورد۔ گندا بیروزہ۔ پہلے گندا بیروزہ کو کسی جالی دار کپڑا میں بند کر کے پوٹلی بنا کر دیگچہ میں پوٹلی پانی کے اندر ڈال دیں اور نیچے آگ جلا کر جو بیروزہ نکلے وہ پانی کو ٹھنڈا کر کے نکال لیں۔ جتنے وزن کا نکلے اتنے ہی وزن کی ہر ایک چیز باریک پیس کر مرکب بنا لیں۔ پھر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال :** ایک رتی صبح و شام ہمراہ مکھن۔ بارہ یوم میں شفا ہو گی۔ ان شاء اللہ

**افعال و اثرات :** حکہ و جرب خصیہ۔ خارش مثانہ۔ آلہ تناسل پر زخم ہونا۔ دھدر جیسے زخم ہونا۔ مثانہ میں جلن ہونا۔ کے لیے مفید ہے۔

**غذا :** دودھ گھی اور بغیر نمک روٹی رکھیں۔ (عضلاتی اعصابی)

## ورم خصیہ

## (ORCHITIS)

ضماد برائے ورم خصیہ

**اجزا و ترکیب ساخت :** راکھ چھوہارہ۔ خطمی ہم وزن دونوں کو پیس کر سرکہ میں ملا کر ضماد تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** خصیتین پر مناسب طور سے لگائیں۔

**افعال و اثرات :** ورم خصیہ کے لیے نہایت مفید ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

## عظم خصیہ

## (HYDROCELE)

برائے عظم خصیہ

**اجزا و ترکیب ساخت :** تخم کرنجوا تین عدد لے کر قدرے گرم راکھ میں دفن

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



کردیں۔ جب بریاں ہو جائے تو نکال کر قشر اتار کر نیم کوب کر کے کھلا دیں۔

**ترکیب استعمال :** مذکورہ عمل روزانہ دہرائیں۔

**افعال و اثرات :** خصیوں میں پانی اترنا (قیلہ مائیہ) میں مفید ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

# امراض النساء

## کثرت طمث

## (MENORRHAGIA METROERRHAGIA)

### برائے کثرت طمث

**اجزا و ترکیب ساخت :** کتھہ عمدہ گلابی۔ باریک پیس کر محفوظ کر لیں۔

**ترکیب استعمال :** چھ ماشہ صبح و شام۔

**افعال و اثرات :** کثرت طمث میں مفید ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

### دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** کہربائے شمعی۔ سنگجراحت۔ گل سرخ۔ دانہ الائچی خورد۔ بیخ انجبار۔ کشنیز مقشر۔ گل ارمنی۔ پھٹکڑی بریاں۔ ہر ایک چھ ماشہ۔ دم الاخوین۔ طباشیر ہر ایک ایک تولہ۔ باریک سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** چار ماشہ صبح ہمراہ زلال گاجنی زرد و شام ہمراہ زلال کشنیز۔

**افعال و اثرات :** کثرت طمث میں مفید ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

### دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** زاج ابیض۔ سرمہ سیاہ۔ کتھہ۔ سنگجراحت۔ ہر ایک ایک تولہ۔ کہربا۔ صدف مرواریدی۔ اقاقیا ہر ایک تین تولہ۔ دم الاخوین۔ صمغ عربی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



کتیرا ہر ایک دو تولہ۔ نہایت باریک سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** دو ماشہ صبح دوپہر و شام ہمراہ شربت انجبار۔

**افعال و اثرات :** مانع جریان خون ہے۔ حیض و نفاس کی زیادتی میں مفید ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

## برائے استحاضہ

**اجزا و ترکیب ساخت :** سنگجراحت، مازو۔ کتھ سفید۔ مائیں۔ کمرکس۔ لودھ پٹھانی۔ رال۔ گیرو ہم وزن سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** دو ماشہ صبح دوپہر شام ہمراہ شربت خشخاش۔

**افعال و اثرات :** استحاضہ میں مفید و مجرب ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

## برائے جریان الدم

**اجزا و ترکیب ساخت :** حب الآس۔ مائیں۔ مازو۔ انجبار۔ رال۔ گوند کتیرا ہر ایک ایک تولہ۔ سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** دو ماشہ ہمراہ آب تازہ ہر چار گھنٹے بعد۔

**افعال و اثرات :** کثرت طمث۔ جریان خون در حالت حمل۔ سل۔ اسہال اور پیچش کے لیے مفید ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

## برائے استحاضہ دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** گیرو۔ سنگجراحت۔ شب یمانی بریاں ہر ایک ایک تولہ۔ باریک سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** ایک تا دو ماشہ صبح و شام ہمراہ پیچھ برنج ساٹھی۔

**افعال و اثرات :** استحاضہ میں مفید ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

## ضماد برائے کثرت طمث

**اجزا و ترکیب ساخت :** پکھان دو حصے۔ مہندی ایک حصہ پیس کر پانی میں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



گوندھ کر ہاتھوں کی ہتھیلیوں اور پاؤں کے تلووں پر ضماد کر کے ایک گھنٹہ تک سورج کی تپش میں بیٹھیں۔ خون حیض کو بند کرتا ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

## سفوف برائے جریان الدم

**اجزا و ترکیب ساخت :** پھٹکڑی سفید۔ چینا گوند ہر ایک ایک تولہ۔ مصری کوزہ دو تولہ۔ باریک سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال :** تین ماشہ صبح و شام ہمراہ آب تازہ۔

**افعال و اثرات :** مانع کثرت طمث ہے۔ استحاضہ میں بھی چند یوم استعمال کرنے سے فائدہ حاصل ہوتا ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

## دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** سنگجراحت۔ گل ملتانی۔ نخود بریاں ہر ایک دس گرام۔ نبات سفید تیس گرام۔ باریک سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** چھ ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر بز۔

**افعال و اثرات :** کثرت طمث میں مفید و مجرب ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

(عطیہ: جناب حکیم ڈاکٹر عبدالغفار خاں کماپوری۔ مستند بھوپندرہ طبیہ کالج۔ پٹیالہ)

## دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** زیرہ سفید دو تولہ۔ بادیان تین تولہ۔ گندھک آملہ سار تین تولہ۔ باریک سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** ایک تا دو ماشہ دن میں چار بار ہمراہ دودھ یا نیم گرم پانی۔

**افعال و اثرات :** کثرت حیض و نفاس۔ ورم رحم۔ سوزش رحم۔ سوزش بول۔ درد شکم اور پیچش میں مفید ہے۔ (غدی اعصابی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# عسر الطمث

## (DYSMENORRHOEA)

### برائے عسر الطمث

**اجزا و ترکیب ساخت :** سمندر جھاگ چار تولہ۔ زیرہ سفید تین تولہ۔ الائچی خورد ایک تولہ۔ باریک سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** حیض کا تکلیف سے رک رک کر آنا۔ سوزش خصیۃ الرحم۔ سوزش غدد گردہ و مثانہ کے لیے مفید ہے۔ (اعصابی غدی)

# احتباس طمث

## (AMENORRHOEA)

### برائے احتباس طمث

**اجزا و ترکیب ساخت :** پوست بیخ کاسنی بیس تولہ۔ تخم کنوث دس تولہ۔ برگ سنا مکی چالیس تولہ۔ کشنیز خشک دس تولہ۔ انجیر زرد پندرہ تولہ۔ الائچی سبز کوفتہ پانچ تولہ۔ اول برگ سنا مکی کو تین سیر پانی میں جوش دیں جب تیسرا حصہ رہ جائے تو چھان میں جز نمبر ایک اور دو ڈال کر پکائیں۔ پھر چھان لیں اور اس میں جز نمبر چار، پانچ اور چھ نیز سنبل الطیب۔ اجوائن دیسی۔ تخم کرفس۔ ہر ایک پانچ تولہ اضافہ کر کے پکائیں۔ پھر اتار کر چوبیس گھنٹے بعد جوش دے کر سرد کر کے مل چھان کر تین کلو چینی ڈال کر قوام تیار کریں اور ٹھنڈا ہونے پر سرکہ انگوری خالص ایک سیر شامل کر کے پھر قوام قدرے گاڑھا کریں۔ بعدہٗ ریوند چینی دس تولہ۔ فرائی ایٹ ایمونیا سائٹراس کا سفوف اچھی طرح ملائیں تاکہ یکجان ہو جائے۔ تیار ہے۔

**ترکیب استعمال :** دو تا تین تولہ ہمراہ آب تازہ یا عرق لقمانی دس تولہ (درج

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ذیل)

**افعال و اثرات :** جملہ امراض مستورات۔ بندش حیض۔ بے قاعدگی حیض۔ درد پرسوت۔ باؤ گولا۔ قولنج۔ سوء القینہ۔ استسقاء۔ کرم امعاء۔ عظم جگر و طحال۔ ضعف جگر۔ یرقان۔ پرانے بخار۔ دائمی قبض۔ نزلہ زکام وبائی۔ کھانسی۔ ذات الجنب۔ دق بلغمی۔ ملیریا بخار کے لیے مفید ہے۔ (غدی اعصابی)

## عرق لقمانی

**اجزا و ترکیب ساخت :** عناب۔ نیلوفر۔ کشنیز۔ مکو خشک۔ گل بنفشہ۔ افتیمون۔ تخم کاسنی۔ گاؤزبان۔ شاہترہ ہر ایک دس تولہ۔ ان کو رات بھر بارہ سیر پانی میں بھگو رکھیں اور صبح چھ بوتل عرق کشید کریں۔ (اعصابی غدی)

## حبوب مدر حیض

**اجزا و ترکیب ساخت :** صبر زرد ایک تولہ۔ زعفران۔ مرکی۔ صابن دیسی ہر ایک تین ماشہ۔ ہمراہ شہد نخودی گولیاں تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** ایک گولی ہمراہ پانی۔

**افعال و اثرات :** مدر حیض ہے۔ (عضلاتی غدی)

## دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** زعفران۔ افسنتین۔ ریوند خطائی۔ ہیرا کسیس ہر ایک چھ ماشہ۔ کوٹ پیس کر حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** ایک گولی صبح و شام ہمراہ عرق گاؤزبان بارہ تولہ یا شربت بزوری چار تولہ۔

**افعال و اثرات :** مدر حیض ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

## دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** فرائی ایٹ ایمونیا سائٹراس۔ مصبر۔ ہینگ۔ ریوند

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



خطائی ہر ایک پانچ تولہ۔ گوند کیکر کی مدد سے نخودی گولیاں تیار کریں۔
**ترکیب استعمال :** دو گولیاں بوقت شب ہمراہ عرق بادیان۔
**افعال و اثرات :** حیض کشا ہے۔ (عضلاتی غدی)

## شربت مدر حیض

**اجزا و ترکیب ساخت :** تخم سویہ۔ تخم مولی۔ تخم کاسنی۔ بیخ کاسنی۔ بادیان۔ کرفس۔ بیخ کرفس۔ تخم خربوزہ۔ تخم پالک۔ حب القلت۔ ہر ایک دو تولہ۔ قند سفید تین پاؤ۔ بطریق شربت تیار کریں۔
**ترکیب استعمال :** شربت مذکور تین تولہ۔ عرق سونف دس تولہ۔ شورہ قلمی ایک ماشہ۔ صبح نہار منہ۔
**افعال و اثرات :** مدر حیض ہے۔ (غدی اعصابی)

## دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** سونف۔ اجوائن۔ لیی۔ کاسنی۔ سوئے۔ گل سرخ۔ بنفشہ۔ گاؤزبان۔ منقی۔ عناب۔ تخم مولی۔ تخم شلجم۔ افسنتین ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ چینی ڈیڑھ سیر۔ اُبلا ہوا پانی تین سیر۔ دن رات بھگو کر پھر پکائیں۔ جب پانی تین پاؤ بچے تو اتار کر چینی ڈال کر قوام تیار کریں۔
**ترکیب استعمال :** ایک چھٹانک نہار منہ صبح و شام ہمراہ عرق سونف ایک چھٹانک۔
**افعال و اثرات :** بے قاعدگی حیض نیز جملہ امراض رحم کے لیے مفید ہے۔ (غدی اعصابی)

## حبوب احتباس طمث

**اجزا و ترکیب ساخت :** ابہل ایک تولہ۔ رائی دو تولہ۔ سنبل الطیب چار تولہ۔ کوٹ پیس کر نخودی گولیاں تیار کریں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**ترکیب استعمال :** ایک تا دو گولیاں دن میں چار بار ہمراہ نیم گرم پانی یا قہوہ۔
**افعال و اثرات :** احتباس طمث۔ عسر الطمث۔ سیلان مزمن۔ دائمی قبض۔ ریاح شکم۔ اختناق الرحم اور عقر میں مفید ہے۔ اگر دوران علاج پیٹ میں درد ہو تو قہوہ گھی ملا کر پلا دیں۔ (عضلاتی غدی)

## ورم رحم

## (METRITUS)

### برائے ورم رحم

**اجزا و ترکیب ساخت :** بیخ پنبہ۔ سرپھوکہ۔ چرائتہ۔ تخم خیارین ہر ایک چھ ماشہ۔ حب قرطم۔ پوست خربوزہ۔ پوست املتاس۔ ہر ایک ایک تولہ۔ پانی میں جوش دے کر چھان کر شربت بزوری چار تولہ سے شیریں کر کے ایک ہفتہ تک پلائیں۔ (غدی اعصابی) جہاں پیٹ پر گولا سا محسوس ہو۔ ضماد شیر شتر لگائیں۔ ایک ہفتہ کے بعد یہ نسخہ استعمال کرائیں۔

### برائے ورم رحم

**اجزا و ترکیب ساخت :** ایلوا چھ ماشہ۔ افسنتین تین ماشہ۔ ہیرا کسیس دو ماشہ۔ سب اجزاء کو کوٹ چھان کر حبوب بقدر نخود تیار کریں۔ اور دو گولیاں صبح و شام ہمراہ شربت بزوری استعمال کرائیں۔ مجرب ہے۔ (عضلاتی غدی)

## سیلان الرحم

## (LEUCORRHOEA)

### برائے سیلان الرحم

**اجزا و ترکیب ساخت :** چھالیہ۔ موصلی سیاہ۔ موصلی سفید۔ صمغ عربی۔ گوند

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



کتیرا۔ کرکس۔ تالمکھانہ۔ بوپھلی۔ ثعلب مصری۔ زیرہ سفید۔ شقاقل مصری ہر ایک پچاس گرام۔ سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** چھ ماشہ صبح و شام ہمراہ دودھ نیم گرم۔

**افعال و اثرات :** سیلان الرحم کے لیے مفید و مجرب ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

**دیگر**

**اجزا و ترکیب ساخت :** گل دھاوا۔ گل سپاری۔ موچرس۔ بہوپھلی ہموزن۔ چینی ہر سہ ادویہ کے برابر۔ سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** چھ ماشہ صبح و شام ہمراہ آب تازہ۔

**افعال و اثرات :** سیلان الرحم کے لیے مفید و مجرب ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

**دیگر**

**اجزا و ترکیب ساخت :** کشتہ صدف۔ کشتہ بیضہ مرغ۔ کشتہ فولاد۔ کشتہ سنگجراحت ہر ایک دو تولہ۔ گندھک مصفی آٹھ تولہ۔

**ترکیب استعمال :** ایک ماشہ صبح و شام ہمراہ آب تازہ۔

**افعال و اثرات :** سیلان الرحم کے لیے مفید و مجرب ہے۔ (عضلاتی غدی)

**دیگر**

**اجزا و ترکیب ساخت :** کیلشیم لکٹیٹ۔ بورک ایسڈ ہر ایک پانچ تولہ۔ ملا کر محفوظ کریں۔

**ترکیب استعمال :** ایک ماشہ صبح و شام ہمراہ آب تازہ۔

**افعال و اثرات :** سیلان الرحم کے لیے مفید و مجرب ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

**دیگر**

**اجزا و ترکیب ساخت :** مازو۔ مائیں خورد۔ سپاری کاٹھی۔ سنگجراحت۔ پھٹکڑی۔ الائچی خورد۔ طباشیر۔ موصلی سفید۔ ہر ایک پانچ تولہ۔ سبوس اسبغول دس

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



تولہ۔ کوزہ مصری پچیس تولہ۔ ورق نقرہ۔ ایک دفتری کلاں سفوف بنائیں۔
**ترکیب استعمال :** چھ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ نہار منہ۔
**افعال و اثرات :** سیلان الرحم کے لیے مفید و مجرب ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

## دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** رال سفید۔ گوند ڈھاک۔ طباشیر ہر ایک دو تولہ باریک سفوف تیار کریں۔
**ترکیب استعمال :** تین ماشہ ہمراہ دودھ۔
**افعال و اثرات :** سیلان الرحم اور استحاضہ میں مجرب ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

## دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** دارچینی۔ موچرس۔ مجیٹھ۔ رال سفید۔ کرکس۔ میدہ لکڑی۔ سنگجراحت۔ سپاری دکنی۔ کاغذ سوختہ۔ گل پستہ۔ ہر ایک ایک تولہ۔ قند سفید دس تولہ۔ سفوف تیار کریں۔
**ترکیب استعمال :** نو ماشہ صبح و شام ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔ دو تا تین ہفتے۔
**افعال و اثرات :** سیلان الرحم کے لیے مفید ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

## فرزجہ

**اجزا و ترکیب ساخت :** اقاقیا۔ گلنار۔ مازو۔ پھٹکڑی۔ سنبل الطیب۔ (مساوی الوزن) نہایت باریک سفوف بنائیں۔
**ترکیب استعمال :** نرم کپڑے کو نم دے کر دوا لگا کر رحم میں رکھیں۔
**افعال و اثرات :** سیلان الرحم میں مفید و مجرب ہے۔ (عضلاتی غدی)

## سپاری پاک

**اجزا و ترکیب ساخت :** کافور خالص چھ ماشہ۔ تج۔ پترج۔ ناگ کیسر۔ ناگرموتھا۔ فلفل دراز۔ پودینہ۔ اجوائن خراسانی۔ الائچی خورد ہر ایک آٹھ ماشہ۔ تالیس

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



پر۔ جلوتری۔ بنسلوچن۔ صندل سفید۔ فلفل سیاہ۔ مغز تخم کنار ہر ایک ایک تولہ۔ جائفل سوا تولہ۔ زیرہ سفید۔ بیج بند۔ انجیر۔ گل نیلوفر۔ مغز پنبہ دانہ۔ تخم نیلوفر۔ قرنفل۔ کشنیز۔ پپلا مول ہر ایک ڈھائی تولہ۔ سنگھاڑا۔ ستاور ہر ایک چار تولہ۔ مغز تخم کھرنی ساڑھے چار تولہ۔ مغز چرونجی نو تولہ۔ مغز پستہ ۱۳ تولہ۔ مویز منقی ۱۴ تولہ۔ سپاری دکنی ۹۳ تولہ۔ جو دوائیں کوٹنے کے قابل ہوں انہیں علیحدہ علیحدہ کوٹ کر کپڑ چھان کریں۔ مغز چرونجی اور پستہ کو چھیل کر کاٹ کوٹ کر رکھیں۔ منقی کو مل کر پیس کر شیرہ نکال لیں۔ اور ایک ایک سپاری کے چار چار ٹکڑے کریں۔ دس سیر گائے کے دودھ میں جوش دیں۔ حتی کہ سارا دودھ جذب ہو جائے۔ پھر سپاری کو کوٹ چھان کر علیحدہ رکھیں۔ پھر مصری ایک سیر۔ شیرہ بیخ ستاور دو سیر۔ گائے کا دودھ سات سیر۔ قند سفید بارہ سیر۔ سب کو اکٹھا کر کے قوام بنائیں۔ پھر نصف کلو گھی گرم کریں اور سپاری و دیگر ادویہ گھی میں بھونیں۔ پھر قوام مذکور میں شامل کر کے حلوے کا قوام رکھیں۔

نوٹ: شیرہ بیخ ستاور سے مراد یہ ہے کہ ڈیڑھ پاؤ ستاور دو سیر پانی میں پیس لیں پھر چھانیں۔ سیر سے مراد اکبری سیر ہے جو ۱۴۰ تولے کا ہوتا ہے۔

**ترکیب استعمال :** ایک تا دو تولہ۔

**افعال و اثرات :** سیلان الرحم۔ جریان۔ سرعت انزال۔ ضعف باہ۔ عقر زنانہ و مردانہ کے لیے مفید ہے۔ رحم میں تنگی اور خشکی پیدا کرتا ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

## بندش نفاس

### جوشاندہ

**اجزا و ترکیب ساخت :** حب قرطم پانچ ماشہ۔ گاؤزبان پانچ ماشہ۔ بادیان۔ پرسیاؤشاں۔ پوست خربوزہ ہر ایک سات ماشہ۔ جوشاندہ بنائیں۔

**ترکیب استعمال :** موسم گرما میں شربت بزوری سے شیریں کر کے اور موسم سرما میں قند سیاہ کے ساتھ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**افعال و اثرات :** نفاس کشا ہے۔ (غدی اعصابی)

# بانجھ پن (عقر)

# (STERILITY)

## برائے عقر

**اجزا و ترکیب ساخت :** کستوری دو رتی۔ جوز بوا ایک ماشہ۔ زعفران ایک ماشہ۔ سپاری تیلیا تین عدد۔ لونگ چار عدد۔ قند سیاہ پانچ ماشہ۔ حبوب بقدر کنار دشتی تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** ایام حیض سے فراغت کے بعد روزانہ ایک گولی ہمراہ معجون موچرس دیں۔ مجرب ہے۔

**افعال و اثرات :** زنانہ بانجھ پن کو دور کرتا ہے۔ (عضلاتی غدی)

## دیگر

بیان نسخہ: اول مریضہ عقر کو یہ مسہل دیا جائے۔

**اجزا و ترکیب ساخت :** عشق پیچہ ایک تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد چھ ماشہ۔ زنجبیل تین ماشہ۔ روغن بادام ایک تولہ۔ (غدی اعصابی) جب جلاب یا قے ہو جائے تو یہ نسخہ دیں۔ برادہ دندان فیل ایک ماشہ۔ کشتہ خرمہرہ دو رتی۔ پھر وہی مسہل دیں۔ اس کے بعد مذکورہ نسخہ میں قند سیاہ کہنہ کی گولیاں تیار کر کے رکھیں۔ اور مسلسل استعمال کرائیں۔ (عضلاتی اعصابی)

## سفوف معین حمل

**اجزا و ترکیب ساخت :** ریش پیپل۔ طباشیر کبود۔ دانہ الائچی خورد۔ ہر ایک ایک تولہ۔ برادہ دندان فیل چار تولہ۔ باریک پیس کر سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال :** تین ماشہ ہمراہ دودھ بعد از ظہر بوقت عصر سات دن تک

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**افعال و اثرات :** معین حمل ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

## حمول معین حمل

**اجزا و ترکیب ساخت :** جائفل ساڑھے دس دس ماشہ۔ تخم پیاز۔ ہالوں۔ تخم سویا۔ جاوتری۔ اندر جو ہر ایک چھ ماشہ۔ مشک۔ عنبر ہر ایک تین ماشہ۔ شہد میں گوندھیں۔

**ترکیب استعمال :** عورت کو چاہیے کہ طہارت کے بعد اس دوا کو فرج میں حمول کر کے تین گھنٹہ تک اندر رہنے دے۔ اس کے بعد مشغول ہو۔

**افعال و اثرات :** معین حمل ہے۔ قدرت حق سے حمل رہ جائے گا۔ (عضلاتی غدی)

## برائے عقر

**اجزا و ترکیب ساخت :** ناگ کیسر۔ کتھہ۔ سپاری ہر ایک ایک تولہ۔ نہایت باریک سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** ایک تو حیض شروع ہوتے ہی دیں۔ چوبیں گھنٹے بعد دوسری خوراک دیں۔ چوبیں گھنٹے بعد تیسری خوراک دیں۔

**افعال و اثرات :** عقر دور ہو گا اور اولاد نرینہ پیدا ہو گی۔ انشا اللہ۔ (عضلاتی اعصابی)

## حمول دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** مشک خالص دو رتی۔ زعفران ایک ماشہ۔ ثعلب مصری تین ماشہ۔ باریک پیس کر کوٹ چھان کر شہد خالص ایک تولہ ملا کر حیض سے پاک ہونے کے بعد اس میں صاف کپڑا آلودہ کر کے اندام نہانی میں رکھوائیں۔ مجامعت سے قبل نکال دیں۔

**افعال و اثرات :** معین حمل ہے۔ (غذی عضلاتی مقوی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## حبوب معین حمل

**اجزا و ترکیب ساخت :** طباشیر۔ مجیٹھ۔ تخم اونٹکن۔ الائچی خورد۔ جوزبوا۔ زعفران۔ ناگ کیسر۔ قرنفل۔ تخم سروالی۔ مال کنگنی۔ گل دھاوا۔ سپاری ہر ایک چھ ماشہ۔ ہمراہ شہد نخودی گولیاں تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ چالیس دن تک روزانہ استعمال کرائیں۔

**افعال و اثرات :** معین حمل ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

## حبوب دافع عقر

**اجزا و ترکیب ساخت :** ہینگ۔ ہیراکسیس۔ مرکی۔ نمک خوردنی۔ صبر زرد۔ زعفران۔ شنگرف رومی۔ سہاگہ بریاں ہر ایک ایک تولہ۔ بیخ حنظل دو تولہ۔ کوٹ پیس کر حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** عقر کو زائل کر کے اعضاء کو قابل اولاد بناتی ہے۔

**افعال و اثرات :** مستورات کے بلغمی امراض بے قاعدگی حیض۔ موٹاپا۔ سیلان وغیرہ کے لیے مفید ہے۔ (غدی عضلاتی)

# اٹھرا

## سفوف اٹھرا

**اجزا و ترکیب ساخت :** برگ نیم۔ برگ حنا۔ ہر مچی۔ پکان بید۔ رتن جوت۔ رسوت۔ ریوند خطائی۔ صندل سرخ۔ صندل سفید۔ دھمائیں۔ فلفل سیاہ۔ برگ سرپھوکہ۔ برگ سرس۔ برگ جنتر۔ کالی زیری۔ کشنیز مقشر۔ اجوائن دیسی۔ اجوائن خراسانی۔ تخم کرفس۔ گیرو۔ نارجیل۔ تخم کاسنی۔ ہر ایک ایک تولہ۔ سب کو باریک پیس کر سفوف بنائیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**ترکیب استعمال:** ایک رتی روزانہ صبح ہمراہ آب تازہ۔

**افعال و اثرات:** اٹھراہ۔ سرخ باد۔ پھوڑا پھنسی۔ بدہضمی اور فساد خون کی لاثانی دوا ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

## حبوب اٹھرا

**اجزا و ترکیب ساخت:** برگ نیم۔ گل نیم۔ تخم نیم۔ برگ بکائن۔ گل بکائن۔ تخم بکائن۔ پوست نیم۔ پوست بکائن۔ سکاکائی۔ جوانہار۔ رسونت ہر ایک دس گرام۔ ایلوا چھ گرام کوٹ پیس کر حبوب بقدر نخود تیار کریں۔ پھر اکتالیس مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر پھونکیں۔ (از مجربات حکیم شاہ محمد شاہ صاحبؒ)

**ترکیب استعمال:** استقرار حمل کے بعد ایک گولی روزانہ ہمراہ مناسب بدرقہ۔ وضع حمل کے بعد گولی کا چوتھائی حصہ نومولود کو کھلائیں۔ ماں اور بچہ تا وقت فطام یہ عمل جاری رکھیں۔ (غدی عضلاتی)

**افعال و اثرات:** اٹھرا اور دق الاطفال میں مفید و مجرب ہے۔ اگر خدانخواستہ کتنے ہی بچے فوت ہو چکے ہوں تو اس کے استعمال سے اکیسواں بچہ کا زندہ و سلامت اور تندرست رہے گا۔ ان شاء اللہ۔

(عطیہ: جناب حکیم حافظ سید اصغر علی شاہ صاحب جلالپوری)

## دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت:** گل منڈی۔ صندل سرخ۔ اجوائن۔ سپاری تیلیہ۔ بادرنجبویہ۔ چاکسو ہر ایک ایک تولہ۔ رسونت اصلی دو تولہ۔ کوٹ چھان کر حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح و شام ہمراہ دودھ۔

**افعال و اثرات:** مانع اسقاط حمل۔ حاملہ کو تیسرے ماہ سے یہ گولیاں کھلانا شروع کریں۔ تاوقتیکہ وضع حمل ہو جائے۔ بچہ تندرست پیدا ہوگا۔ ان شاء اللہ۔

(غدی عضلاتی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# عسر ولادت

## برائے عسر ولادت

**اجزا و ترکیب ساخت :** زعفران کشمیری چار ماشہ۔ عرق کیوڑہ میں کھرل کر کے حاملہ کو پلائیں۔

**افعال و اثرات :** فی الفور بچہ پیدا ہوگا۔ مجرب ہے۔

# مانع حمل

## سفوف مانع حمل

**اجزا و ترکیب ساخت :** کونپل کریر۔ اسپند سوختی ہر ایک تین تولہ کوٹ پیس کر سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** نو ماشہ صبح کے وقت ہمراہ شب شبینہ حیض سے فراغت کے بعد ایک ہفتہ تک نوش کرائیں۔

**افعال و اثرات :** مانع حمل ہے۔ (عضلاتی غدی)

# اسقاط حمل

(MISCARRIAGE)

## مانع اسقاط حمل

**اجزا و ترکیب ساخت :** سرمہ سفید پانچ تولہ کو بھینس کے دودھ کی دہی دو کلو میں کھرل کر کے خشک کر لیں۔ کوزہ میں بند کر کے ایک من اوپلہ کی آگ دیں۔ کشتہ برآمد ہوگا۔

**ترکیب استعمال :** تین رتی ہمراہ شربت صندل عمدہ چار تولہ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**افعال و اثرات :** مانع اسقاط حمل ہے۔(عضلاتی اعصابی)

(عطیہ : جناب مولانا حکیم محمد عطاء اللہ صاحب' بھینی سدھواں تحصیل ترنتارن' ضلع امرت سر سے ۱۹۴۳ء میں حاصل ہوا۔ مولانا موصوف ۴۷ء میں شہید ہوئے آپ مولانا حکیم محمد یعقوب خاں نباض کے استادِ محترم تھے۔)

برائے جریان الدم

**اجزا و ترکیب ساخت و استعمال :** پوست بہیڑہ۔ مویز منقی۔ کشنیز خشک۔ انار دانہ۔ بیخ انجبار۔ موچرس ہر ایک سات ماشہ۔ تمام اجزاء کو ڈیڑھ پاؤ پانی میں جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے تو مل چھان کر پلا دیں۔

**افعال و اثرات :** جریان خون در حالت حمل میں دو تین یوم میں کلی فائدہ حاصل ہوتا ہے۔(عضلاتی اعصابی)

# امراض الاطفال

## سعال

## (COUGH)

برائے سعال

**اجزا و ترکیب ساخت :** نوشادر۔ سہاگہ۔ جوکھار۔ نمک سیاہ۔ ہر ایک ایک تولہ۔ اجوائن خراسانی۔ زنجبیل ہر ایک تین تولہ۔ سب کو باریک کر کے گلی برتن میں ڈال کر دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر کام میں لائیں۔

**ترکیب استعمال :** ایک رتی کھانڈ ملا کر دن میں تین بار دیں۔

**افعال و اثرات :** کالی کھانسی۔ بلغمی کھانسی اور ضیق النفس کے لیے مفید و مجرب ہے۔(غدی اعصابی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** مغز فندق۔ مغز چلغوزہ۔ میتھی ہر ایک سات ماشہ شہد خالص میں گوندھ کر بچوں کو چٹائیں۔

**افعال و اثرات :** بچوں کی کھانسی کے لیے مفید ہے۔

دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** گوند ببول۔ کتیرا سفید۔ ست ملٹھی۔ قند سفید ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ مغز بہی دانہ سات ماشہ۔ کوٹ کر شہد میں گوندھیں۔

**ترکیب استعمال :** شیر مادر میں گھول کر چٹائیں۔

**افعال و اثرات :** کھانسی، گرمی اور بچوں کے گلے کی کھر کھراہٹ دور کرتا ہے۔ (اعصابی غدی)

## دق الاطفال

برائے دق الاطفال

**اجزا و ترکیب ساخت :** زعفران تین ماشہ۔ مشک خالص اعلیٰ ایک رتی۔ عروسک الارض دو ماشہ۔ باریک کر کے عرق گلاب میں کھرل کر کے حبوب بقدر سرشف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** ایک گولی صبح و شام شیر مادر میں گھس کر دیں۔

**افعال و اثرات :** چار ہفتوں میں بچہ تندرست ہو جائے گا۔ (عضلاتی اعصابی)

دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** زہر مہرہ خطائی۔ نارجیل دریائی۔ پوست ہلیلہ زرد۔ دانہ الائچی خورد۔ مغز کنول گٹہ۔ طباشیر عمدہ۔ سنگ یہود ہر ایک تین ماشہ۔ مرداربد ناسفتہ تین رتی۔ صمغ عربی تین تولہ۔ عرق گلاب پانچ تولہ۔ عرق گلاب میں کھرل کر کے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



حبوب نخودی تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** ایک رتی شیر مادر میں گھس کر۔

**افعال و اثرات :** دق الاطفال میں مفید و مجرب ہے۔(عضلاتی اعصابی)

دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** مشک خالص ایک ماشہ۔عنبر اشہب دو رتی۔قرنفل۔ الائچی خورد۔خولنجاں۔مغز بادام۔ جائفل۔ مشک کافور ہر ایک ایک ماشہ۔ جملہ ادویہ کو پیس کر ہمراہ شہد حبوب بقدر دانہ مسور تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** وضع حمل سے تین ماہ بیشتر حاملہ کو ایک گولی صبح و شام ہمراہ شیر دیں۔ جب وضع حمل ہو جائے تو ایک گولی کو شیر مادر میں گھس کر روزانہ تاوقت خطام کھلائیں۔

**افعال و اثرات :** بچہ سوکڑا سے محفوظ رہے گا ان شاء اللہ۔(عضلاتی اعصابی)

# اسہال

# (DIARRHOEA)

برائے اسہال اطفال

**اجزا و ترکیب ساخت :** برنج ساٹھی چار ماشہ۔ بادیان چار ماشہ۔ نارجیل دریائی دو ماشہ۔زہر مہرہ خطائی دو ماشہ۔ برگ نیم دو عدد۔تمام ادویات کو باریک پیس کر حبوب بقدر دانہ مونگ تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** ایک گولی شیر مادر میں گھس کر کھلائیں۔

**افعال و اثرات :** بچوں کے سبز اسہال اور پیاس کے لیے مفید و مجرب ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** خشخاش۔حب الآس۔کندر۔سعد کوفی۔ جملہ ادویہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ہم وزن لے کر سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** ایک رتی شیر مادر میں گھول کر پلائیں۔

**افعال و اثرات :** دانت نکلنے کے زمانے میں بچوں کو جو اسہال آتے ہیں' کے لیے نافع ہے۔(غدی عضلاتی)

### دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** گوند ببول بریاں۔ کپور کچری۔ مازو سبز ہر ایک ایک تولہ۔ کوزہ مصری تین تولہ۔ سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال :** چار رتی ہمراہ آب تازہ۔

**افعال و اثرات :** بچوں کے اسہال کے لیے نہایت مفید و مجرب ہے۔(عضلاتی اعصابی)

## ام الصبیان

### برائے ام الصبیان

**اجزا و ترکیب ساخت :** کستوری ایک ماشہ۔ عود صلیب ایک ماشہ۔ قرنفل دو ماشہ۔ عنبر اشہب دو رتی۔ خولنجاں چار ماشہ۔ اندر جو شیریں چار ماشہ۔ مغز بادام چار ماشہ۔ مشک ایک ماشہ۔ جائفل چار ماشہ۔ الائچی خورد چار ماشہ۔ کوٹ پیس کر ہمراہ شہد حبوب بقدر دانہ ماش تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** ایک گولی صبح و شام شیر مادر میں گھس کر کھلائیں۔

**افعال و اثرات :** ام الصبیان' دق الاطفال اور بچوں کے بخار کے لیے مفید و مجرب ہے۔(عضلاتی اعصابی)

### دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** عود صلیب۔ ایلوا۔ کندر۔ پوٹاشی برومائیڈ۔ باریک

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



پیس لیں۔

**ترکیب استعمال :** ایک رتی ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

**افعال و اثرات :** ام الصبیان میں نافع ہے۔(عضلاتی اعصابی)

# حمیات

## حمی محرقہ

### برائے تپ محرقہ

**اجزا و ترکیب ساخت :** کشتہ ابرک سفید دو رتی۔ اکسیر نقرئی دو رتی۔ اکسیر قلب ایک رتی۔ باہم ملالیں۔(یہ ایک خوراک ہے)

**ترکیب استعمال :** مندرجہ ایک خوراک ہمراہ عرق مکو چار تولہ۔ عرق شاہترہ چار تولہ۔ عرق گاؤزبان چار تولہ۔ شربت بزوری معتدل چار تولہ۔ صبح و شام استعمال کرائیں۔ صبح دن چڑھے روغن بادام یا روغن زرد کی مالش کی جائے۔ شام کو علاوہ مذکورہ بالا دوا کے اکسیر مرجانی دو رتی۔ کشتہ صدف مرواریدی دو رتی ہمراہ خیساندہ ذیل نوش کرایا جائے۔ تخم کھیرا پانچ ماشہ۔ مویز منقی نو دانہ۔ آلو بخارا سات دانہ۔ پرسیاؤشاں تین ماشہ۔ بادیان چھ ماشہ۔ تمام اجزاء کو کوٹ چھان کر چار تولہ مصری سے شیریں کر کے نوش کرائیں۔

**افعال و اثرات :** محرقہ ہر قسم کے لیے مفید و مجرب ہے۔ بارہا دفعہ کا آزمایا ہوا ہے۔(حکیم عطا محمد خاں)

### دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** تخم کھیرا پانچ ماشہ۔ تخم کاہو تین ماشہ۔ خرفہ سیاہ تین ماشہ۔ تخم کثوث تین ماشہ۔ تخم کشنیز پانچ ماشہ۔ تخم کاسنی پانچ ماشہ۔ تخم مکو پانچ ماشہ۔ نبات سفید حسب ضرورت۔ خیساندہ تیار کریں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**ترکیب استعمال :** انٹی فبرین ایک رتی۔ اسپرین ایک رتی۔ کشتہ ابرک سفید دو رتی ہمراہ مذکورہ بالا خیساندہ نوش کرائیں۔

**افعال و اثرات :** حمی محرقہ بطنی کے لیے مفید و مجرب ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

## خیساندہ

**اجزا و ترکیب ساخت :** شاہترہ سات ماشہ۔ تخم مکوخشک سات ماشہ۔ تخم کھیرا پانچ ماشہ۔ گل خیرہ پانچ ماشہ۔ گل گاؤزبان پانچ ماشہ۔ عناب پانچ دانہ۔ تخم کاسنی پانچ ماشہ۔ نبات سفید پانچ تولہ۔ حسب دستور خیساندہ تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** حسب دستور استعمال کرائیں۔

**افعال و اثرات :** حمی محرقہ خناقی میں مفید و مجرب ہے۔ (غدی اعصابی)

## دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** صندل سفید چار ماشہ۔ تخم کاہو چار ماشہ۔ تخم خرفہ دو ماشہ۔ الائچی خورد پانچ ماشہ۔ تخم کشنیز سات ماشہ۔ مویز منقی نو دانہ۔ تخم حب الآس پانچ ماشہ۔ نبات سفید پانچ تولہ۔ خیساندہ تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** کشتہ صدف مروارید دو رتی۔ اکسیر مرجانی ایک رتی۔ اکسیر نقرئی ایک رتی ہمراہ مذکورہ بالا خیساندہ (اعصابی غدی)

**افعال و اثرات :** چھ خوراکیں استعمال کرنے سے صحت کل حاصل ہوتی ہے۔ بارہا دفعہ کا مجرب ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

(مجوزہ شمس الحکماء حکیم عطا محمد خانؒ)

## دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** صندل سفید۔ کشتہ حلزون۔ جدوار خطائی۔ ہر ایک نو ماشہ۔ الائچی خورد۔ طباشیر۔ زہر مہرہ خطائی۔ ورق طلا کلاں۔ خاکسی ہر ایک چھ ماشہ۔ مویز منقی دس دانہ۔ مشک کافور دو ٹکیہ کوٹ پیس کر حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح و شام ہمراہ عرق گاؤزبان بارہ تولہ۔

دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت:** ست گلو۔ طباشیر۔ زہرمہرہ۔ صندل سفید۔ کتھ سفید۔ کشتہ مروارید ناسفتہ ہرایک دو تولہ۔ کافور اصلی۔ زعفران عمدہ ایک تولہ سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** دو رتی ہمراہ شربت نیلوفر و بنفشہ۔

**افعال و اثرات:** محرقہ ہر قسم میں مفید و مجرب ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

## موسمی بخاروں کے لیے

برائے تپ موسمی

**اجزا و ترکیب ساخت:** ست گلو۔ طباشیر۔ مغز کنول گٹہ۔ پیپل خورد۔ الائچی خورد ہرایک ایک تولہ۔ قند سفید پانچ تولہ۔ سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** تین ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

**افعال و اثرات:** موسمی بخاروں کا تریاق ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

## برائے ابراز خسرہ

برائے خسرہ

**اجزا و ترکیب ساخت:** برنج کنگنی ۲ ماشہ۔ زعفران ایک ماشہ۔ خاکسی نو ماشہ۔ تمام اجزا کو تین پاؤ پانی میں جوشاندہ تیار کریں جب نصف پانی باقی ہو تو مل چھان کر اتار لیں۔ اور مریض کو پلائیں۔

**افعال و اثرات:** ابراز خسرہ مفید و مجرب ہے۔ (عضلاتی غدی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# ملیریا

## برائے ملیریا

**اجزا و ترکیب ساخت:** ہڑتال گئودنتی ایک سیر لیں۔ پانچ سیر کوئلے لے لیں۔ نصف کوئلہ کسی بڑی انگیٹھی میں فرش کر کے اوپر ہڑتال رکھ کر باقی کوئلے ڈال دیں اور آگ روشن کر دیں۔ آگ سرد ہونے پر ہڑتال نکال لیں اور باریک پیس کر اسی سے نصف وزن سوڈا بائی کارب ملا کر رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** دو تا چار رتی ہمراہ شربت بنفشہ یا عرق سونف یا عرق گاؤزبان بارہ تولہ۔

**افعال و اثرات:** ملیریا کے لیے مجرب ہے۔ عضلاتی اعصابی)

## دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت:** کشتہ ہڑتال گئودنتی۔ مغز کرنجوہ ہر ایک دو تولہ۔ نوشادر ٹھیکری۔ قلمی شورہ۔ فلفل دراز۔ اتیس۔ ست گلو۔ گل ارمنی۔ کشتہ ابرک سفید۔ فلفل سیاہ ہر ایک ایک تولہ۔ طباشیر چھ ماشہ۔ سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** دو رتی ہمراہ نیم گرم دودھ یا عرق گاؤزبان یا عرق سونف یا عرق گلو بارہ تولہ۔

**افعال و اثرات:** ملیریا بخار کے لیے از حد مفید ثابت ہوا ہے۔ (غدی اعصابی)

## دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت:** مغز کرنجوا۔ تخم دھتورہ۔ زنجبیل ہم وزن باریک پیس کر حبوب بقدر فلفل سیاہ تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** دو گولیاں صبح و دو پہر شام۔ باری کے بخاروں کے لیے باری والے دن پہلے ہلکا سا مسہل دیں پھر دو گولیاں تازہ پانی کے ساتھ دیں۔ پھر ہر دو گھنٹہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



بعد دو گولیاں دیں۔

**افعال و اثرات:** ملیریا۔ تیجا اور چوتھیا وغیرہ باری کے بخاروں میں مفید ہے۔
(عضلاتی اعصابی)

### دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت:** آملہ۔ کرنجوہ۔ ہم وزن۔ باریک پیس لیں۔
**ترکیب استعمال:** ایک تا دو ماشہ ہمراہ پانی یا قہوہ۔
**افعال و اثرات:** ملیریا۔ چیچک۔ خسرہ۔ کالی کھانسی۔ سلسل البول۔ کھانسی۔ بلغمی دمہ۔ جریان۔ سرسام۔ دردسر میں مفید ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

## حمیٰ کبدی

### شربت برائے حمی

**اجزا و ترکیب ساخت:** سنا مکی پانچ تولہ۔ تخم کاسنی۔ بیخ کاسنی۔ تخم کشوث۔ کشنیز ہر ایک چار تولہ۔ انجیر۔ تمر ہندی ہر ایک ۱۰ تولہ۔ افتیمون۔ ریوند چینی ہر ایک تین ماشہ۔ چینی ایک سیر۔ شربت تیار کریں۔
**ترکیب استعمال:** ایک تولہ۔
**افعال و اثرات:** حمی کبدی میں از حد مفید ہے۔ (غدی اعصابی)

### دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت:** پدماکھ۔ کشنیز سرخ۔ صندل سرخ۔ برگ نیم۔ آردگلو ہر ایک ایک تولہ۔ سفوف تیار کریں۔
**ترکیب استعمال:** ایک تولہ ہمراہ شربت نیلوفر۔
**افعال و اثرات:** حمی صفراوی میں مفید ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

### سفوف برائے حمی

**اجزا و ترکیب ساخت:** ست گلو۔ طباشیر نقرہ۔ الائچی سفید ہر ایک دس

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



گرام۔ گوند کتیرا۔ گوند کیکر۔ صندل سفید ہر ایک سات گرام۔ شکر تیغال۔ مغز کشنیز ہر ایک پانچ گرام۔ رب السوس آٹھ گرام۔ زہر مہرہ خطائی تین گرام۔ سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** تین ماشہ صبح و شام نہار منہ ہمراہ عرق سونف یا گلاب یا پانی۔

**افعال و اثرات:** ہر قسم کے بخاروں میں مفید و مجرب ہے۔ (اعصابی غدی)

## دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت:** قلمی شورہ۔ نوشادر ٹھیکری۔ پھٹکڑی۔ جوا کھار۔ تمام ادویہ ہم وزن لے کر جوہر اڑائیں۔

**ترکیب استعمال:** جوہر مذکور دو رتی۔ فنستین ایک رتی۔ کشتہ ابرک ایک رتی۔ مشک کافور آدھ رتی۔ ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

**افعال و اثرات:** مذکورہ ایک خوراک کھانے سے بخار اتر جاتا ہے۔ احتیاطاً ہفتہ عشرہ کے استعمال سے عود کرنہیں آتا۔ (غدی اعصابی)

## برائے تپ ہر قسم

**اجزا و ترکیب ساخت:** ہڑتال ورقی۔ سم الفار۔ آرد صدف۔ نیلا تھوتھا ہر ایک آٹھ ماشہ سب کو سولہ پہر تک لعاب گھیکوار میں کھرل کر کے ایک کوزہ گلی میں بند کر کے گل حکمت کر کے تہ بتہ اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** دو رتی پتاشہ یا شیر گاؤ یا شیر بز میں۔

**افعال و اثرات:** ایک سے تین روز میں بخار دور ہو جاتا ہے۔ (غدی اعصابی)

## دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت:** طباشیر نقرہ۔ ست گلو۔ فلفل دراز۔ مغز کنول گٹہ۔ الائچی خورد ہر ایک ۱۰ گرام۔ کوزہ مصری پچاس گرام۔ سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** دو ماشہ ہمراہ عرق گلاب۔

**افعال و اثرات:** ہر قسم کے بخاروں میں مفید ہے۔ (غدی اعصابی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# اوجاع

## وجع المفاصل

(RHEUMATISM)

### برائے امراض مفاصل

**اجزا و ترکیب ساخت :** گل سرخ چھ ماشہ۔ دارچینی دس ماشہ۔ صندل سفید چھ ماشہ۔ کشنیز خشک چار ماشہ۔ سنا مکی نو ماشہ۔ اسپرین ایک ماشہ۔ فنسٹین ایک ماشہ۔ کیفین دو ماشہ۔ سوڈا سیلی سلاس دس ماشہ۔ پوست بلیلہ زرد دو تولہ۔ قند سفید چھ تولہ۔ سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** ایک ماشہ دن میں تین بار ہمراہ مناسب بدرقہ۔

**افعال و اثرات :** وجع الورک۔ وجع المفاصل۔ عرق النساء دردرگی میں مفید ہے۔ (غدی عضلاتی)

### دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** سورنجاں شیریں دو تولہ۔ گل سرخ۔ سنا مکی مصفی ہر ایک ایک تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ آرد تربد۔ مغز بادام مقشر۔ رب السوس۔ مصطگی ہر ایک سات ماشہ۔ سقمونیا تین ماشہ۔ زعفران ۲۴ جو۔ قند سفید آٹھ تولہ۔ سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** ایک تولہ بوقت خواب ہمراہ شیر نیم گرم۔

**افعال و اثرات :** وجع المفاصل اور قبض کو زائل کرتی ہے۔ (غدی اعصابی ملین)

### طلاء مفاصلی

**اجزا و ترکیب ساخت :** سرکہ عمدہ تین تولہ۔ کافور ایک ماشہ۔ کافور کو سرکہ میں حل کریں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**ترکیب استعمال :** مقام ماؤف پر طلا کریں۔

**افعال و اثرات :** وجع المفاصل، نقرس اور درد گردہ میں مفید ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

## جوشاندہ

**اجزا و ترکیب ساخت :** آملہ۔ سنڈھ۔ پرسیاؤشاں ہر ایک پانچ ماشہ۔ قند سفید دو تولہ۔ جوشاندہ تیار کر کے پلائیں۔

**افعال و اثرات :** وجع المفاصل ورمی میں مفید ہے۔ (عضلاتی غدی)

## دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** شنگرف رومی۔ سورنجاں شیریں۔ بیش مدبر ہر ایک دو تولہ۔ آب ادرک کی مدد سے دانہ لونگ کے برابر گولیاں تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** ایک گولی صبح نہار منہ ہمراہ بالائی یا مکھن۔

**افعال و اثرات :** وجع المفاصل میں مفید ہے۔ (اعصابی غدی)

## حبوب مفاصلی

**اجزا و ترکیب ساخت :** کچلہ مدبر۔ بیخ حنظل۔ فلفل گرد شہد کی مدد سے حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** دو گولیاں بوقت عصر ہمراہ عرق سونف۔

**افعال و اثرات :** وجع المفاصل میں مفید ہے۔ (عضلاتی غدی)

## حبوب سورنجاں

**اجزا و ترکیب ساخت :** ایلوا۔ تربد۔ سورنجاں شیریں۔ غاریقون۔ سنا مکی ہر ایک ایک تولہ۔ سقمونیا دو تولہ۔ عرق گلاب کی مدد سے حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** تین گولیاں بوقت شب ہمراہ دودھ نیم گرم۔

**افعال و اثرات :** وجع المفاصل میں مفید ہے۔ (عضلاتی غدی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**نوٹ:** مذکورہ بالا تینوں نسخے ایک ہی وقت میں شروع کرانے چاہئیں۔

## دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت:** سورنجاں شیریں تین ماشہ۔ سنا مکی اکیس ماشہ۔ پوست ہلیلہ زرد بارہ ماشہ۔ تربد سفید نو ماشہ۔ مغز بادام نو ماشہ۔ برگ حنا چھ ماشہ۔ زعفران ایک ماشہ۔ قند سفید چار تولہ۔ سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** دس تا پندرہ ماشہ ہمراہ آب تازہ۔

**افعال و اثرات:** وجع المفاصل کے لیے مفید ہے۔ (غدی اعصابی)

## جوشاندہ

**اجزا و ترکیب ساخت:** فلفل سیاہ۔ زنجبیل۔ اجوائن دیسی۔ پپلا مول۔ فلفل دراز۔ سورنجاں۔ پترج ہر ایک چار تولہ۔ برگ سنبھالو اٹھائیس تولہ۔ نہایت باریک سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک سیر پانی میں چار تولہ سفوف مذکور ڈال کر اتنا جوش دیں کہ پاؤ بھر پانی بچ جائے تو نمکین کر کے مریض کو پلا دیں۔ ایک ہفتہ کھلائیں ایک ہفتہ ناغہ کرائیں۔ دوران استعمال مرغن اغذیہ دیں۔

**افعال و اثرات:** شدید وجع المفاصل میں مفید و مجرب ہے۔ (غدی اعصابی)

## حبوب برائے وجع المفاصل

**اجزا و ترکیب ساخت:** ایلوا۔ نسوت ہر ایک دو تولہ۔ بوزیدان۔ سورنجاں شیریں ہر ایک چھ ماشہ۔ انیسون۔ سقمونیا ہر ایک تین ماشہ۔ گوگل پانچ ماشہ۔ آب گندنا میں گوندھ کر حبوب نخودی تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** یہ گولیاں بمقدار چھ تا نو ماشہ ہمراہ آب گرم۔

**افعال و اثرات:** یہ گولیاں وجع المفاصل کے لیے عجیب الاثر ہیں۔ بعض اوقات پہلی خوراک کھانے ہی سے معتدبہ فائدہ ہو جاتا ہے۔ دوران علاج ترش اشیاء سے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



اجتناب کرائیں۔(غدی اعصابی)

## برائے وجع المفاصل کہنہ

**اجزا و ترکیب ساخت :** اسگندھ۔ پوست بیخ دھتورہ۔ پوست بیخ مدار۔ پوست بیخ سنبھالو۔ پوست بیخ سہانجنہ۔ تخم حرمل۔ عاقرقرحا۔ لہسن۔ گڑ کہنہ۔ گوگل کھینسیا۔ ہر ایک ایک تولہ۔ کچلہ دو تولہ۔ میٹھا تیلیہ۔ سم الفار ہر ایک دو ماشہ کوٹ پیس کر خوب کھرل کریں۔

**ترکیب استعمال :** ایک رتی صبح دو رتی شام ہمراہ گرم دودھ۔ نیز یہ نسخہ مقام ماؤف پر طلاء کریں۔

جاوتری۔ لونگ۔ جائفل۔ عاقرقرحا گھی میں ملا کر۔ اوپر برگ مدار سبز روغن کنجد سے تر کرکے اوپر باندھیں۔

**افعال و اثرات :** وجع المفاصل کے لیے مفید و مجرب ہے۔(عضلاتی غدی)

## برائے درد مفاصلی

**اجزا و ترکیب ساخت :** کلونجی چھ ماشہ۔ قلمی شورہ دو تولہ۔ پوست بیخ مدار چار تولہ۔ آرد پوست بندق ہندی۔ اسپرین۔ پوٹاشیم برومائیڈ ہر ایک ایک تولہ۔ سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** ایک ماشہ ہمراہ پانی۔

**افعال و اثرات :** وجع المفاصل سمیت ہر قسم کی جسمانی دردوں میں مفید ہے۔ (اعصابی غدی)

## حبوب کثیر الفواد

**اجزا و ترکیب ساخت :** شنگرف۔ سہاگہ۔ کلونجی۔ فلفل سیاہ۔ میٹھا تیلیہ مدبر۔ فلفل دراز۔ زنجبیل ہر ایک ایک تولہ۔ آب لیموں میں کھرل کرکے حبوب بقدر دانہ موٹھ تیار کریں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح وشام ہمراہ برہمی سیرپ دوتولہ۔ برہمی سیرپ کا نسخہ درج ذیل ہے۔ برہمی خشک۔ مغز بادام مقشر ہر ایک ایک پاؤ فلفل سیاہ چار تولہ۔ سردائی کی مانند شیرہ نکال کر تین پاؤ قند سفید ملا کر حسب دستور شربت تیار کریں۔

**افعال و اثرات:** وجع المفاصل۔ لقوہ۔ پیچش۔ اسہال۔ ہیضہ۔ حمیات۔ درد جسم۔ ضعف باہ۔ نزلہ۔ زکام اور کھانسی وغیرہ کو نافع ہے۔ مجربات سے ہے۔ (غدی اعصابی)

## دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت:** مصبر ساٹھ گرام۔ زنجبیل یک صد بیس گرام۔ سورنجاں تلخ پچاس گرام۔ فلفل سیاہ یک صد بیس گرام۔ کشمیری پتر یک صد بیس گرام۔ سب کو باریک پیس کر سرکہ کی مدد سے حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ مناسب وقفے کے ساتھ گولیاں نوش کرائیں۔

**افعال و اثرات:** وجع المفاصل میں مفید ہے۔ (غدی عضلاتی) ایک سنیاسی کا عطیہ ہے)

## حبوب سہل الحصول

**اجزا و ترکیب ساخت:** حنظل دوتولہ۔ مصبر دوتولہ۔ زنجبیل پانچ تولہ نوشادر ایک تولہ۔ الگ الگ باریک پیس کر حبوب نخودی تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک تا تین گولیاں دن میں تین بار ہمراہ آب نیم گرم۔

**افعال و اثرات:** وجع المفاصل۔ دائمی قبض۔ قلت طمث۔ نزلہ و زکام۔ دمہ۔ کھانسی میں مفید ہے۔ (عضلاتی غدی)

## دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت:** فرفیون ایک تولہ۔ شحم حنظل دوتولہ۔ مصبر تین تولہ۔ گوگل بھینسیا چار تولہ۔ مویز منقی پانچ تولہ۔ پہلے گوگل کو عرق گلاب میں حل کریں۔ جب اچھی طرح حل ہو جائے تو منقی ڈال کر خوب رگڑیں۔ پھر دوسری دوائیں ڈال کر حبوب

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



نخودی تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** دو تا چھ گولیاں تازہ پانی کے ساتھ بوقت شب۔ عمر کے اعتبار سے گولیاں کم وبیش کر دیں۔

**افعال و اثرات :** دردسر۔ گھٹنے کا درد۔ پاؤں کے انگوٹھے کا درد۔ نقرس اور وجع المفاصل میں مفید ہے۔ (عضلاتی غدی)

### برائے اوجاع ریاحی

**اجزا و ترکیب ساخت :** حرمل۔ حنظل۔ تربد۔ قند سیاہ۔ ہم وزن حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** دو گولیاں بوقت شب ہمراہ آب تازہ۔

**افعال و اثرات :** ریاحی اوجاع کے لیے مفید ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

### دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** فلفل سیاہ۔ مغز کرنجوہ۔ گل مدار۔ ہینگ ہر ایک چار تولہ۔ کشتہ قرن الایل۔ کچلہ مدبر ہر ایک ڈھائی تولہ۔ عرق بادیان اور گوند ببول کی مدد سے حبوب نخودی تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** ایک تا دو گولیاں ہمراہ عرق بادیان۔

**افعال و اثرات :** ہر قسم کے ریحی و غیر ریحی دردوں میں مفید ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

# ذیابیطس

# (DIABETES)

### حبوب برائے ذیابیطس

**اجزا و ترکیب ساخت :** خراطین۔ تخم حرمل ہر ایک چھ تولہ۔ ہلیلہ سیاہ بریاں نو

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



تولہ۔ کچلہ مدبر دو تولہ۔ زعفران۔ شنگرف ہر ایک تولہ۔ کوٹ پیس کر حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** دو گولیاں دن میں چار بار ہمراہ قہوہ یا چائے۔

**افعال و اثرات :** ذیابیطس میں مفید و مجرب ہے۔ (عضلاتی غدی)

## معجون زنجبیل

**اجزا و ترکیب ساخت :** دار چینی۔ لونگ۔ جائفل۔ خولنجاں۔ ہر ایک دو تولہ۔ جاوتری ایک تولہ۔ زعفران چھ ماشہ۔ سنڈھ پانچ تولہ۔ شہد ساڑھے ۱۴ تولہ۔ معجون تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** چھ ماشہ ہمراہ دودھ چار بار روزانہ۔

**افعال و اثرات :** ذیابیطس۔ سلسل البول۔ نزلہ و زکام۔ نمونیا۔ ضعف باہ۔ جریان۔ سیلان۔ برودت جسم اور غنودگی کے لیے مفید ہے۔ (عضلاتی غدی)

## حبوب برائے ذیابیطس

**اجزا و ترکیب ساخت :** ست پوست بیخ جامن پانچ تولہ۔ سلاجیت تین تولہ۔ کشتہ فولاد ایک تولہ۔ کشتہ قلعی ایک تولہ۔ پوست بیخ جامن ایک کلو لے کر ذرا کوٹ کر تین کلو پانی میں بھگو دیں۔ بعدہٗ اسے اتنا جوش دیں کہ پانی جل کر ایک کلو رہ جائے پھر اسے خوب مل چھان کر پن لیں۔ ایک دن اسی طرح پڑا رہنے دیں۔ نتھرے ہوئے پانی کو اتنا پکائیں کہ دواء گولیاں بنانے کے قابل ہو جائے۔ نخودی گولیاں تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** ایک تا دو دن میں تین بار ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

**افعال و اثرات :** ذیابیطس میں مفید و مجرب ہیں۔ (عضلاتی اعصابی)

## سفوف برائے ذیابیطس

**اجزا و ترکیب ساخت :** گلو خشک۔ ملٹھی۔ گوند ببول۔ گوند کتیرا۔ گل نیلوفر۔ گاؤزبان۔ گل سرخ۔ گلنار فارسی۔ بورہ ارمنی۔ تخم خشخاش۔ برگ جامن۔ مغز تخم جامن۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



کشتہ قلعی۔ کشتہ مرجان۔ کشتہ صدف مروارید ی۔ سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** چھ ماشہ صبح و شام ہمراہ آب تازہ۔

**افعال و اثرات :** کثرت بول۔ ذیابیطس میں مفید ہے۔ (عضلاتی اعصابی اکسیر)

**دیگر**

**اجزا و ترکیب ساخت :** موصلی سفید انڈیا۔ تخم تمر ہندی۔ گڑمار بوٹی۔ تخم جامن۔ کچور۔ برگد کا پھل ہر ایک یک صد گرام کشتہ بیضہ مرغ۔ کشتہ فولاد ہر ایک دس گرام پھلی کیکر۔ برگ نیم ہر ایک یک صد پچاس گرام۔ چاکسو دو صد پچاس گرام۔ سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** تین ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

**افعال و اثرات :** ذیابیطس کے لیے مفید ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

**دیگر**

**اجزا و ترکیب ساخت :** کشتہ بیضہ مرغ۔ سفوف خستہ جامن۔ کشتہ فولاد۔ گوندنی شگفتہ۔ گڑمار بوٹی۔ نرکچور۔ سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** دو تا چار رتی دن میں تین بار ہمراہ مناسب بدرقہ۔

**افعال و اثرات :** ذیابیطس میں مفید ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

**دیگر**

**اجزا و ترکیب ساخت :** پوست بیضہ مرغ دس عدد۔ شنگرف ایک تولہ لے کر کھرل کریں اور ٹکیہ بنا کر مٹی کی کلیا میں رکھیں۔ گل حکمت کر کے ۲۵ سیر کنڈوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر دوا نکال کر باریک پیس لیں۔ پھر اس میں اقاقیا ایک تولہ۔ کشتہ سہ دھاتہ چھ ماشہ۔ کشتہ فولاد چھ ماشہ۔ طباشیر گیارہ ماشہ۔ تخم حماض نو ماشہ ملائیں۔

**ترکیب استعمال :** دو تا تین رتی یہ دوا ہر روز صبح و شام ہمراہ مکھن و شیرہ مغز بادام

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سات عدد استعمال کریں۔

**افعال و اثرات :** ذیابیطس میں مفید ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** تخم خرفہ۔ تخم کاہو ہر ایک ایک تولہ۔ طباشیر۔ رب السوس ہر ایک آٹھ ماشہ۔ زہرمہرہ اصلی۔ تخم حماض۔ گل ارمنی۔ زرشک۔ گلنار ہر ایک چھ ماشہ۔ اسگندھ ناگوری۔ صمغ عربی۔ صندل سفید ہر ایک پانچ ماشہ۔ کافور۔ کلونجی ہر ایک دو ماشہ۔ سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** دو ماشہ ہمراہ عرق مکو دس تولہ نہار منہ۔

**افعال و اثرات :** ذیابیطس میں مفید ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** کچلہ مدبر۔ ہیرا کسیس۔ کونین۔ کلونجی۔ گوند کیکر ہر ایک ایک تولہ۔ آب چھال درخت جامن کی مدد سے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔

**ترکیب استعمال :** ایک گولی ہمراہ عرق ماء اللحم سہ آتشہ۔ غذا میں پرندوں کا بھنا ہوا گوشت ہمراہ نان گندم۔

**افعال و اثرات :** ذیابیطس شکری و غیر شکری میں مفیدہے۔ (عضلاتی غدی)

# تپدق و سل

## تپ دق

## (T.B)

حبوب برائے دق و سل

**اجزا و ترکیب ساخت :** ورق طلاء ایک رتی۔ ورق نقرہ دو رتی۔ کستوری تین

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ڈال کر حسب دستور عرق کشید کریں۔

**ترکیب استعمال :** پانچ تولہ ہمراہ شربت بزوری بارد ایک تولہ۔ شربت اسطخین ایک تولہ۔ دن میں تین بار۔

**افعال و اثرات :** علامات دق دور کرنے میں مفید ہے۔ (اعصابی غدی)

**دیگر**

**اجزا و ترکیب ساخت :** طباشیر۔ پوست خشخاش۔ کلونجی۔ کاہو۔ مغز کدو۔ بہی دانہ۔ صمغ عربی۔ کشنیز۔ صندل سفید۔ سرطان محرق۔ ہر ایک ایک تولہ۔ زہر مہرہ خطائی۔ دانہ الائچی خورد۔ ست ملٹھی ہر ایک چھ ماشہ۔ کافور۔ جوہر بانسہ۔ کشتہ صدف۔ کشتہ سنگجراحت۔ کشتہ مرجان نقرئی ہر ایک تین ماشہ۔ نبات سفید تین تولہ۔ سفوف تیار کریں۔

# حادثاتی عوارض

## بجلی کا صدمہ

**اجزا و ترکیب ساخت :** صدف مرواریدی دس تولہ۔ سنگجراحت بیس تولہ۔ پھٹکڑی سرخ یا سفید بریاں بیس تولہ۔ سنگ یشب دو تولہ۔ کشتہ فولاد ور نوشادر و کنوار گندل دو تولہ۔ سب چیزوں کو کوٹ کر کوزہ گلی میں رکھ کر گل حکمت کر کے تیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ ہلکے گلابی رنگ کا کشتہ برآمد ہوگا۔ (عضلاتی اعصابی)

**ترکیب استعمال :** ایک ماشہ ہمراہ دوغ ترش صبح و شام۔ اگر بخار بھی ساتھ ہو تو درج ذیل شربت بھی استعمال کریں۔

**ھوالشافی :** آلو بخارا دس تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد ڈھائی تولہ۔ خطمی ایک تولہ۔ خبازی ایک تولہ۔ صندل سفید دس تولہ۔ نیلوفر ڈھائی تولہ۔ گاؤزبان ایک تولہ۔ گل بنفشہ ایک تولہ۔ ایک سیر پانی میں بھگو کر چار پہر تک رکھیں۔ جب نصف پانی جل جائے تو مل چھان کر آدھ کلو مصری میں قوام کا شربت بنائیں۔ صبح و شام دو تولہ شربت پانی میں ملا کر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



رتی۔ زعفران چار رتی۔ جائفل پانچ رتی۔ طباشیر چھ رتی۔ جلوتری سات رتی۔ دانہ الائچی خورد آٹھ رتی۔ برگ پان حسب ضرورت۔ برگ پان کا پانی نکال کر پھاڑیں اس کی اعانت سے کھرل کریں۔اس کے بعد گولیاں بقدر مونگ تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** ایک گولی صبح و شام ہمراہ شیر بز۔

**افعال و اثرات :** تپ دق و سل میں مفید و مجرب ہے۔(عضلاتی اعصابی)

دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** کافور۔ رائی۔ تمباکو۔ خوب کلاں۔ ہم وزن لے کر بیس گنا پانی میں ڈال کر عرق کشید کریں۔

**ترکیب استعمال :** تین تولہ ہمراہ مناسب بدرقہ۔

**افعال و اثرات :** مریضان تپ دق و سل کے لیے آب حیات ہے (عضلاتی اعصابی)

معجون برائے دق

**اجزا و ترکیب ساخت :** مغز کدو۔ عاقرقرحا۔ مغز بادام۔ خشخاش۔ ہر ایک دس تولہ۔ کنگھی۔ ست گلو۔ طباشیر۔ گل بنفشہ ہر ایک پانچ تولہ۔ دانہ الائچی خورد۔ پوست ہلیلہ زرد۔ ہلیلہ سیاہ۔ کلونجی ہر ایک چار تولہ۔ زعفران چار ماشہ۔ شہد خالص آدھ کلو۔ قند سفید دس تولہ۔ بطریق معروف معجون تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** چار ماشہ صبح و شام ہمراہ دودھ گائے۔

**افعال و اثرات :** تپ دق سل اور کھانسی میں مفید و مجرب ہے۔(غدی اعصابی)

عرق برائے دق و سل

**اجزا و ترکیب ساخت :** کشنیز۔ صندل سفید۔ صندل سرخ۔ گل گاؤزبان۔ برگ گاؤزبان۔ گل نیلوفر۔ تخم کاسنی۔ تخم خطمی۔ ہر ایک پانچ تولہ۔ تخم خیار دس تولہ۔ پوست کدو۔ پوست پیٹھا ہر ایک بیس تولہ۔ آب خالص سات سیر۔ شیر بز سات سیر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



پلائیں (اعصابی عضلاتی)

**افعال و اثرات :** برائے جلن ہر قسم نیر شارٹ زدہ کے لیے مفید ہے۔

## ضربہ وسقطہ

### برائے ضربہ وسقطہ

**اجزا و ترکیب ساخت :** لک مغسول' مصطگی رومی۔ مجیٹھ۔ ریوند چینی ہر ایک دو ماشہ۔ سفوف تیار کریں۔ ایک خوراک ہے۔

**ترکیب استعمال :** مذکورہ بالا خوراک انڈے کی نیم برشت زردی میں ملا کر تناول کرائیں اوپر سے گھی ملا کر دودھ نیم گرم نوش کرائیں۔

**افعال و اثرات :** ضربہ میں مفید ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

### دیگر

**اجزا و ترکیب ساخت :** پھٹکڑی دس تولہ۔ شنگرف پانچ تولہ۔ دونوں کو ملا کر آہنی توے پر رکھیں حتی کہ شگفتہ ہو جائے۔ پھر دوسری طرف الٹ کر شگفتہ کریں۔ باریک کر کے محفوظ کریں۔

**ترکیب استعمال :** ایک تا سات رتی ہمراہ دودھ نیم گرم۔

**افعال و اثرات :** مومیائی کا نعم البدل ہے۔ اس لیے ضربہ وسقہ اور درد میں مفید ہے۔ (عضلاتی اعصابی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# طب مفرد اعضاء علاج بالغذا

(از افادات وتحقیقات حکیم انقلاب المعالج ڈاکٹر دوست محمد صابر ملتانی مرحوم ومغفور مجدد طب' موجب طب مفرد اعضاء علاج بالغذا' بانی تحریک تجدید طب رجسٹرڈ پاکستان)

**تعریف :** یہ ایک ایسی تحقیق ہے جس سے ثابت کیا گیا ہے کہ امراض کی پیدائش مفرد اعضاء (گوشت' پٹھے اور غدد) میں ہوتی ہے۔ اور اس کے بعد مرکب اعضاء کے افعال میں افراط' تفریط اور ضعف پیدا ہوتے ہیں اور علاج میں بھی مرکب اعضاء کی بجائے مفرد اعضاء کو مدنظر رکھنا چاہیے۔ کیونکہ انسان کے تمام مرکب اعضاء مفرد اعضاء کی بافتوں اور انسجہ سے مل کر بنتے ہیں۔

**تشریح :** یہ بالکل نیا طریق علاج ہے۔ تاریخ طب میں اس کا کہیں اشارہ تک نہیں پایا جاتا۔ اسی نظریہ (مفرد اعضاء) پر پیدائش امراض اور صحت کی بنیاد رکھی گئی ہے۔ اس سے قبل بالواسطہ یا بلاواسطہ پیدائش امراض مرکب اعضاء کی خرابی کو تسلیم کیا جاتا رہا ہے۔ مثلاً معدہ وامعاء' شش ومثانہ' آنکھ ومنہ' کان وناک بلکہ اعضاء مخصوصہ تک کے امراض کو ان کے افعال کی خرابی سمجھا جاتا ہے۔ یعنی معدہ کی خرابی کو اس کی مکمل خرابی مانا گیا ہے۔ جیسے سوزش معدہ۔ درد معدہ۔ ورم معدہ۔ ضعف معدہ اور بدہضمی وغیرہ پورے معدے کی خرابی بیان کی جاتی ہے۔ لیکن حقیقت میں ایسا نہیں ہے کیونکہ معدہ ایک مرکب عضو ہے اور اس میں عضلات' اعصاب اور غدد وغیرہ ہر قسم کے اعضاء پائے جاتے ہیں۔ اور جب مرض ہوتا ہے تو وہ تمام اعضاء جو مفرد ہیں بیک وقت مرض میں گرفتار نہیں ہوتے۔ بلکہ کوئی مفرد عضو مریض ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ معدہ میں مختلف

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



قسم کے امراض پیدا ہوتے ہیں۔

جب معدہ کے مفرد اعضاء میں سے کوئی گرفتار مرض ہوتا ہے۔ مثلاً معدے کے اعصاب مرض میں مبتلا ہوتے ہیں تو اس کی دیگر علامات بھی اعصاب میں ہوں گی اور ان کا اثر دماغ تک جائے گا۔ اسی طرح اگر اس کے عضلات مرض میں مبتلا ہوں گے تو جسم کے باقی عضلات میں بھی یہی علامات پائی جائیں گی۔ اور اس کا اثر قلب تک چلا جاتا ہے۔ یہی صورت اس کے غدد کی حالت میں پائی جاتی ہے۔ یعنی دیگر غدد کے ساتھ جگر و گردوں کو بھی متاثر کرتے ہیں۔ یا بالکل معدے کے مفرد اعضاء اعصاب' غدد اور عضلات کے برعکس اگر دل و دماغ اور جگر و گردہ میں امراض پیدا ہو جائیں تو معدہ و امعاء اور شش و مثانہ' بلکہ آنکھ' منہ اور ناک و کان میں بھی ایسی ہی علامات پائی جائیں گی۔ اس لیے پیدائش امراض اور شفاء امراض کے لیے مرکب عضو کی بجائے مفرد عضو کو مدنظر رکھنا یقینی تشخیص اور بے خطا علاج کی صورتیں پیدا ہو جاتی ہیں۔

اسی طرح ایک طرف کسی عضو کی خرابی کا علم ہوتا ہے تو دوسری طرف اس کے صحیح مزاج کا علم ہو جاتا ہے۔ کیونکہ ہر مفرد عضو کسی نہ کسی کیفیت و مزاج بلکہ اخلاط کے اجزاء سے متعلق ہے یعنی دماغ اور اعصاب کا مزاج سرد تر ہے۔ ان میں تحریک سے جسم میں سردی تری اور بلغم بڑھ جاتی ہے۔ اسی طرح جگر و غدد کا مزاج گرم خشک ہے۔ اس کی تحریک سے جسم میں گرمی خشکی اور صفرا بڑھ جاتا ہے۔ یہ صورت قلبی عضلات کی ہے۔ اور مفرد اعضاء کے برعکس اگر جسم میں کسی کیفیت یا مزاج اور اخلاط کی زیادتی ہو جائے تو ان کے متعلق مفرد اعضاء میں اثر ہو کر ان میں تیزی کی علامات پیدا ہو جائیں گی۔ اسی طرح دونوں صورتیں نہ صرف سامنے آ جاتی ہیں بلکہ علاج میں بھی آسانیاں پیدا ہو جاتی ہیں۔ ایک خاص بات یہ ذہن نشین کر لیں کہ مفرد اعضاء کی جو ترتیب اوپر بیان کی گئی ہے۔ ان میں جو تحریکات پیدا ہوتی رہتی ہیں وہ ایک سے دوسرے مفرد اعضاء میں تبدیل ہوتی رہتی ہے اور کی جا سکتی ہیں۔ اسی طرح سے امراض پیدا ہوتے ہیں اور اسی طرح ہی ان تحریکات کو بدل کر ان کو شفاء اور صحت کی طرف لایا جا سکتا ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**عملی تشریح :** انسان تین چیزوں سے مرکب ہے۔

ا۔جسم ۔۲۔نفس ۔۳۔روح

**جسم :** جسم انسان تین چیزوں سے مرکب ہے۔

ا۔بنیادی اعضاء۔۲۔حیاتی اعضاء۔۳۔خون

**ا۔ بنیادی اعضاء :** ایسے اعضاء ہیں جن سے انسانی جسم کا ڈھانچہ تیار ہوتا ہے۔ جن میں تین اعضاء شریک ہیں۔

ا۔ہڈیاں۔۲۔رباط۔۳۔رباط۔

**حیاتی اعضاء :** ایسے اعضاء ہیں جن سے انسانی زندگی اور بقا قائم ہے۔ یہ بھی تین ہیں۔ ا۔اعصاب۔ جن کا مرکز دماغ ہے۔ ۲۔غدد: جن کا مرکز جگر ہے۔۳۔ عضلات: جن کا مرکز دل ہے۔گویا دل و دماغ و جگر جو اعضاء رئیسہ ہیں وہی انسان کے حیاتی اعضاء ہیں۔

**۳۔ خون :** سرخ رنگ کا ایک ایسا مرکب ہے۔جس میں لطیف بخارات' حرارت' رطوبات پائے جاتے ہیں۔ یا ہوا' حرارت اور پانی سے تیار ہوتا ہے۔ دوسرے لفظوں میں سودا' صفرا اور بلغم کا حامل ہے۔

اس مختصر سے تشریح کے بعد جاننا چاہیے کہ قدرت نے ضرورت کے مطابق جسم میں اس کی ترتیب ایسی رکھی ہے کہ اعصاب باہر کی طرف ہیں اور ہر قسم کے احساسات ان کے ذمہ ہیں۔ اعصاب کے اندر کی طرف غدد ہیں اور ہر قسم کی غذا جسم کو مہیا کرتے ہیں۔ غدد سے اندر کی طرف عضلات ہیں۔ ہر قسم کی حرکات ان کے متعلق ہیں۔ یہی تینوں جسم ہر قسم کے احساسات' اغذیہ اور حرکات کے طبعی افعال انجام دیتے ہیں۔

**مفرد اعضاء کے غیر طبعی افعال :** حیاتی مفرد اعضاء کے غیر طبعی افعال صرف تین ہیں۔

(ا) ان میں سے کسی عضو میں تیزی آ جائے۔ یہ صورت ریاح کی زیادتی سے پیدا ہو گی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



(۲) ان میں سے کسی عضو میں سستی پیدا ہو جائے۔ یہ رطوبت یا بلغم کی زیادتی سے پیدا ہوگی۔

(۳) ان میں سے کسی عضو میں ضعف پیدا ہو جائے۔ یہ حرارت کی زیادتی سے پیدا ہو گا۔

یاد رکھیں! چوتھا کوئی غیر طبعی فعل واقع ہی نہیں ہوتا۔

**تحریک، تسکین اور تحلیل :** افعال کے لحاظ سے ہر عضو میں صرف تین ہی افعال پائے جاتے ہیں:

(۱) عضو کے فعل میں تیزی پیدا ہو جائے تو ہم اس فعل کو تحریک کہتے ہیں۔

(۲) عضو کے فعل میں سستی نمودار ہو جائے تو ہم اس کو تسکین کا نام دیتے ہیں۔

(۳) عضو کے فعل میں ضعف واقع ہو جائے تو اس کو تحلیل کی صورت قرار دیتے ہیں۔

ہر عضو میں ظاہرہ دو ہی صورتیں ہوتی ہیں۔ اول تیزی اور دوسرے سستی۔ لیکن سستی دو قسم کی ہوتی ہے۔ اول سستی سردی یا بلغم کی زیادتی سے اور دوسرے سستی حرارت کی زیادتی سے۔ اس لیے اول الذکر کا نام تسکین رکھا جا سکتا ہے اور ثانی الذکر کی سستی کو تحلیل کہنا ہی بہتر ہے کیونکہ حرارت اور گرمی کی زیادتی سے ضعف پیدا ہوتا ہے۔ اور یہ بھی ایک قسم کی سستی ہے۔ لیکن چونکہ ضعف حرارت اور گرمی کی زیادتی سے اور اس میں جسم یا عضو گھلتا ہے اور یہ صورت مرض کی حالت میں اخیر تک قائم رہتی ہے۔ بلکہ صحت کی بحالی میں بھی ایک ہلکے قسم کی تحلیل جاری ہے۔ اس لیے انسان بچپن سے جوانی اور جوانی سے بڑھاپے اور بڑھاپے سے موت کی آغوش میں چلا جاتا ہے۔ اس لیے اس حالت کا نام تحلیل بہت مناسب ہے۔

یہ تینوں صورتیں یا علامات، تینوں اعضاء اعصاب۔ غدد اور عضلات میں سے کسی ایک میں کوئی حالت ضرور پائی جائے گی۔ البتہ ایک دوسرے میں بدلتی رہتی ہے اور اسی غیر طبعی بدلنے ہی سے امراض پیدا ہوتے ہیں اور انہی کی طبعی تبدیلی سے صحت حاصل ہو جاتی ہے۔ اعضاء کے اندرونی تبدیلیوں کو ذیل کے نقشہ سے آسانی کے ساتھ سمجھا جا سکتا ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



| نام عضو | اعصاب | غدد | عضلات | نتیجہ |
|---|---|---|---|---|
| اعصاب | تحریک | تحلیل | تسکین | جسم میں رطوبات کی زیادتی |
| غدد | تسکین | تحریک | تحلیل | جسم میں حرارت کی زیادتی |
| عضلات | تحلیل | تسکین | تحریک | جسم میں ریاح کی زیادتی |

گویا ہر عضو میں تینوں حالتیں یا علامتیں فرداً فرداً ضرور پائی جائیں گی۔ یعنی:

(۱) اگر اعصاب میں تحریک ہے تو غدد میں تحلیل اور عضلات میں تسکین ہوگی۔ نتیجہ جسم میں رطوبات (بلغم/کف) کی زیادتی ہوگی۔

(۲) اگر غدد میں تحریک ہوگی تو عضلات میں تحلیل اور اعصاب میں تسکین ہوگی۔ نتیجتاً جسم میں حرارت (صفرا/پت) کی زیادتی ہوگی۔

(۳) اگر عضلات میں تحریک ہوگی تو اعصاب میں تحلیل اور غدد میں تسکین ہوگی۔ نتیجتاً جسم میں ریاح (سوداء/وات) کی زیادتی ہوگی۔

یہ تمام جسم اور اس کے افعال کی اصولی تقسیم ہے۔ اس سے تشخیص اور علاج واقعی آسان ہو جاتا ہے۔ گویا اس طریقے کو سمجھنے کے بعد علم طب ظنی نہیں رہتا بلکہ یقینی طریق علاج بن جاتا ہے۔

**مفرد اعضاء کا باہمی تعلق:** مفرد اعضاء کا باہمی تعلق بھی ہے۔ اسی تعلق سے تحریکات ایک عضو سے دوسرے عضو کی طرف منتقل ہوتی ہیں۔ مثلاً جب غدد میں تحریک ہے تو اس امر کو ضرور جاننا پڑے گا کہ اس تحریک کا تعلق عضلات کے ساتھ ہے یا اعصاب کے ساتھ۔ کیونکہ اس تحریک کا تعلق کسی نہ کسی دوسرے عضو کے ساتھ ہونا ضروری ہے کیونکہ مزاجاً کبھی بھی کوئی کیفیت مفرد نہیں ہوتی۔ جیسے گرمی یا سردی کبھی تنہا نہیں پائی جائیں گی۔ وہ ہمیشہ گرمی تری یا گرمی خشکی ہوگی۔ اسی طرح سردی تری یا سردی خشکی ہوگی۔ یہی صورت اعضاء میں بھی قائم ہے۔ یعنی غدی عضلاتی (گرم خشک) یا غدی اعصابی (گرم تر) وغیرہ وغیرہ۔ البتہ اس میں اس امر کو ذہن نشین کریں کہ اول تحریک عضوی (مشینی) ہوگی۔ دوسری تحریک خلطی (کیمیاوی) طور پر ہوگی۔ جب کسی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



مفرد عضو میں تحریک ہو گی تو اس کا تعلق جس دوسرے مفرد عضو سے ہو گا اس کی کیمیاوی صورت خون میں ہو گی مثلاً غدی عضلاتی تحریک ہے تو اخلاط میں خشکی پائی جائے گی۔ جب غدی اعصابی تحریک ہو گی تو خون میں تری پائی جائے گی وغیرہ وغیرہ۔ ان کا یہ سلسلہ قائم رہے گا۔

**مفرد اعضاء کے باھمی تعلق کی چھ صورتیں :** مفرد اعضاء صرف تین ہیں لیکن اگر ان کا آپس میں تعلق ظاہر کیا جائے تو کل چھ صورتیں بن جاتی ہیں۔

۱۔اعصابی غدی ۲۔اعصابی عضلاتی۔

۲۔عضلاتی اعصابی۔ ۴۔عضلاتی غدی۔

۵۔غدی عضلاتی۔ ۶۔غدی اعصابی۔

یادرکھیں جو لفظ اول ہو گا وہ عضو کی تحریک ہے اور جو لفظ بعد میں ہو گا وہ کیمیاوی تحریک کہلاتی ہے۔ چونکہ کیمیاوی تحریک ہی صحت کی طرف جاتی ہے' اس لیے ہر عضو کی تحریک کے بعد اس سے جو کیمیاوی اثرات پیدا ہوں' انہی کو بڑھانا چاہتے۔ بس اسی میں شفاء ہے۔ یہی وجہ ہے کہ علاج بالمثل میں بھی ردعمل کی علامات کو بڑھایا جاتا ہے۔ اس مقصد کے لیے قلیل بلکہ قلِ مقدار میں بھی دوا نہ صرف مفید ہو جاتی ہے بلکہ اکثر اکسیر اور تریاق کا کام دے جاتی ہے۔

**طریق تشخیص :** تشخیص مرض کے لیے مریض کی مندرجہ ذیل باتوں کا معائنہ کریں۔ (۱) نبض (۲) چہرہ (۳) قارورہ ان تینوں میں سے ہر ایک شے پر یا جدا جدا پر بھی اگر کسی کو دسترس ہو تو فوراً مرض کی تشخیص ہو جاتی ہے۔ لیکن بہتر یہ ہے کہ ان تینوں کو دیکھنا چاہیے تاکہ ایک دوسرے کی وساطت سے تشخیص میں یقینی صورت پیدا ہو جائے۔ صرف نبض ہی سے یقینی طور پر تمام امراض کا علم ہو سکتا ہے۔ ان کے علاوہ بلغم' پاخانہ اور خون کا تجزیہ بھی تشخیص پر دلالت کرتے ہیں۔

تشخیص مرض کے لیے ضروری ہے کہ ہم اول عضلات کی حالت کا مطالعہ کریں۔ یعنی عضلات کی تینوں حالتوں تحریک' تحلیل اور تسکین میں سے کوئی ایک ضرور پائی جائے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



گی یعنی عضلات میں تحریک یا تحلیل یا تسکین ہو گی۔ جو عضلات کی حالت ہو گی وہی حالت پورے جسم پر غالب ہو گی۔ اس لیے جسم کی اس حالت یا صورت کو ہم مرض کا نام دیں گے۔

**تحریک کی علامات :** (۱) تیزی (۲) سوزش (۳) درد (مروڑ کی قسم کا) ان کی تشریح یہ ہے کہ جہاں پر تحریک ہو گی اس عضو میں ریاح کی زیادتی اور حرارت و رطوبت کی کمی پائی جائے گی۔ جس سے اس عضو میں انقباض بڑھتا جائے گا۔ طبیعت وہاں دوران خون کی کمی کا احساس کرے گی۔ اور اپنی طرف خون کو طلب کرنے کے لیے عضو کے فعل کو تیز کر دے گی۔ بعض حالتوں میں اس قدر انقباض پیدا ہو جاتا ہے کہ وہاں کی شریانیں پھٹ جاتی ہیں اور خون بہنا شروع ہو جاتا ہے۔ البتہ اس خشکی کی زیادتی کی وجہ سے حرارت ضرور پیدا ہو جاتی ہے۔ جس کی وجہ سے پہلے خارش شروع ہو جاتی ہے جس کے بعد سوزش کی صورت پیدا ہو جاتی ہے۔ اور سب سے آخر میں مروڑ کی طرح درد کی حالت پیدا ہو جاتی ہے۔

**تحلیل کی علامات :** (۱) تحلیل سے برف کی طرح جسم کا پگھل کر کمزور ہونا۔ (۲) دبلا پن۔ (۳) ضعف۔ تشریح یہ ہے کہ جہاں تحلیل ہو گی اس کی جگہ دوران خون کی زیادتی کی وجہ سے حرارت بڑھ جائے گی۔ ریاح کا اخراج شروع ہو جائے گا۔ حرارت کی زیادتی کی وجہ سے وہاں پر ہر قسم کی سوزش اور خشکی ختم ہو جائے گی۔ پھر ذرا زیادتی سے وہاں دبلا پن پیدا ہو جائے گا اور آخر میں ضعف واقع ہو جائے گا۔ جس سے حرکات میں کمی ہو جائے گی یا وہ بالکل بند ہو جائیں گی۔

**تسکین کی علامات :** (۱) تقویت (۲) تبرید (۳) تخدیر۔ تشریح یہ ہے کہ جہاں پر تسکین ہو گی اس عضو میں رطوبات کی زیادتی واقع ہو گی اور حرارت و ریاح نہیں پائے جائیں گے۔ اول رطوبت سے عضو کو غذائیت میسر آئے گی۔ جس سے وہاں پر تقویت ہو گی۔ جب رطوبت بڑھتی جائے گی اور جس کی مقدار بڑھ جائے گی تو اول تبرید پھر تسکین اور آخر میں تخدیر کا باعث ہو گی۔

**خاص علامات :** ذیل میں اعصابی، غدی اور عضلاتی تحریک کی خاص علامات تحریر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



کی جاتی ہیں:

**اعصابی تحریک :** جب اعصاب میں تحریک ہو تو چہرے اور جسم کے رنگ میں سفیدی، سر اور باقی جسم کے اعصاب میں درد جو انتہائی شدت اختیار کر لیتا ہے، رطوبات میں زیادتی۔ قارورہ سفید۔ کھاری پن۔ دل کا ڈوبنا۔ ہیضہ۔ آتشک۔ جسم پر باریک دانے، جریان منی، سیلان الرحم اور دمہ وغیرہ۔

**غدی تحریک :** جب غدد میں تحریک ہو تو چہرے اور جسم کا رنگ زرد، منہ سے لے کر مقعد تک تمام جگر یا کسی حصہ میں جلن۔ دل و سینے میں بے چینی اور سوزش۔ سوزشی یا گرم نزلہ۔ کھانسی۔ بلغم اور نزلہ میں زردی۔ قارورہ میں رسوب۔ امعاء۔ گردہ اور جگر میں خصوصیت کے ساتھ درد، پیٹ میں مروڑ اور خونی پیچش۔ یرقان۔ استسقاء۔ بخار۔ جسم پر پھوڑے پھنسیاں، اور سرعت انزال وغیرہ۔

**عضلاتی تحریک :** جب عضلات میں تحریک ہو تو چہرے کا رنگ سرخ۔ تمام جسم جکڑا ہوا۔ جسم میں درد۔ رطوبات کی بندش۔ نبض۔ قارورہ سرخ۔ اور اس میں ترشی پائی جائے گی۔ کھانسی۔ خشک دمہ۔ سل ودق۔ بلغم کی بندش اور گاڑھا پن۔ بند نزلہ، عضلات میں تناؤ اور حرکت۔ ورم۔ بڑے بڑے دل وغیرہ۔ اکثر احتلام ہوتا ہے۔

مزید تفصیل کے لیے حکیم انقلاب ڈاکٹر دوست محمد صابر ملتانی موجد طب مفرد اعضاء علاج بالغذا کی کتاب "تحقیقات سوزش و اورام" کا مطالعہ فرمائیے۔

**اصول علاج :** اصول علاج میں اول اس امر کو مدنظر رکھیں کہ اعصاب، غدد اور عضلات میں تحریک، تحلیل اور تسکین کی کیا کیا صورتیں پائی جاتی ہیں۔ اس کے بعد عضلات کی صورت کو خاص طور پر ذہن نشین کریں کیونکہ جو حالت عضلات میں پائی جائے گی وہی تمام جسم پر غالب ہو گی۔ اس لیے ہم مریض کی موجودہ حالت سے پوری طرح واقف ہو سکتے ہیں اور مریض کو بھی اس کی صحیح حالت سے آگاہ کر سکتے ہیں۔ اس طرح مریض اپنی حالت کو سمجھ کر نہ صرف خوش ہوتا ہے بلکہ نفسیاتی طور پر اس کا نصف مرض رفع ہو جاتا ہے۔ اس کے بعد علاج کی صورت یہ ہو گی کہ جس مقام پر آپ نے تسکین کو معلوم کیا۔ اس مقام پر تحریک پیدا کر دیں۔ مرض ختم ہو جائے گا اور مریض

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



صحت یاب ہو جائے گا۔ مثلاً ایک مریض کو ہیضہ ہے۔ قے اور اسہال آ رہے ہیں۔ یا پیٹ اور ہاتھ پاؤں میں اینٹھن پیدا ہو رہی ہے۔ مریض کو پیاس کی شدت ہے اور شاید اس کو غشیان آ رہی ہوں۔ تو ایسی حالت میں اعصاب میں تحریک غدد میں تحلیل اور عضلات میں تسکین ہو گی۔ اب معالج کا فرض ہے کہ عضلات میں تحریک پیدا کرے۔ البتہ یہ خیال رہے جس قدر زیادہ تسکین ہو گی اسی شدت سے تحریک پیدا کرنے کی کوشش کریں۔ ان شاء اللہ فوراً آرام کی صورت پیدا ہو جائے گی۔

**تجویز علاج:** تجویز علاج میں تین باتوں کو مدنظر رکھا جاتا ہے۔

(۱) علاج بالتدبیر: (i) اس میں اسباب مرض کو رفع کیا جاتا ہے اور اسبابِ ستہ ضروریہ کو مدنظر رکھا جاتا ہے۔

(ii) کیفیاتی اور نفسیاتی اثرات کو اعتدال پر لانا اور ان کے زیر اثر ماحول اور گرد و پیش کو باقاعدہ کرنا۔

(iii) پرہیز اور غذا میں باقاعدگی۔ اس کے لیے حکیم انقلاب نے جو چارٹ ترتیب دیا ہے وہ اس طرح ہے۔

**(۱) عضلاتی اعصابی اغذیہ (سرد خشک):** جب جسم میں اعصابی عضلاتی حالت ہو اور مزاج میں سردی تری ہو تو عضلاتی اعصابی غذائیں تجویز کی جاتی ہیں۔ حیوانی اغذیہ میں بھینس کا گوشت۔ مچھلی۔ سری پائے۔ دہی۔ زیادہ ترش لسی۔ میوہ جات میں ناریل۔ مونگ پھلی۔ کھاجا۔ پھلوں میں سیب۔ جامن۔ فالسہ۔ لیچی۔ مالٹا۔ رس بھری۔ آڑو ترش۔ اناس۔ بیر۔ سنگترہ۔ آلوچہ۔ اناج میں مکئی۔ جوار۔ باجرہ اور لوبیا اور سبزیوں میں آلو۔ مٹر۔ گوبھی۔ بینگن، املی اور ہر ترش چیز شامل ہے۔

**(۲) عضلاتی غدی اغذیہ (خشک گرم):** عضلاتی اعصابی امراض و علامات کے لیے حیوانی اغذیہ میں ہرن کا گوشت۔ کبوتر کا گوشت۔ گائے کا گوشت۔ میوہ جات میں پستہ۔ اخروٹ۔ کھجور یا بس۔ کشمش۔ منقی۔ انجیر۔ پھلوں میں آڑو شیریں۔ اناج میں مسور۔ چنے اور سبزیوں میں پالک۔ کریلے۔ ٹماٹر۔ کچنال۔ سرسوں کا ساگ اور پیاز شامل ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**(۳) غدی عضلاتی اغذیہ (گرم خشک):** جب جسم میں عضلاتی غدی حالت ہو تو مندرجہ ذیل اغذیہ تجویز کی جاتی ہیں۔ حیوانی اغذیہ میں بکری کا گوشت۔ مرغی کا گوشت۔ انڈے۔ تیتر کا گوشت۔ میوہ جات میں چلغوزہ۔ پھلوں میں آم شیریں۔ کھجور تر اور شیریں۔ خوبانی۔ آلو بالو۔ شہتوت۔ اناج میں چنے۔ سبزیوں میں میتھی۔ ساگ۔ ادرک۔ سرخ مرچ۔ لہسن اور پیاز۔

**(٤) غدی اعصابی غذائیں (گرم تر):** جب جسم میں غدی عضلاتی حالت ہو تو مندرجہ ذیل غذائیں تجویز کریں۔ حیوانی اغذیہ میں تیتر۔ بٹیر۔ مرغابی کا گوشت، بطخ کا گوشت اور انڈے۔ بکری کا دودھ۔ میوہ جات میں بادام پھلوں میں انگور تازہ شیریں۔ خربوزہ۔ میٹھا۔ اناج میں گیہوں۔ مونگ اور سبزیوں میں ٹینڈے اور بھنڈی شامل ہیں۔

**(٥) اعصابی غدی غذائیں (تر گرم):** جب جسم میں غدی اعصابی حالت ہو تو اس وقت مندرجہ ذیل غذائیں تجویز کریں۔ حیوانی اغذیہ میں گائے کا دودھ۔ مغزیات، پھلوں میں ناشپاتی۔ کیلا شیریں۔ آلو بخارا۔ امرود زرد رنگ کا۔ اناج میں دال ماش۔ ساگودانہ اور سبزیوں میں مولی۔ گاجر۔ کدو۔ توری۔ اروی۔ حلوہ کدو شامل ہیں۔

**(٦) اعصابی عضلاتی غذائیں (سرد تر):** جب جسم میں اعصابی غدی حالت ہو تو مندرجہ ذیل غذائیں مفید ہوتی ہیں، حیوانی اغذیہ میں مچھلی۔ سری پائے اور دماغ بغیر نمک مرچ کے۔ بھینس کا دودھ۔ انڈے کی سفیدی۔ میوہ جات میں مغزیات کا شیرہ۔ پھلوں میں انار شیریں۔ تربوز۔ امرود برنگ سرخ۔ اناج میں چاول۔ اور سبزیوں میں شلجم۔ چقندر۔ کھیرا اور ککڑی شامل ہیں۔ تفصیل کے لیے حکیم انقلاب کی کتاب ''تحقیقات علاج بالغذا'' کا مطالعہ فرمائیں۔

**(۴) علاج بالادویات:** ازالہ مرض کے لیے دوسری اہم چیز ادویاتی علاج ہے۔ مجدد طب، موجد طب مفرد اعضاء حکیم انقلاب ڈاکٹر دوست محمد صابر ملتانی نے اعصاب، غدد اور عضلات کو تحریک دینے کے لیے درجہ بدرجہ مرکبات و مجربات پر مشتمل فارما کوپیا ترتیب دیا ہے۔ جس کا مختصراً ذکر کیا جاتا ہے:

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# اعصابی مجربات (غدی عوارض کے لیے)

اس کی دو صورتیں ہیں: (۱) اعصابی غدی' (۲) اعصابی عضلاتی۔

**(۱) اعصابی غدی محرک :** سہاگہ۔ ملٹھی ہر ایک سات تولہ۔ سفوف کریں۔ خوراک ایک ماشہ سے چھ ماشہ تک حسب ضرورت۔

**(۲) اعصابی غدی محرک شدید :** مندرجہ بالا میں شیر مدار نصف تولہ کا اضافہ کریں۔ خوراک ایک رتی تا ایک ماشہ۔

**(۳) اعصابی غدی ملین :** محرک شدید میں ریوند چینی چار تولہ اضافہ کریں۔ خوراک ایک رتی تا ایک ماشہ حسب ضرورت۔

**(٤) اعصابی غدی مسهل :** نمبر۳ میں سقمونیا ۵ تولہ کا اضافہ کریں۔ خوراک دو رتی تا دو ماشہ۔

**(۵) اعصابی عضلاتی محرک :** شورہ قلمی تین تولہ۔ تخم کاسنی پانچ تولہ۔ سفوف بنائیں۔ خوراک ایک تا تین ماشہ۔

**(٦) اعصابی عضلاتی محرک شدید :** نمبر۵ میں جوکھار ۵ تولہ شامل کریں۔ خوراک ایک ایک ماشہ تا ۳ ماشہ۔

**(۷) اعصابی عضلاتی ملین :** نمبر ٦ میں گل سرخ ۸ تولہ شامل کریں۔ خوراک ایک تا ۳ ماشہ۔

**(۸) اعصابی عضلاتی مسهل :** نمبر ۷ میں کالا دانہ ۲۰ تولہ شامل کریں۔ خوراک ایک تا ۳ ماشہ۔

# عضلاتی مجربات (اعصابی عوارض کے لیے)

**(۹) عضلاتی اعصابی محرک :** کرنجوہ۔ آملہ ہر ایک ۵ تولہ۔ سفوف بنا لیں۔ خوراک ایک تا ۳ ماشہ۔

**(۱۰) عضلاتی اعصابی محرک شدید :** نمبر ۹ میں پھٹکڑی بریاں ۱۰

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



تولہ شامل کریں۔ خوراک ۴ رتی تا ۲ ماشہ۔

**(۱۱) عضلاتی اعصابی ملین :** نمبر ۱۰ میں ہلیلہ سیاہ سوختہ ۲۰ تولہ شامل کریں۔ خوراک ایک تا ۴ ماشہ۔

**(۱۲) عضلاتی اعصابی مسہل :** نمبر ۱۱ میں جلاپا ۲۰ تولہ ملا لیں۔ خوراک ایک تا ۳ ماشہ۔

**(۱۳) عضلاتی غدی محرک :** لونگ ایک تولہ۔ دارچینی ۳ تولہ۔ سفوف بنا لیں۔ خوراک ۴ رتی تا ایک ماشہ۔

**(۱٤) عضلاتی غدی شدید :** نمبر ۱۳ میں جاوتری ۲ تولہ شامل کر لیں۔ خوراک ۴ رتی تا ایک ماشہ۔

**(۱۵) عضلاتی غدی ملین :** نمبر ۱۴ میں مصبر ۶ تولہ شامل کریں۔ خوراک ۴ رتی تا ایک ماشہ۔

**(۱٦) عضلاتی غدی مسہل :** نمبر ۱۵ میں حنظل ۴ تولہ اضافہ کریں۔ خوراک ۴ رتی تا ایک ماشہ۔

## غدی مجربات (عضلاتی عوارض کے لیے)

**(۱۷) غدی عضلاتی محرک :** اجوائن دیسی۔ تیز پات ہر ایک ۴ تولہ سفوف بنائیں۔ خوراک ایک تا ٦ ماشہ۔

**(۱۸) غدی عضلاتی شدید :** نمبر ۱۷ میں ۴ تولہ رائی شامل کری۔ خوراک ایک تا ۳ ماشہ۔

**(۱۹) غدی عضلاتی ملین :** نمبر ۱۸ میں ۱۲ تولہ گندھک ملا لیں۔ خوراک نصف ماشہ تا ۲ ماشہ۔

**(۲۰) غدی عضلاتی مسہل :** نمبر ۱۹ ایک تولہ جمالگوٹہ شامل کریں۔ خوراک ایک تا ۴ رتی۔

**(۲۱) غدی اعصابی محرک :** زنجبیل ۵ تولہ۔ نوشادر ۲ تولہ سفوف کریں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



خوراک ۲ رتی تا ۲ ماشہ۔

**(۲۲) غدی اعصابی شدید :** نمبر ۲۱ میں فلفل سیاہ ایک تولہ شامل کریں۔ خوراک ۲ رتی تا دو ماشہ۔

**(۲۳) غدی اعصابی ملین :** نمبر ۲۲ میں سنا مکی ۸ تولہ شامل کریں۔ خوراک ۳ رتی تا ۳ ماشہ۔

**(۲٤) غدی اعصابی مسهل :** نمبر ۲۳ میں ریوند عصارہ ایک تولہ شامل کریں۔ خوراک ایک رتی تا دو ماشہ۔

مزید تفصیلات یعنی اعصابی غدی اور عضلاتی اکسیرات۔ تریاقات۔ مقویات۔ روغنیات۔ اکحلہ اور دیگر بالاعضاء مجربات و مرکبات کے لیے تحقیقات فارماکوپیا اور مجربات قانون مفرد اعضاء کا مطالعہ فرمائیں اور فائدہ اٹھائیں۔

## (۳) علاج بالید (آپریشن)

چیرنے پھاڑنے میں ہم کو تین صورتیں سامنے رکھنا پڑیں گی۔

(۱) کسی تیز دھار آلہ سے جسم کی قطع و برید کرنا اور جلا دینا۔

(۲) ادویات سے جسم کو پھاڑنا کھولنا اور امالہ کرنا۔

(۳) کیفیاتی اور نفسیاتی اثرات سے جسم کے کسی حصے کو چیرنا' پھاڑنا اور امالہ کرنا۔

اگرچہ تینوں صورتیں پہلے بھی رائج ہیں لیکن ان کی تخصیص اور تمیز کو کہیں بیان نہیں کیا گیا۔ سب سے بڑی بات یہ ہے کہ آج تک علاج بالید میں غیر شعوری طور پر عمل کیا گیا ہے اور علاج کے افعال و اثرات مدنظر رکھ کر کوئی عمل نہیں کیا گیا ہے اگر غور کیا جائے تو یہ بھی ایک مستقل طریق علاج ہے۔ لیکن اس طرف خصوصی توجہ نہیں دی گئی۔

## اس طریق علاج کے امتیازات

اس طریق علاج کے تحت تقسیم امراض و علامات میں بہت سی خوبیوں میں سے چند ایک درج ذیل ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

(ا) یقینی تشخیص؛ (۲) بے خطا علاج۔ (۳) امراض کی ماہیت پر یقین۔ (۴) تجویز علاج میں سہولت۔ (۵) مرض کا صرف ایک ہی بار بیان ہونا۔ (۶) مختلف امراض میں شک و شبہ پیدا نہ ہونا۔ (۷) دنیا بھر کے تمام طریق ہائے علاج کی صحیح تشخیص اور درست تجویز کے لیے ایک کسوٹی۔ (۸) اس کے تحت تقسیم امراض سمجھ کر غلط طریق علاج کو ترک کرنا اور مشکل تشخیص اور دشوار تجویز سے اجتناب۔ (۹) امراض کی تعداد کا تعین۔ اس کے بعد نئے امراض کی تحقیقات ختم ہو گئی ہے جیسا کہ ایلو پیتھک اہل فن و صاحب علم اور عوام نت نئے امراض کے نام سے دھوکہ دیتی ہے (۱۰) مرض کے مختلف بے معنی اسباب کا خاتمہ اور صحیح اسباب کا تعین (۱۱) غیر محدود و طویل علامات کی تجدید برائے آسانی تشخیص۔ (۱۲) دنیا بھر کے طریق ہائے علاج کی حقیقت کا آشکارا ہونا۔

## آخری بات

کوشش کی گئی ہے کہ اس باب میں طب مفرد اعضاء کو ذہن نشین کرایا جا سکے تاکہ معالجین مجربات کے اس ذخیرہ صادقہ سے بھرپور استفادہ کر سکیں۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ میں حق نہیں ادا کر سکا۔ ہر معالج کو جو طب مذکور کو سمجھنا اپنانا چاہتا ہے وہ اپنے قرب و جوار میں اس طریق علاج کے کسی ماہر معالج کو تلاش کر کے اور ان سے استفادہ کرے۔ بہرحال ہر طالب کو چاہیے کہ حکیم انقلاب صابر ملتانی کی تصانیف بار بار پڑھے۔ ان شاء اللہ گوہر مقصود موجود ہوگا۔

اگر کوئی صاحب باقاعدہ طب مفرد اعضاء کا علم حاصل کرنا چاہتا ہے تو حکیم شبیر احمد راں جنرل سیکرٹری تحریک تجدید طب رجسٹرڈ پاکستان سے ملے۔ حکیم انقلابؒ میڈیکل ریسرچ اینڈ ہیلتھ ایجوکیشن انسٹی ٹیوٹ، موڑ ایمن آباد۔ گوجرانوالہ۔

آخر میں دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ تمام معالجوں کو کما حقہ علاج کرنے کی توفیق بخشے اور سب کو دنیا اور آخرت کی بھلائیوں اور انعامات سے نوازے۔ آمین۔

و آخر دعوانا عن الحمدللہ رب العلمین۔

❀❀❀